For more visit (exponovels.com)

رشتے محبت کے

مصباح خالد

”چھوڑو بچی کو تم لوگ کہاں لے جا رہے ہو اسے چھوڑ دو ورنہ اچھا نہیں ہو گا“

”یہ لڑکے کہاں سے آگ ئے باس انھوں نے تو ہمیں دیکھ لیا ہے اب کیا کریں“

”ابے چھوڑ اس آفت کو گاڑی میں آکر بیٹھ نکلتے ہیں“

”اوکے باس چھوڑ دیا چلو“

سعد ذایان انیک تینوں بھائی ی دوپہر کے وقت اسکول سے واپس آرہے تھے شدید گرمی کی وجہ سے سڑک پر سناٹے کا راج تھا

ایک معصوم بچی کی چیخوں پکار نے دوپہر کے سناٹے کو توڑا

کچھ لوگ ایک معصوم گڑیا کو اغوا کر کے لے نجا رہے تھے وہ ننھی گڑیا خود کو چھڑوانے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہی تھی شور مچا رہی تھی

پندرہ سالہ سعد نے یہ منظر دیکھا تو اس ننی گڑیا کو بچانے کے لیے دوڑ لگا دی تیرہ سالہ ذایان اور گیارہ سالہ انیک نے بھی سعد کی پیروی کی چھوٹی عمر میں تینوں بھائی یوں کا قد قامت اچھا تھا سعد تو اپنی عمر سے بڑا معلوم ہوتا تھا پندرہ سال کا ہوتے ہوئے وہ اٹھارہ سالہ جوان لڑکا لگتا تھا

اغواکاروں نے ان تینوں کو آتا دیکھا تو بچی چھوڑ کر دم دبا کر بھاگ نکلے

"گڑیا ٹھیک ہو نا چوٹ تو نہیں لگی نہ"

سعد نے اس ننھی گڑیا سے پیار سے پوچھا

"بھیا وہ گندے انکل مجھے زبردستی لے جا رہے تھے"

ننھی گڑیا نے روتے روتے جواب دیا

"نہیں نہیں گڑیا ایسے روتے نہیں وہ گ ئے اب نہیں آئی یں گے اگر آ ئے تو ہم تینوں بھائی ی مل کر بہت مارے گے چلو اب رونا بند کرو اور یہ بتاؤ آپ اتنی دوپہر میں یہاں اکیلی کیا کر رہی ہو آپ کے ساتھ کوئی ی بڑا کیوں نہیں ہے"

سعد نے ننی گڑیا کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

"بھیا مجھے چیز لینی تھی اسی لیے میں ماما سے چھپ کے چیز لینے آ گ ئی"

ننھی گڑیا نے جواب دیا

"دیکھ لیا ماما سے چھپ کے گھر سے نکلنے کا انجام"

ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

"مجھے نہیں پتا کچھ مجھے چیز لینی ہے"

ننھی گڑیا نے ضد کی

"اچھا گڑیا رونا بند کرو ہم دلا دیں گے چیز" انیک نے جواب دیا

"بھیا کتنی کیوٹ گڑیا ہے نہ یہ"

ذایان نے ننھی گڑیا کا گال پکڑتے ہوئے کہا

"ہاں بہت پیاری ہے چلو چیز دلائی ے اس کو پہلے"

سعد نے ننھی گڑیا کو گود میں لیتے ہوئے کہا

"بھیا وہ گڑیا کے بال چاہیے مجھے"

ننھی گڑیا نے فرمائی ش کی

"گڑیا کے بال وہ کہاں ملیں گے"

ذایان نے سر کھجاتے ہوئے کہا

"بھیا وہ جو سامنے انکل کھڑے ہیں ٹھیلے والے ان سے"

ننھی گڑیا نے سامنے کھڑے ٹھیلے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

"اوہ کوٹن کینڈی کہو نہ"

انیک نے ٹھیلا دیکھتے ہوئے جواب دیا

سعد نے ننھی گڑیا کو خوب ساری چیزیں دلا دی

"اب بتاؤ آپ کا گھر کہاں ہے"

"وہ اس گلی میں" ننھی گڑیا نے ایک گلی کی طرف اشارہ کیا

گلی میں پہنچ کر سعد نے گھر پوچھا

"وہ والا ہے بھیا"

ننھی گڑیا نے ایک گھر کی طرف اشارہ کیا

"ارے واہ یہ برابر والا گھر ہمارا ہے"

ذایان نے خوشی سے کہا

انیک نے بیل بجائی ی

"آرہی ہوں"

اندر سے ایک خاتون کی آواز آئی ی

"میری بچی"

خاتون نے دروازہ کھولا اپنی بچی غیر لڑکوں کے ہاتھ میں دیکھی تو بے تابی سے اس لڑکے کے ہاتھ سے اپنی بچی واپس لے لی

"انٹی گھبرائیے نہیں ہم اسے گھر لائے ہیں کچھ لوگ اس ننھی گڑیا کو اغوا کر کے لے جارہے تھے" سعد نے خاتون کا ڈر ختم کیا

"بچوں مجھے معاف کردو میں نے منا بھی کیا تھا اس کو باہر جانے سے یہ نظر بچا کر نکل گ ئی" رکشی بیگم (بچی کی امی) شرمندہ شرمندہ سی بولیں

"کوئی ی بات نہیں آنٹی آپ اس ننھی گڑیا کو ہمارے گھر بھیج دیا کریں یہ برابر والا گھر ہمارا ہے" ذایان نے گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

"اوہ بچوں آپ لوگ سنبھال لوگے اسے بہت ضدی ہے یہ"

رکشی بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

"انٹی ویسے اس ننھی پری کا نام کیا ہے اور یہ کتنے سال کی ہے"

For more visit (exponovels.com)

چپ کھڑے انیک نے بھی گڑیا کے متعلق جانکاری میں اضافہ کرنا چاہا

"بیٹا اس کا نام علیزے ہے اور یہ صرف چھ سال کی ہے"

رکشی بیگم نے انیک کی جانکاری میں اضافہ کیا

"اوکے انٹی اب ہم چلتے ہیں ماما انتظار کر رہی ہونگی خدا حافظ"

سعد کو ماں کی یاد آئی ی جو گھر پر ان تینوں کا کھانے پر انتظار کر رہیں تھیں

"اوکے بچوں خدا حافظ" رکشی بیگم نے تینوں بھائیوں کو رخصت کیا

"بھیا میں آج شام کو آپ کے گھر کھیلنے آجاؤں علیزے نے کورٹن کینڈی کھاتے ہوئے پوچھا

"جی گڑیا ضرور آنا ہم خوب مستی کریں گے" ذایان نے ننھی علیزے کو جوش دلایا

"اوکے بھیا خدا حافظ"

"خدا حافظ گڑیا".

♥ چھوٹے ہیں ہم بڑے بھی ہوں گے

پھر ایک دن ایک دوسرے کے بھی ہونگے ♥

"اَلسَلامُ عَلَیکُم میری پیاری مما" سعد دروازہ کھولتے ہی ماں سے لپٹ گیا

یہ طریقہ تھا سعد کا مما کی ناراضگی سے بچنے کا

"سعد بھائی ی اتنا زیادہ مکھن کہاں سے لاتے ہو" ذایان نے سعد کے کندھے پر ہاتھ رکھا

"جہاں سے تم اتنی ساری شرارتے لاتے ہو ذایان"

انیک نے بھی سعد کے دوسرے کندھے پر ہاتھ رکھا

”جتنے بڑے ہو رہے ہو نہ تم تینوں اتنے ہی شرارتی ہوتے جارہے ہو چلو سیدھا اندر۔ فریش ہو کر آؤ میں کھانا لگا رہی ہوں پھر مجھے دیر سے گھر آنے کی وجہ بھی بتانا“

کوثر بیگم نے (لڑکوں کی ماں) تینوں کو الگ کیا

اوکے مما تینوں نے اپنے اپنے کمرے کی راہ لی

اس گھر میں چار کمرے تھے افراد بھی چار ہی تھے تین بھائی ایک ان کی ماں والد وفات پا چکے تھے کوثر بیگم پڑھی لکھی تھیں شوہر کی وفات کے بعد انھوں نے گھر چلانے کے لیے گورنمنٹ کالج میں ٹیچر کا شعبہ اختیار کرلیا اور ساتھ تینوں لڑکوں کی مثالی تعلیم و تربیت کی تینوں لڑکے بہت لائق تھے سعد اپنے چھوٹے بھائی یوں پر جان چھڑکتا تھا ذایان اور انیک بھائی کا سایا بن کے رہتے تھے محبت اخلاق عزت و قار سے گندے یہ لڑکے اپنی ماں کے لاڈلے تھے

”اَلسَلامُ عَلَيُكُم بہن“

”وَعَلَيُكُم السَّلام معاف کیجیے میں آپ کو پہچانی نہیں“ کوثر بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

”ارے ہم آپ کے پڑوسی ابھی کچھ دن پہلے شفٹ ہوئے ہیں آج آپ کے بچوں نے میری بیٹی کو بچایا تھا“

رکشی بیگم نے پہلو میں کھڑی علیزے کو سامنے کیا

”اچھا اچھا آپ بچوں نے مجھے بتایا تھا آئیں آپ اندر“ کوثر بیگم نے خوشدلی سے کہا

”جی آؤ علیزے“ رکشی بیگم علیزے کا ہاتھ پکڑے اندر آگئیں

”ماشاءاللہ آپ کی بیٹی کتنی پیاری ہے بلکل کانچ کی گڑیا جیسی“ کوثر بیگم نے علیزے کے کوٹن کینڈی جیسے رخسار باری باری چومے

”جی بس اوپر والے نے میری بچی کو بنایا ہی ایسا ہے ہر کوئی اس کا دیوانہ ہو جاتا ہے“ رکشی بیگم نے اپنی کانچ کی سی دیکھنے والی بیٹی کو دیکھا

”جی بلکل سہی کہہ رہی ہیں مجھے بھی بیٹی کی بڑی خواہش تھی مگر اللہ نے مجھے تین بیٹوں سے نوازہ میں شکر گزار ہوں اس رب کی اس نے میری گود خالی نہیں رکھی“

کوثر بیگم نے عاجزی سے کہا

”جی مجھے بھی یہ رحمت ہماری شادی کے دس سال بعد عطا ہوئی ہے میرے شوہر بڑے صبر والے ہیں کبھی امید نہیں چھوڑی انھوں نے اس رب سے آخر کار ہمیں اپنے صبر کا اجر ہماری بیٹی کے روپ میں مل گیا“

رکشی بیگم نے اپنی آپبیتی سنائی

”تینوں بھیا کہاں ہیں“علیزے ان کی باتوں سے بور ہو گئی تھی

”بیٹا وہ کمرے میں پڑھائی کر رہے ہیں چلو آپ کو لے چلوں“ کوثر بیگم نے پیار سے کہا

”وہ آپ مجھے کوئی مدرسہ اور اچھا ٹیوشن بتا دیں علیزے کے لیے میں یہاں کسی کو جانتی نہیں اسکول تو میں نے لگا دیا ہے بس ٹیوشن مدرسے کا مسئلہ ہے“

رکشی بیگم نے اپنا مسئلہ کوثر بیگم کے گوش گزار کیا

”تو آپ پریشان کیوں ہوتی ہیں اس ننھی گڑیا کو تو میرا اسعد پڑھا دے گا ذیان انیک کو بھی وہ ہی پڑھاتا ہے یہاں یہ کھیل بھی لیا کرے گی اور پڑھ بھی لیا کرے گی“

کوثر بیگم نے رکشی بیگم کا فوراً مسئلہ حل کیا

”چلیں ٹھیک ہیں بہن پھر سنبھالیں آپ اس کو میں چلتی ہوں خدا حافظ“

رکشی بیگم نے واپسی کی راہ لی

”ٹھیک ہے بہن پھر آئی یے گا“ کوثر بیگم نے خوشدلی سے کہا

”جی ضرور علیزے گڑیا تنگ نہیں کرنا کسی کو“ رکشی بیگم نن گڑیا کو تنبیہ کرنا نہیں بھولیں

”جی مما نہیں کروں گی کسی کو تنگ“

علیزے مسکرائی ی

”بھیا میں آگ ئی“ علیزے نے سعد کے کمرے میں داخل ہوتے ہی اپنے آنے کی اطلاع دی

تینوں بھائی ی پڑھنے میں مصروف تھے ننھی گڑیا کو دیکھ کر کھل اٹھیں

”بھائی ی آج تو چھٹی دے دیں مجھے ننھی گڑیا کے ساتھ کھیلنا ہے“ ذایان نے پہلی فرصت پڑھائی ی سے جان چھڑانی چاہی

”جی بھائی ی آج دے دیں نہ چھٹی پلیز انیک نے بھی چھٹی کی درخواست دی“

بیٹا آج دے دو چھٹی کل سے گڑیا اور ان دونوں کو ساتھ پڑھانا گڑیا کی مما سے میں نے بات کرلی ہے یہ بھی کل سے یہی پڑھے گی“ کوثر بیگم کا بھی ووٹ مل گیا اب تو چھٹی لازمی ہے

”چلیں ٹھیک ہے سب کی یہی مرضی ہے تو میں کیا بول سکتا ہوں“

سعد نے چھٹی کی درخواست قبول کرلی

”بھیا کی چھشی ہو گ ئی اب ہم کھلیں گے“

علیزے نے کھکھلا کر تالیوں کی سر بجائی ی

اس دن وہ تینوں بھائی ی ننھی علیزے کے ساتھ بچپن میں پہنچ گ ئے تھے پورے دن خوب ہلا گلا کرنے کے بعد ننھی علیزے تھک کر سو گ ئی تھی

سعد کو ہی اسے گود میں اٹھا کر اس کے گھر چھوڑ کے آنا پڑا.

کچھ ہی دنوں میں ننھی گڑیا تینوں بھائی یوں سے گھل مل گ ئی تھی لگتا ہی نہیں تھا علیزے رکشی بیگم کی بیٹی ہے یا کوثر بیگم کی

کوثر بیگم کی تین لاڈلوں کی لسٹ میں بھی ایک لاڈلی کا اضافہ ہو گیا تھا۔

دونوں گھر ایک ہی لگتے تھے آپس کی محبتوں میں دن بہ دن اضافہ ہوتا چلا جا رہا تھا علیزے کی آدھی تربیت رکشی بیگم کے گھر ہو رہی تھی تو آدھی کوثر بیگم کے گھر۔

سعد نے بھی علیزے کو پڑھانے کی ذمہ داری سنبھال لی تھی ہر کلاس میں علیزے پوزیشن لیتی تھی علیزے کے سونے کے بعد اسے گود میں اٹھا کر گھر چھوڑنے کی ذمہ داری بھی سعد کی تھی

ذایان ننھی گڑیا کے لیے کسی سے بھی لڑنے کو تیار رہتا ہفتے مہینے میں کوئی ی نہ کوئی ی عورت اپنے لعل کا لال منہ لے کر لال کرنے والے کے گھر پر کھڑی ہوتی یعنی ذایان کے گھر

ذایان سے وجہ پوچھی جاتی تو ایک ہی ہوتی تھی گڑیا کو تنگ کر رہا تھا یہ بچہ اس لیے میں نے مارا پھر سعد سے پٹائی ی بھی لگتی تھی ذایان ننھی علیزے کے لیے وہ بھی خوشی خوشی کھا لیا کرتا تھا

انیک گڑیا کا سینٹا کلوز تھا وہ جو مانگتی بھاگا بھاگا لے آتا چاہے خود کی ساری پاکٹ منی کی قربانی دینی پڑے

علیزے سب کی جان تھی وہ ننھی گڑیا آہستہ آہستہ بڑی ہو رہی تھی ننھی گڑیا کو لوگوں کا دیکھنے کا نظریہ بدل رہا تھا کیونکہ وہ ہر وقت سعد ذایان انیک تینوں میں سے کسی نہ کسی کے ساتھ پائی ی جاتی تھی گلی کی عورتیں علیزے کو

ان کے ساتھ دیکھ کر طوبہ طوبہ کرتی آگے بڑھ جاتیں علیزے یہ سب دیکھ کر بھائی یوں کا منہ تکتی وہ مسکرا کر اسے بہلا دیتے وہ معصوم سی گڑیا بہل بھی جاتی تھی

"ہائے ہماری چھیپکلی آگ ئی کیا"

"انیک بھائی ی میں کہاں سے چھپکلی نظر آرہی ہوں آپ کو"

"ارے چھوٹے یہ چھپکلی نہیں بندریا ہے" دونوں بھائی یوں نے ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارا

"چپ کرو تم دونوں یہ نہ چھپکلی ہے نہ بندریا ہے" سعد نے علیزے کے کندھے پر بازوں پھیلایا

"یس میرے سعد بھائی ی آگ ئے اب پتا چلے گا دونوں کو" علیزے خوش ہوئی ی

"یہ تو چڑیل ہے" سعد نے اپنی بات پوری کی تینوں بھائی یوں نے ایک ساتھ قہقہ لگایا

علیزے منہ کھلے حیرت کے سمندر میں غوطے کھارہی تھی سعد نے بھی اسے چڑیل کہہ دیا جو ہمیشہ ان کی شراتوں سے علیزے کو بچاتا تھا

"جای ئے میں آپ تینوں سے بات ہی نہیں کرتی جارہی ہوں میں گھر"

علیزے کو تینوں بھائی یوں کے قہقے ہضم نہیں ہوئے

علیزے رخ موڑ کر منہ بنائے راہداری کی طرف چلدی

"ارے اچھا سوری سوری"

تینوں بھائی ی کان پکڑے علیزے کے سامنے کھڑے تھے تینوں کو کان پکڑے دیکھ کر علیزے کا قہقہ ہوا میں بلند ہوا

”ٹھیک ہے ٹھیک ہے معاف کیا“علیزے نے اپنی ہنسی کو بریک لگایا

تینوں بھائی ی بہن کے خوش ہونے پر خوش تھے لیکن یہ منظر دیکھ کر سامنے کھڑی صائی مہ جل کر خاک ہوگ ئی تھی

”چلو گڑیا جا کر مما کے ساتھ میلاد میں بیٹھوں ہم کھانے کا انتظام دیکھ لیں“ سعد کو کھانے کے انتظام کی فکر ہوئی ی

”جی بھیا“علیزے نے میلاد کی طرف رخ کیا جہاں نعت خواں اپنی آواز کا سحر سب پر پھونک رہی تھی

آج کوثر بیگم کے شوہر کی برسی تھی تو تینوں بیٹوں نے میلاد کا اہتمام کیا تھا رشتے دار تو تھے نہیں کوئی ی سب محلے والوں کو بلایا تھا جس میں ایک صائی مہ بھی تھی جو ہمیشہ سے علیزے سے جلتی آئی ی تھی وجہ یہ تھی سعد صائی مہ کو منہ نہیں لگاتا تھا لیکن علیزے سے بہت محبت کرتا تھا اور صائی مہ کے بقول صائی مہ سعد سے بہت محبت کرتی ہے

وہ تینوں تو چلے گ ئے صائی مہ نے علیزے پر اپنے طعنوں کے تیر چلانے شروع کر دی ئے

”ہیلو علیزے کیسی ہو“

”جی صائی مہ آپی میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں“

”تمھارے ہوتے ہوئے میں کیسے ٹھیک ہو سکتی ہوں آخر تم چاہتی کیا ہو سعد کا پیچھا چھوڑ کیوں نہیں دیتی ذایان اور انیک ہیں نہ تمھارے لیے ان کے ساتھ اف ئیرز چلاؤ ں نہ میرے سعد کو تو بخش دو“

صائی مہ نے سولہ سالہ معصوم سی علیزے پر اپنا غصہ نکال دیا

”آپی یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ وہ تینوں بھائی ی ہیں میرے میں نے ایسا کبھی نہیں سوچا“علیزے کی ہرنی جیسی آنکھوں میں آنسوں چمک رہے تھے

”تم مجھے بیو قوف سمجھتی ہو جو تمھاری باتوں میں آجاؤں گی تمھیں تو میں۔۔۔

”صائمہ خبردار میری گڑیا کے بارے میں ایک لفظ بھی اور غلط نکالا تو اچھا نہیں ہو گا تمھارے لیے ورنہ میری گڑیا کی آنکھوں میں آنسو لانے والے کو میں بخشتا نہیں ہوں جس کے لیے تمھیں بلایا ہے نا جا کر وہی کرو“

سعد نے منٹوں میں علیزے کا بدلہ لیا اور صائمہ کی خوب عزت افزائی ی کی

سعد کسی کام سے گھر میں آیا تھا صائمہ کی

باتیں سن کر سعد سے برداشت نہیں ہوا اور صائمہ کا غصہ صائمہ پر ہی اتارا

صائمہ نے وہاں سے نکلنے میں ہی آفیت جانی وہ منہ کے زاویے بگاڑتی وہاں سے چلی گ ئی

”گڑیا“

”جی بھیا“

”میں نے کیا سکھایا ہے ہمیشہ برے لوگوں کی غلط باتوں پر اپنے یہ قیمتی موتی زایعہ نہیں کیا کرو اور ویسے بھی یہ موتی تمھاری رخصتی کے وقت کام آئی یں گے“

سعد نے علیزے کو بہلایا ہمیشہ کی طرح وہ بہل بھی گ ئی

”بھیا مجھے نہیں جانا رخصت ہو کر میں تو آپ کے ساتھ رہوں گی ہمیشہ “علیزے نے سعد کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالا

”اچھا بھ ئی تم ہمیشہ میرے ساتھ رہنا چلو اب جاؤ مما کے پاس“ سعد نے ہار مان لی

”اوکے بھیا“علیزے میلاد سننے چلی گ ئی سعد اپنے کام سے چلا گیا.

”ساتھ تو لکھا قسمت میں ہمارا

لیکن کچھ مشکلوں کے بعد.“

”یہ یہاں کب آ کر سوئی ی میں تو سمجھ رہا تھا یہ گھر پر چلی گ ئی اپنے“

ہرے رنگ کی پٹیالہ شلوار پر لال کرتی گلے میں نیٹ کا ڈوپٹا ہونٹوں پر گلابی لپیسٹک وہ اپنے چہرے پر سارے جہاں کی معصومیت سجائے بے خبر سعد کے کمرے میں سو رہی تھی

محفل میلاد ختم ہو چکی تھی لوگ اپنے گھروں کو لوٹ گ ئے تھے پر علیزے نے اپنے گھر جانے کی زحمت نہیں کی تھی وہ تھک گ ئی تھی نیند بھی بہت تیز آ رہی تھی جس کا کمرا ملا وہی جا کر سو گ ئی سب سمجھ رہے تھے وہ گھر چلی گ ئی پر وہ علیزے ہی کیا جو سعد کے بازوں میں گھر نہ جائے

سعد علیزے کو اٹھانے کے ارادے سے آگے بڑھا 26 چھبیس سالہ سعد سولہ سالہ علیزے کے حسن کے سحر میں کھو گیا بے خودی میں سعد نے علیزے کے چہرے پر آئے بال کان کے پیچھے کیے علیزے کسمسائی ی سعد علیزے کے سحر سے واپس آیا اور اپنا ہاتھ کھینچ لیا

”یہ میں کیا کر رہا تھا یہ لڑکی پٹوائے گی مجھے مما سے علیزے اٹھو چلو تمھیں گھر چھوڑ کر آؤں“ سعد نے بازوں ہلایا علیزے کا

”سونے دیں نہ سعد بھائی“ ی علیزے نیند میں ہی بڑبڑائی ی

”مجھے بھی سونا ہے نہ اٹھو اپنے گھر جاؤ یار“ سعد نے تھکے تھکے لہجے میں کہا

علیزے پر کوئی ی اثر نہیں ہوا وہ بے سود سوتی رہی

سعد سے مزید برداشت نہ ہوا اس نے علیزے کے دونوں بازوں سے پکڑ کر اٹھا کر بٹھا دیا

علیزے نے مندی مندی آنکھیں کھولیں

"چلو اٹھو گھر چھوڑ کر آؤں"

سعد نے علیزے کو بازوں سے پکڑ کر کھڑا کر دیا ایک ہاتھ اس کی گردن سے گزار کر کندھے پر رکھا ایک ہاتھ سے اس کا بازوں پکڑا اور علیزے کو خود سے لگائے کمرے سے باہر نکل گیا

علیزے کا سر سعد کے کندھے پر تھا

”یار علیزے بہت تنگ کرتی ہو تم مجھے مار کھاؤ گی کسی دن میرے ہاتھوں“

سعد نے خفگی دیکھائی ی

”آپ اپنی گڑیا کو مارے گے“علیزے نے ہلکی ہلکی آنکھیں کھول کر کہا

”تم سیدھی ہو جاؤ نہیں تو نالی میں پھینک دونگا تمھیں“

سعد نے مصنوعی غصے سے کہا

علیزے کے لیے یہ ہی غصہ کافی تھا وہ فوراً سیدھی ہو گ ئی سعد کبھی بھی اس پر غصہ نہیں کرتا تھا سعد کو غصہ نہیں آتا تھا جب آتا تو بہت تیز آتا تھا وہ علیزے کو ڈرا کر خود سے دور نہیں کرنا چاہتا تھا اسی لیے سعد علیزے پر مصنوعی غصہ کرتا تھا وہ چڑیا سے دل کی مالک سعد کے اتنے سے غصے سے بھی ڈر جاتی تھی

”آنٹی دروازہ کھولیں آپ کا سامان آیا ہے“سعد نے ڈور بیل بجاتے ہوئے کہا

علیزے ہلکی سی مسکائی ی

”سعد بیٹا کونسا سامان“رکشی بیگم نے دروازہ کھولتے ہی پوچھا

”آنٹی یہ سامان“سعد نے برابر میں کھڑی علیزے کی طرف اشارہ کیا

”علیزے تم میں تو سمجھ رہی تھی تم سو رہی ہو اپنے کمرے میں“رکشی بیگم نے علیزے کو ڈانٹا

”آنٹی یہ سو ہی رہی تھی مگر میرے کمرے میں آپ اندر لے جائیں اسے کہی گلی میں نہ سو جائے“سعد نے اونگھتی ہوئی ی علیزے کو دیکھتے ہوئے کہا

"جی بیٹا چلو علیزے آجاؤ" رکشی بیگم نے بیٹی کو گھر میں لیا دروازہ بند کر دیا

سعد نے بھی گھر کی راہ لی سعد اپنے بیڈ پر لیٹا اسے اپنے بیڈ سے علیزے کی خوشبوں آئی ی اور وہ مسکراتا ہوا آنکھیں موند گیا

محبت کی ابتدا ہوئی ی ہے

عشق کا ملن باقی ہے ابھی.

سعد مردانہ وجاہت کا بھرپور مرد تھا براؤن آنکھیں براؤن بال کھڑی ناک چوڑا سینا گندمی رنگت لمبا قد بلاشبہ وہ ایک حسین مرد تھا یہی وجہ تھی کے صائمہ اس کے پیچھے دیوانی تھی

ذایان بھی کچھ کم نہیں تھا تینوں بھائیوں میں ایک بات مشترکہ تھی تینوں کی آنکھیں براؤن تھیں جو ان کی خوبصورتی میں اور اضافہ کرتی تھیں

ذایان بھی سعد سے کچھ مختلف نہیں تھا لمبا قد چوڑا سینا گندمی رنگت کالے بال ذایان بھی حسن میں کسی سے کم نہیں تھا

انیک اپنے دونوں بھائیوں سے چھوٹا تھا پر خوبصورت وہ بھی تھا کسرتی جسم براؤن بال بڑی بڑی پلکے کھڑے نین نقش کم تو وہ بھی نہیں تھا کسی سے

علیزے چڑیا کے سے دل کی مالک ہرنی جیسی خوبصورت آنکھیں دودھیا رنگت لمبے گھنے سنیرے بال درمیانہ قد روئی ی جیسے گلابی گال پتلے پتلے ہونٹ علیزے کو اگر باربی ڈول سے ملایا جائے تو غلط نہ ہو گا.

"سعد بھائی ی چلیں نہ میرے ساتھ پلیز چلیں نہ"

"گڑیا میں آفس کے لیے لیٹ ہو جاؤں گا تم ذایان یا انیک کے ساتھ چلی جاؤ"

”نہیں میں ان کے ساتھ نہیں جاؤں گی یہ لوگوں کو چھیڑتے ہیں وہاں جاکر مزاق بناتے ہیں لوگوں کا آپ چلیں نہ پلیز مجھے ڈاکیومنٹس میں یا فوم میں کوئی ی مسل ئی ہ ہوا تو آپ مدد تو کر دیں گے نا یہ دونوں نہیں کرتے پلیز چلیں میرے ساتھ کالج“

”جھوٹی کب چھیڑا ہم نے“ انیک کو اپنے اوپر الزام برداشت نہیں ہوا

ذایان کی تو جان بستی تھی علیزے میں خاموش کھڑا مسکراتا رہا

”جب میں میٹرک کی مارک شیڈ لینے گ ئی تھی آپ کے ساتھ میرے ساتھ جو لڑکی کھڑی تھی اس کو کیا بولا تھا آپ نے“ علیزے نے انیک کو اس کا جرم یاد دلایا

”کیا بولا تھا بتانا ذرا“ انیک نے بھی آگے بڑھ کر کہا

”آپ نے کہا تھا تیار تو ایسے ہو کر آئی ی ہے جیسے مارک شیڈ لینے نہیں اپنے باپ کے ولیمے میں آئی ی ہے اور پیچھے کھڑا اس کا باپ سب سن چکا تھا جو پولیس والا بھی تھا میں سوری نہ کہتی تو اٹھا کر جیل میں ڈال دیتا آپ کو وہ“ علیزے نے پورا واقعہ بیان کیا

”ہاں تو تیاری دیکھی اس کی پہلے تو مجھے شبہ ہوا تھا اس پر کہی خواجہ سراح تو نہیں پر غور کرنے پر معلوم ہوا وہ بہت سارا میکاپ تھوپی ہوئی ی ایک لڑکی ہے“ انیک نے بھی اپنی کہی بات کی تشریح کر دی

انیک اور علیزے کی لڑائی کو سعد اور ذایان خوب انجوائے کر رہے تھے

کوثر بیگم بہت دیر سے یہ صبح صبح کا شور برداشت کر رہیں تھیں کچن سے باہر نکل آئی یں

”کیا شور مچار کھا ہے تم لوگوں نے صبح صبح سعد چلو علیزے کو لے جاؤ کالج کہی ایڈمیشن کی ڈیٹ نہ نکل جائے ذایان چلو آفس جاؤ انیک چلو یونیورسٹی کے لیے نکلو“

کوثر بیگم نے سب کو روانہ ہونے کا حکم دیا

"چلو گڑیا" سعد نے علیزے کو چلنے کا اشارہ کیا

"چلیں "علیزے نے بھی سعد کے پیچھے پیچھے قدم بڑھائے

علیزے جیسے ہی کار میں بیٹھی سعد نے اس کو اوپر سے نیچے تک دیکھا

"عبایا کب لو گی تمھیں کتنی دافع کہا ہے بڑی ہو گ ئی ہو عبایا پہنا کرو" سعد کو علیزے پر لوگوں کی ہوس بھری نظریں چبھتی تھی اسی لیے ہمیشہ اس کو عبائے کا کہتا رہتا تھا

"جی بھائی ی لے لوں گی آپ چلیں نہ دیر ہو رہی ہے "علیزے منمنائی ی

سعد نے سن گلاسس آنکھوں پر سجائے گاڑی اسٹارٹ کی اور اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گیا

انیک اور ذایان بھی اپنی اپنی بائی کس پر نکل گ ئے تھے

سعد اور علیزے ابھی کالج سے واپس آئے تھے سامنے کا منظر دیکھ کر سعد تو سانس لینا بھول گیا علیزے اپنے جلتے ہوئے گھر کو دیکھ کر دھاڑے مار مار کر رو دی

علیزے کی آواز سعد کے کان میں پڑی تو اسے ہوش آیا اس نے فوراً علیزے کو سنبھالا جو اپنے جلتے ہوئے گھر کی طرف جا رہی تھی

"بھیا میرے مما بابا کے پاس جانا ہے چھوڑے مجھے بھیا جانے دیں مجھے "

علیزے ہاتھوں سے نکلی جا رہی تھی سعد کو اسے سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا

سعد نے روتی بلکتی علیزے کو اپنے سینے سے لگا لیا

"بس گڑیا بس"

”بھیامیں اکیلی ہوگ ئی میرا کوئی ی نہیں رہا بھیا مجھے بھی مار دو میں کیا کروں گی جی کر“علیزے سعد کی بانہوں میں قید تھی

سعد اس کو دلاسے دے رہا تھا

فائی ربریگیٹ نے وقت پر پہنچ کر آگ پر قابوں پالیا تھا

سعد اور علیزے کا گھر تو برابر تھا پر درمیان میں موٹی دیوار ہونے کی وجہ سے سعد کا گھر محفوظ رہا

ذایان اور انیک علیزے کو گھر میں لے گ ئے تھے وہ رو رو کے نڈھال ہوگ ئی تھی آنکھیں سرخ ہوگ ئی تھی لیکن آنسوں رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے اس معصوم کو صبر بھی آتا تو کیسے آتا اس کے دو ہی رشتے تھے پوری دنیا میں وہی سہارا تھے اس کا وہ یتیم ہوگ ئی تھی ماں کا سایہ سر پر سے اٹھ گیا تھا

کوثر بیگم نے ایک ماں کی طرح اپنی لاڈلی کو سنبھالا اسے اپنے مامتا بھرے آغوش میں لیا

سعد ذایان انیک اپنی ننھی گڑیا کو روتے بلکتے دیکھتے تو ان کی آنکھوں میں بھی نمکین پانی جما ہو جاتا

ذایان تو علیزے کی حالت دیکھ دیکھ کے نڈہال ہو گیا اور سعد کے گلے لگ کے پھوٹ پھوٹ کے رو دیا

”بھائی ی میرے گڑیا ٹوٹ گ ئی بھائی ی میری گڑیا میری گڑیا مجھ سے نہیں دیکھی جاتی اس کی یہ حالت“

”خود کو سنبھالو جوان مرد ہو کر رو رہے ہو تم تو کہتے تھے گڑیا کے ہر مشکل وقت میں اس کی ڈھال بن کر رھوں گا کبھی اکیلا نہیں چھوڑوں گا اب وہ مشکل میں ہے تو اس کے پاس جاؤ سہارا دو اسے چپ کرواؤ اسے احساس دلاؤ اس دنیا میں وہ اکیلی نہیں ہے ہم ہیں نہ اس کے اپنے“

سعد نے چھوٹے بھائی ی کو دلاسا دیا

علیزے کے والدین کی وفات کو دو دن گزر گ ئے تھے آگ دو لوگوں کی جان لے کر خاموش ہو چکی تھی پولیس بھی اپنا کام کر کے چلی گ ئی تھی گھر میں آگ لگنے کی وجہ گیس سلینڈر تھا علیزے کے ماں باپ کے جھلسے ہوئے جسموں کو دفنا دیا گیا تھا علیزے کو کوثر بیگم نے اپنے پاس ہی رکھ لیا تھا وہ معصوم جاتی بھی کہاں اس کا کوئی ی نہیں تھا

رکشی بیگم اپنی ماں کی اکلوتی بیٹی تھی ان کی ماں کی بھی وفات ہو چکی تھی علیزے کے والد کا بھی کوئی ی نہیں تھا.

کوثر بیگم اور ان کے تینوں بیٹوں نے علیزے کو سنبھالا اس برے وقت میں ان لوگوں نے اس کو اکیلا نہیں چھوڑا علیزے کے والدین کی وفات کو ایک مہینہ گزر گیا تھا اب وہ کافی سنبھل چکی تھی بس ہنستی بولتی کم تھی ذایان اس کو ہنساتا بھی تو کبھی ہنس دیتی کبھی رونے لگ جاتی تھی وہ کبھی کسی بھائی ی کے ساتھ باہر بھی نکلتی تو عورتیں ایک دوسرے کے کانوں میں گھس جاتی یا اس معصوم بے سہارا پر طعنے کستی سعد غصے سے دیکھتا تو خاموشی سے نکل جاتی تھی

کوثر بیگم کے علم میں بھی لوگوں کی ساری باتیں تھیں ان کے گھر کے بارے میں لوگ کیسی کیسی باتیں کرتے ہیں تین جوان لڑکے ایک جوان لڑکی اندر ہی اندر کیا کچھ ہوتا ہے ہمیں کیا معلوم لوگوں کی باتیں سن سن کر کوثر بیگم پریشان ہو گ ئی تھیں آج وہ ایک مولوی صاحب کے گھر آئی یں تھیں اس معاملے کا حل نکالنے وہ اپنے چاروں بچوں سے بہت محبت کرتی تھیں ان کی یوں بدنامی برداشت نہیں کر سکتی تھیں

"اَلسَلامُ عَلَیُکم مولوی صاحب"

"وَعَلَیُکم السَّلام بہن بتائیں کیسے آنا ہوا"

”مولوی صاحب میں آپ سے ایک اہم مس ئی لہ دریافت کرنے آئی ی ہوں مجھے اس کا حل بتائیں

”ہاں بہن بولو کیا مسل ئی ہ ہے“مولوی صاحب نے فکر مندی سے پوچھا

”مولوی صاحب ایک مہینہ پہلے جو حادثہ ہوا اس سے تو آپ واقف ہی ہیں ان کی جو بیٹی تھی وہ ہم سے بہت زیادہ مانوس تھی ہمارے علاوہ اس دنیا میں اس کا کوئی ی ہے بھی نہیں تو میں نے اس کو بیٹی بنا کر اپنے پاس رکھا ہوا ہے میرے تینوں بیٹے بھی بہن مانتے ہیں اسے مگر لوگ ان کی باتیں اس بچی کو سکون سے جینے نہیں دیتیں میں کیا کروں میرے سمجھ نہیں آرہا“

کوثر بیگم نے ساری بات مولوی صاحب کے غوش گزار کی

”بہن یہ تو اچھی بات ہے آپ نے ایک بے سہارا بچی کو سہارا دیا مگر اس دنیا کے قانون کے مطابق آپ اس کو ایسے نہیں رکھ سکتیں کل کو کسی نے آپ پر الزام لگا دیا آپ نے ایک لڑکی کو قید کیا ہوا ہے تو آپ کیا کریں گی آپ کا تو کوئی ی رشتہ نہیں اس سے آپ کو اس کو قانونی طور پر اپنی بیٹی بنانے کے لیے کاغذی کاروائی ی کا سامنا کرنا ہو گا مگر ان کاموں میں کافی پیچیدگیاں پیش آتی ہیں اور دوسرا حل یہ ہے کوئی ی اچھا لڑکا دیکھ کر اس کی شادی کروادیں“

مولوی صاحب نے دو حل رکھے کوثر بیگم کے سامنے

”مولوی صاحب وہ تو بہت چھوٹی ہے سولہ سال کی تو ہے بس وہ اس کو تو اتنی عقل بھی نہیں ہے سیدھی سادھی سی ہے“کوثر بیگم نے اپنا خدشہ بیان کیا

”بہن بچی میں نے دیکھی ہے معصوم سی ہے لیکن بہن سولہ سال کم عمر نہیں ہوتی آپ اللہ کا نام لے کر کر دو شادی ان شاء اللہ سب اچھا ہو گا“مولوی صاحب نے جواب دیا

”ٹھیک ہے مولوی صاحب آپ ہی کوئی ی لڑکا بتا دیں میری نظر میں تو کوئی ی نہیں ہے“ کوثر بیگم نے راضی ہوتے ہوئے کہا

”بہن میرا تو ایک ہی لڑکا ہے وہ بھی شادی شدہ ہے اور لڑکا ڈھونڈ کیوں رہی ہو آپ کے گھر میں ہی ماشاء اللہ تین تین لائی ق فائی ق لڑکے موجود ہیں ان میں سے کسی ایک سے کر دو بچی بھی آپ کے پاس ہی رہے گی اور پھر اتنی جلدی میں کوئی ی اچھا لڑکا ملنا مشکل ہے“ مولوی صاحب نے کوثر بیگم کی پریشانی کا حل پیش کیا

”لیکن مولوی صاحب وہ تینوں تو اس کو بہن مانتے ہیں میں کیسے راضی کروں گی ان کو“ کوثر بیگم پریشان ہو گ ئی یں

”بہن آپ کے لڑکوں کا اس بچی سے خون کا رشتہ نہیں ہے منہ بولی بہن ہے اس سے تو شادی ہو سکتی ہے اور جہاں تک ان کے راضی ہونے کی بات ہے تو وہ بچے میرے سامنے ہی جوان ہوئے ہیں اور آج تک میں نے ان کو آپ کی کوئی ی بات ٹالتے ہوئے نہیں دیکھا آپ کے تینوں لڑکے بہت فرمانبردار ہیں آپ کہے گی تو مان جائی یں گے“ مولوی صاحب نے کوثر بیگم کو پریشانی سے نکالا

”ٹھیک ہے مولوی صاحب آپ کا بہت بہت شکریہ آپ نے مجھے اتنا وقت دیا اور میرے مس ئی لے کا حل بھی بتایا“

کوثر بیگم آخر کار مولوی صاحب کی ساری بات سمجھ ہی گ ئی

”نہیں بہن شکریہ کی کوئی ی بات نہیں“

”اب میں چلتی ہوں مولوی صاحب“ کوثر بیگم گھر کے لیے روانہ ہو گ ئی یں.

”مما کہاں گ ئی ی تھیں آپ میں کب سے آپ کا ویٹ کر رہا ہوں“ سعد نے ماں کو خود سے لگاتے ہوئے کہا

"ارے بیٹا کام سے گ ئی تھی یہ بتاؤ تم نے کھانا کھایا" کوثر بیگم نے پیار سے کہا

"آپ کے بغیر کھا سکتے ہوں کیا کھانا"

ذایان انیک نے یک زبان ہو کر کہا

"اچھا چلو میں لگاتی ہوں کھانا علیزے کہاں ہے" کوثر بیگم کو علیزے کی فکر ہوئی ی

"مما اسے سلا دیا میں نے اس کے سر میں درد تھا تو میں نے دودھ سے ٹیبلیٹ کھلا کر اسے سلا دیا" سعد نے جواب دیا

"اچھا چلو اچھی بات ہے مجھے بھی تم تینوں سے ضروری بات کرنی تھی جو اس کے سامنے نہیں ہو سکتی تھی" کوثر بیگم نے تینوں کو حیران کر دیا

"ایسی کیا بات ہے مما جو علیزے کی غیر موجودگی میں کرنی ہے آپ کو" ذایان نے سوال کیا

"پہلے کھانا کھالو پھر کریں گے بات" کوثر بیگم کچن میں چلی گ ئی یں

"بھائی ی آپ کو معلوم ہے اس بارے میں کچھ" انیک نے دل میں آیا سوال پوچھا

"نہیں چھوٹے مجھے نہیں معلوم کچھ" سعد نے لاعلمی کا اظہار کیا

تینوں سر جھٹک کر کھانا کھانے چلے گ ئے

کھانا بھی تینوں سے ٹھیک سے کھایا نہیں گیا جلدی جلدی کھانا کھا کر تینوں ماں کا انتظار کرنے لگ گ ئے کچھ دیر میں کوثر بیگم بھی برتن دھو کر آگ ئی یں

تینوں بھائی ی پوری طرح اپنی ماں کی طرف متوجہ ہوئے

"مما کیا بات ہے بتائیں" سعد نے بات کا آغاز کیا

For more visit (exponovels.com)

”سعد ذایان انیک تم تینوں کو اچھی طرح معلوم ہے علیزے جب سے ہمارے گھر آئی ی ہے لوگ الٹی سیدھی باتیں کر رہے ہیں غلط الزام لگا رہے ہیں“

”مما ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ میں نے بھی بہت باتیں سنی ہیں“ سعد نے بھی ماں کی بات کو سمجھ کر جواب دیا

”اسی سلسلے میں ُمیں مولوی صاحب کے پاس گ ئی تھی انہوں نے مجھے اس کا حل علیزے کی شادی بتایا ہے عزت سے وہ بچی اپنے گھر کی ہو جائے گی اور ہمارے گھر پر الزام لگانے والے لوگوں کے منہ بند ہو جائی یں گے“

کوثر بیگم نے بات مکمل کر کے تینوں بیٹوں کو دیکھا

تینوں سکتے کی حالت میں بیٹھے ماں کو دیکھ رہے تھے

”بچوں ایسے مت دیکھوں میں جو کہہ رہی ہوں علیزے کی بھلائی ی کے لیے کہہ رہی ہوں اور میں چاہتی ہوں تم تینوں میں سے کوئی ی ایک اس سے شادی کر لو گھر کی بچی گھر میں رہے گی“ کوثر بیگم نے اپنے لاڈلوں پر ایک اور بم پھوڑا

”مما یہ سب کیا کہہ رہیں ہیں آپ وہ ابھی چھوٹی ہے بہت اور ہم میں سے کوئی ی شادی کر لے آپ تو اچھی طرح جانتی ہیں ہم اس کو اپنی چھوٹی بہن مانتے ہیں“ ذایان کو غصہ آ گیا تھا

”ہاں مما ذایان صحیح کہہ رہا ہے بلکل آپ ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہیں“ انیک نے بھی ذایان کی بات کی تائی ید کی

سعد زبان پر قفل لگائے ماں کو دیکھ رہا تھا اس کے دماغ نے تو جیسے کام کرنا چھوڑ دیا تھا

”بس کرو تم لوگ دیکھو میں ایک جوان لڑکی کو بنا رشتے کے گھر میں نہیں رکھ سکتی تم تینوں بھی جوان ہو شیطان کو جوان لڑکے لڑکیوں پر حاوی ہونے میں دیر نہیں لگتی اور میں اپنے گھر کی مزید بدنامی برداشت نہیں کر سکتی تم تینوں کو میرا یہ فیصلہ ماننا ہو گا“ کوثر بیگم نے اپنے لاڈلوں کو غصہ دیکھایا

”ٹھیک ہے مما انیک سے کر دیں علیزے کی شادی انیک سب سے چھوٹا ہے علیزے کے ساتھ صحیح رہے گا“ سعد نے قفل توڑا پر خوش اب بھی نہیں تھا

انیک ذایان منہ کھولے سعد کو تک رہے تھے.

سعد نے اتنی بڑی بات کس ضبط سے کہی تھی یہ وہ ہی جانتا تھا

”نہیں سعد میں نے سوچ لیا ہے علیزے کی شادی مجھے کس سے کرنی ہے“

”آہ شکر“ انیک کا رو کا ہوا سانس بحال ہوا

”تو کیا آپ مجھ سے شادی کروانے کا سوچ رہی ہیں نو مما میں تو اسے دل سے بہن مانتا ہوں میں ایسا بلکل بھی نہیں کروں گا“ ذایان نے بھی شادی سے انکار کر دیا

”انیک کے پاس کوئی ی جاب نہیں یہ خود پڑھ رہا ہے یہ شادی کی ذمہ داریاں کیسے اٹھائے گا ذایان بڑا تو ہو گیا ہے پر اس کی شرارتے ابھی تک ختم نہیں ہوئی ی ہیں سمجھداری کا تو اس سے دور دور تک کوئی ی تعلق نہیں سعد تم سمجھدار بھی ہو بڑے بھی ہو سب سے زندگی کی اونچ نیچ سمجھتے ہو اور علیزے کی جو حالت ہے اس وقت اسے مضبوط سہارے کی ضرورت ہے جو صرف تم بن سکتے ہو اس لیے میں نے فیصلہ کیا ہے اس کی شادی تم سے کروں گی“

کوثر بیگم نے آخر کار اپنا فیصلہ سنا ہی دیا

ذایان اور انیک سعد کی شکل دیکھ کر ہنسی دبا کر بیٹھے تھے

”بھائی ی شادی مبارک ہو“ ذایان نے سعد کو چھیڑا

”چپ کرو تم“ سعد نے ذایان کو گھورا

”میں نہیں کروں گا یہ شادی مما یہ ظلم ہے اس کے ساتھ چھوٹی ہے وہ بہت مجھ سے میں چھبیس سال کا ہوں اور وہ صرف سولہ کی ہے“ سعد نے ماں کو اپنے اور علیزے کے بیچ کا فرق بتایا

”کوئی ی بات نہیں بیٹا عمر سے کچھ نہیں ہو تا لڑکا عمر میں بڑا ہو تو چل جاتا ہے اور ظلم کیسا اس پر تم کوئی ی بوڑھے تو نہیں ماشاء اللہ سے جوان ہو خوبصورت ہو کوئی ی بری عادت نہیں تم میں جاب بھی اچھی ہے“ کوثر بیگم نے سعد کو سمجھایا

”مما پلیز میرے دل میں ایسا کچھ نہیں وہ بچی ہے میں نے اس کو اپنے انھیں ہاتھوں سے پالا ہے کھلایا ہے گھومایا ہے میں کیسے کر لوں اس سے شادی“

سعد ماں کے سامنے بے بس ہوا

انیک ذایان اپنی ہنسی دبا کر بیٹھے تھے کیونکہ وہ دونوں تو اپنی بہن کے بھائی ی بن گ ۓ تھے لیکن سعد پھنس گیا تھا جس کے بچنے کے کوئی ی چانس نہیں تھے ان کی ماں سعد کی شادی کروا کر ہی دم لے گیں

”بیٹا مجھے معلوم ہے تم نے پالا اسے کھلایا گھومایا ان ہاتھوں سے اور تو اور اس کی تربیت بھی تم نے کی ہے اس کو اپنے جیسا صابر وفادار سمجھدار بنایا ہے اور اب تم ہی اس کے جیون ساتھی بن جاؤ گے اس سے اچھی بات اور کیا ہو سکتی ہے اگر تم ابھی بھی رضامند نہیں ہو تو کوئی ی لڑکا ڈھونڈ لو علیزے کے لیے میں اس بچی کو عزت سے

رخصت کر دوں گی اب شادی کے بعد اس کے ساتھ جو بھی ہو اس کے ذمے دار تم ہو گے ساس اس سے سارے گھر کا کام کروائے نندیں چاہیں اچھی ہو یا بری شوہر بھی پیار کریں نہ کریں جو بھی ہو اس معصوم کے ساتھ اس کے ذمے دار تم ہو گے" سعد کو ثر بیگم نے سعد کو ایموشنل بلیک میل کیا

"ٹھیک ہے مما میں راضی ہوں"

سعد نے جواب دیا اور اٹھ کر خاموشی سے اپنے کمرے میں چلا گیا

"واہ مما کیا بلیک میل کیا ہے آپ نے بھائی ی کو فوراً مان گ ئے" ذایان نے ماں کو داد دی

"ہم دلہا کو تو میں نے منالیا لیکن دولہن کو تم دونوں مناؤ گے"

کوثر بیگم نے علیزے کو منانے کی ذمے داری انیک ذایان پر ڈالدی

"مما ہم کیسے منائیے گے اس کو" انیک نے حیرانگی سے ماں کو دیکھا

"مجھے نہیں معلوم مناؤ کیسے بھی کر کے کل کا دن ہے تم دونوں کے پاس بس" کوثر بیگم نے جواب دیا اور اپنے کمرے کی طرف چلدی

"یار بھائی ی کیسے منائی یں گے اسے" انیک نے ذایان سے پوچھا

"چھوٹے توں اتنی فکر کیوں کر رہا ہے میری گڑیا کو منانا نہیں بہلانا پڑتا ہے" ذایان نے آنکھ دباتے ہوئے کہا

"کیا مطلب میں سمجھا نہیں" انیک کے سر سے گزر گ ئی ذایان کی بات

"ارے چھوٹے ابھی سو جاتے ہیں کل بات کریں گے چل گڈ نائی ٹ"

ذایان اپنی بات کہہ کر انیک کا جواب سنے بنا اپنے کمرے میں چلا گیا

انیک بھی سر جھٹک کر کمرے میں چلا گیا.

”یہ کیا فیصلہ سنا دیا مما نے میں اس چھوٹی سی بچی کو اپنی بیوی کا درجہ دے پاؤں گا کیسے وہ معصوم مجھے شوہر کے روپ میں قبول کرے گی میری کانچ کی گڑیا کا سامنا کیسے کروں گا میں اے اوپر والے میری مدد فرما بس مجھے ہمت دے میں اس معصوم کی تکلیف کی وجہ نہ بنوں بلکہ اس کا مرہم بنوں جس کی اسے ضرورت ہے ابھی“

سعد جب سے کمرے میں آیا تھا انھیں سوچوں میں غلطہ تھا وہ اپنی گڑیا کا مرہم بننا چاہتا تھا اس کی آنکھوں سے نیند کوسوں دور تھی سعد نے ساری رات علیزے اور اپنی بدلتی زندگی کے بارے میں سوچتے ہوئے کاٹ دی جہاں سعد شادی کو لے کر فکر مند تھا وہاں علیزے بے فکر ہو کر اپنی نیند پوری کر رہی تھی اپنی آنے والی زندگی میں ہونے والے بدلاؤں سے بے خبر سو رہی تھی

سعد صبح جلدی اٹھ کر آفس چلا گیا تھا وہ علیزے کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا

انیک اور ذایان نے آج چھٹی کی تھی تا کہ اپنی پیاری گڑیا کو شادی کے لیے راضی کر سکیں

کوثر بیگم بھی خوش تھیں پر ایک ڈر بھی تھا کہ علیزے یہ نہ سمجھے کہ اس کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے مگر کوثر بیگم نے سوچ لیا تھا وہ علیزے کو ہمیشہ اپنی بیٹی بنا کر رکھے گیں کبھی ساسوں والا سلوک نہیں کرے گی کوثر بیگم ویسے ہی ایک نرم دل کی خاتون تھیں تو ان کا جابر ساس بننا ناممکن تھا

”انیک بھائی ذایان بھائی آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں سعد بھائی کو پتا چلا نہ دماغ ٹھیکانے پر لگا دیں گے آپ دونوں کا“

”اور اگر میں کہوں کہ یہ بات سعد بھائی ی کے علم میں ہے اور وہ راضی بھی ہیں تو کیا کہو گی تم“

انیک نے علیزے کے علم میں اضافہ کیا

”ذایان بھائی ی انیک بھائی ی کیا کہہ رہے ہیں یہ علیزے نے ذایان سے تائید چاہی“

”گڑیا یہ ٹھیک کہہ رہا ہے سعد بھائی ی بھی راضی ہیں“ ذایان نے سنجیدگی سے جواب دیا

”آپ لوگ ایسا کیوں کر رہے ہیں میرے ساتھ کیوں کروا رہے ہیں میری شادی وہ بھی سعد بھائی ی سے“

علیزے کی آنکھیں بھیگ گ ئی تھی آنسوں آنکھوں سے پسل کر رخساروں کا سفر طے کرتے ہوئے علیزے کی گود میں گر رہے تھے

”نہیں نہیں میری گڑیا ایسے نہیں روتے“

ذایان علیزے کے آنسوں دیکھ کر تڑپ گیا تھا اس نے فوراً آگے بڑھ کر اپنی گڑیا کے آنسوں صاف کیے پھر ہاتھ کا پیالہ بنا کر علیزے کا چہرا اپنے ہاتھوں میں تھاما اور پیار سے سمجھانے لگا

”تم تو ہم سب کی جان ہو ہم تمھیں ہمیشہ اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں تمھیں خود سے دور نہیں کرنا چاہتے اسی لیے ہم یہ فیصلہ لے رہے ہیں کل کو ہمیں تمھاری شادی کر کے تمھیں رخصت کرنا ہو گا نہ تو ابھی کر دیتے ہیں اور تمھیں ہمیشہ کے لیے اپنے پاس رکھ لیتے ہیں تا کہ اگر کوئی ی تمھیں ہم سے دور بھی کرنا چاہے تو نہ کر سکے ایک دفع تمھاری بھائی ی سے شادی ہو جائے پھر ہم خوب مزے کرا کریں گے خوب گھومیں گے پھریں گے سعد بھائی ی کو تو تم بچپن سے جانتی ہو ان کی طرف سے تم بے فکر رہو وہ بھی بس تمھیں خوش دیکھنا چاہتے ہیں اسی لیے راضی ہو گ ئے ہیں“

ذایان نے اتنے پیار سے سمجھایا علیزے دوبارہ نہ نہیں کر پائی ی

”ٹھیک ہے بھائی ی میں راضی ہوں“

علیزے نے سر جھکا کر کہا

انیک نے علیزے کی بات سن کر ذایان کو ستائی شی نظروں سے دیکھا انیک کو یہ مشن جتنا مشکل لگ رہا تھا ذایان نے یہ مشن اتنی آسانی سے پورا کر لیا تھا

”یہ بات ہوئی ی نہ میری گڑیا“ ذایان نے علیزے کو خود سے لگایا

”میں مما کو خوشخبری سنا کر آتا ہوں“

انیک کہتے کے ساتھ ہی روم سے نکل گیا

”گڑیا پریشان نہیں ہونا ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو گا تمھارا یہ بھائی ی ہمیشہ تمھارے ساتھ رہے گا اگر شادی کے بعد کبھی بھی کوئی ی بھی مس ئی لہ ہو تو مجھے بتانا چاہے بھائی ی کی شکایت ہی ہو تمھارا بڑا بھائی ی ہونے کی حثیت سے میں بھائی ی کی خبر لوں گا“

ذایان کی آخری بات پر علیزے مسکرا دی

”آپ ان کی خبر لے گے“

”ہاں تو میری بہن کو تنگ کرنے والے کو ایسے ہی چھوڑ دوں ہاں پھر بعد میں بھلے وہ میری پٹائی ی لگا لیں“

ذایان نے علیزے کو ہنسانا چاہا جس میں وہ کامیاب بھی ہو گیا

علیزے زور زور سے ہنس دی

”آپ بچپن میں بھی میرے لیے مار کھاتے تھے اتنے بڑے ہو کر بھی کھائی یں گے“

علیزے نے ہنستے ہنستے کہا

”میری گڑیا کے لیے تو میں بچپن کیا پچپن میں بھی مار کھانے کو تیار ہوں“

ذایان خود بھی ہنس دیا علیزے کی بھی ہنسی روکنے کا نام نہیں لے رہی تھی

کوثر بیگم نے علیزے کے راضی ہونے پر شکر کا کلمہ پڑھا

شام میں سعد گھر آیا تو اسے بھی خوشی کی خبر سنائی پر وہ زیادہ خوش نہیں تھا وہ ابھی تک پریشان تھا اپنے اور علیزے کے رشتے کو لے کر اس کو ڈر تھا وہ اپنی ننھی گڑیا کو تکلیف نہ پہنچا دے.

گھر میں زور و شور سے شادی کی تیاریاں چل رہی تھیں ذایان انیک شادی کے کاموں میں مصروف تھے ذایان نے تو علیزے کے سارے کاموں کی ذمے داری خود لے لی تھی شوپینگ سے لے کر پارلر تک کی ایک ہفتے بعد شادی رکھی گ ئی تھی ذایان نے علیزے کا جو بھی خرچا تھا خود کیا اس کا کہنا تھا

”میری ایک ہی تو بہن ہے اس کی شادی سارا خرچا میں خود اٹھاؤ ں گا“

سعد نے اسے کہا بھی

”مجھ سے بھی لے لو پیسے اکیلے کیسے کرو گے

”بھائی ی آپ کی طرح میں بھی جاب کرتا ہوں اپنی بہن کی شادی کی ذمے داری لے سکتا ہوں میں اور آپ پریشان نہیں ہو اگر ضرورت پڑی تو میں کروالوں گا آپ کی بھی جیب خالی“ ذایان نے آخری بات مزاقیہ کہی

”ٹھیک ہے بھ ئی جیسے تمھاری مرضی“

سعد نے ہار مان لی

علیزے تو شرم کے مارے کمرے سے باہر ہی نہیں نکلتی وہ کوثر بیگم کے کمرے میں رہتی تھی صرف کھانا کھانے باہر آتی تھی سعد کی موجودگی میں تو وہ بھی بھول جاتی تھی

کوثر بیگم ایک ماں کی طرح اس کو سمجھاتی رہتی اس کی گھبراہٹ اس کا ڈر کم کرنے کی کوشش کرتی۔

جب سے دونوں نے شادی کے لیے رضامندی دی تھی دونوں نے ہی نہیں دیکھا تھا ایک دوسرے کو ایک ہفتے کے بعد شادی کا سن کر سعد کی طرح علیزے کی بھی نیندیں اڑ گ ئی تھیں

”علیزے وہ سعد بھائی ی کہہ رہے تھے علیزے کو دیکھنے کا دل کر رہا ہے تو میں نے رات کو چھت پر بھائی ی سے تمھاری میٹینگ سیٹ کر دی ہے تم جاؤ گی نا ملنے بھائی ی سے“۔

انیک نے تو علیزے کی جان ہی نکال دی

انیک علیزے کو اپنے روم میں لے آیا تھا اور اب سعد کا نام لے کر تنگ کر رہا تھا

”مے میں نہ نہیں جاؤں گی مم مما نے مہ منا کیا ہے ان سے مل ملنے سے“

علیزے نے ہکلاتے ہوئے لفظ ادا کیے تھے سعد کے سامنے جانے کا سن کر ہی علیزے کی جان خشک ہو گ ئی تھی

علیزے کا جواب سن کر اور حالت دیکھ کر انیک سے اپنی ہنسی روکنی مشکل ہو گ ئی لیکن پھر بھی اس نے اپنی ہنسی کا گلا کھوٹتے ہوئے علیزے کو تنگ کرنا جاری رکھا

”اچھا اگر مما منا نہ کرتی تو تم چلی جاتی بھائی ی سے ملنے“

”نہیں میں نہیں جاتی“

علیزے کی شکل رونے والی ہو گ ئی تھی

”گڑیا تم نہیں گ ئی یں نہ بھائی ی کو غصہ آجائے گا انکا غصہ بہت خطرناک ہے“

انیک نے آنکھیں بڑی کر کے کہا

”نہیں میں نہیں جاؤں گی ان سے ملنے“

علیزے نے روتے روتے جواب دیا

"یہ کیا ہو رہا ہے گڑیا تم کیوں رو رہی ہو" ذایان جو ابھی کمرے میں داخل ہوا تھا اپنی پیاری بہن کو روتے دیکھا تو

اس سے رونے کی وجہ پوچھی

انیک بیٹھا ہنس رہا تھا

"ذایان بھائی ی میں ان سے ملنے نہیں جاؤں گی چھت پر"

علیزے نے ذایان کو روتے روتے بتایا

"کس سے ملنے نہیں جاؤ گی"

ذایان نے نا سمجھنے والے انداز میں پوچھا

انیک اب زور سے ہنسا تھا

"تم کتنی ڈرپوک ہو یار گڑیا"

"تم نے کچھ کہا ہے نہ اس کو"

ذایان انیک کے سر پر کھڑا اس سے پوچھ رہا تھا

"یار بھائی ی میں نے صرف اس سے اتنا کہا ہے بھائی ی اس سے چھت پر اکیلے ملنا چاہتے ہیں آج رات کو اور یہ

نہیں ملنے گ ئی تو ان کو غصہ آجائے گا بس پھر یہ رونے لگی"

انیک نے چہرے پر مسکراہٹ سجائے پوری بات ذایان کو بتا دی

ذایان کا پارہ ہائی ی ہو گیا

”سارے گھر والے مجھے شرارتوں کا دیوتا کہتے ہیں اور تو یہاں بیٹھ کر میری گڑیا کو اپنی شرارتوں سے رولا رہا ہے اب بچ تو مجھ سے“

ذایان انیک پر جھپٹا

انیک ذایان کا ارادہ بھانپ کر بیڈ سے اٹھ کھڑا ہوا ذایان دوبارہ آگے بڑھا اسے مارنے انیک بیڈ کے دوسری طرف بھاگ گیا اسی طرح وہ دونوں پورے کمرے میں ادھر اُدھر دوڑ لگا رہے تھے پورا کمرا ان دونوں کی آوازوں سے گونج رہا تھا

علیزے بھی انیک کی پٹائی ی لگتے ہوئے دیکھ کر اپنی ہنسی نہیں روک سکی

”سوری بھائی ی اب نہیں کروں گا یار میں مذاق کر رہا تھا گڑیا سے“

انیک نے ذایان کے واروں سے بچتے ہوئے کہا

”چھوٹے تو نے میری بہن کو رولایا ہے چھوڑوں گا نہیں میں تجھے“

ذایان کسی قیمت پر انیک کو بخشنے کو راضی نہیں تھا

یہ تینوں اپنی مستی میں مگن تھے ایک دم سے کمرے کا دروازہ کھولا

”یہ کیا دھما چوکڑی مچائی ی ہوئی ی ہے تم لوگوں نے“ سعد کی زوردار آواز کمرے میں گونجی

سعد ابھی آفس سے آیا تھا انیک کے کمرے سے آتی آوازوں کو سن کر انیک کے کمرے میں آگیا

کمرے میں موجود تینوں نفوس اپنی اپنی جگہ ساکت ہو گ ئے تھے

سعد کی نظر علیزے پر پڑی وہ ضرورت سے زیادہ سر جھکائے بیٹھی تھی

”کیا ہو رہا ہے یہاں کس بات کا شور ہو رہا ہے“ سعد کی نظرے اب انیک اور ذایان پر تھیں

”بھائی ی یہ انیک کا بچہ میری گڑیا کو تنگ کر رہا تھا تو بس میں اس کی عقل ٹھیکانے لگا رہا تھا“

ذایان نے انیک کو گھورتے ہوئے جواب دیا

”اچھا چلو بس سب اپنے اپنے کمرے میں جاؤ اب نہ سنو میں شور کی آواز“

سعد اپنے کمرے میں چلا گیا

ذایان انیک نے علیزے کو دیکھا وہ ابھی بھی گردن جھکائے بیٹھی تھی

علیزے کو دیکھ کر وہ دونوں زور سے ہنسے

علیزے نے چونک کر ان دونوں کی طرف دیکھا

”گ ۓ بھائی ی اب تم جا سکتی ہو اپنے روم میں“ انیک نے ہنستے ہنستے کہا

علیزے نے دروازے کی طرف دیکھا وہاں اب کوئی ی موجود نہیں تھا

”گڑیا اتنا گھبر اتی کیوں ہو تم بھائی ی سے بھائی ی تم سے بہت محبت کریں گے یہ جو جلادوں والا منہ لے کر گھوم رہے ہیں نہ شادی کے بعد اس منہ پر مسکراہٹ سجی رہے گی لیکن ان سب میں کچھ ٹائی م لگے گا تمھیں ہمت سے کام لینا ہو گا بس تم جانتی ہو شادی کس حالات میں ہو رہی ہے ان حالات میں بھائی ی اور تمھیں ایک دوسرے کو اس ن ۓ رشتے میں بندھنے میں وقت لگے گا پر میرا یقین کرو میری گڑیا تم تمھارے لیے بھائی ی سے اچھا شریکِ حیات کوئی ی ہو ہی نہیں سکتا وہ بچپن سے تمھارا خیال رکھتے آئے ہیں ان شاء اللہ آگے بھی رکھیں گے بلکہ ہمیشہ رکھے گے“

ذایان نے پیار سے گڑیا کو سمجھایا

وہ سر جھکائے اس کی ساری باتیں ذہن نشیں کر رہی تھی

"ہاں گڑیا ذایان ٹھیک کہہ رہا ہے بھائی ی تمھیں بہت چاہے گے دیکھنا تمھیں بس ہمت سے کام لینا ہے امید کا دامن اپنے ہاتھوں سے نہیں چھوڑنا ہے کیونکہ"

انیک روکا اور ذایان کی طرف دیکھا

"کیونکہ امید پر دنیا قائی م ہے"

ذایان انیک نے یک زبان ہو کر زور سے کہا علیزے کھکھلا کر ہنس دی

"ذاااایان انیییییک نہیں مانو گے تم دونوں" باہر سے سعد کی آواز آئی ی

دونوں نے اپنی زبان دانتوں کے بیچ میں دبالی

علیزے اور زور سے ہنس دی وہ دونوں بھی ہنسنے لگے پھر تینوں اپنے اپنے کمرے میں جا کر سو گ ئے.

آج گھر میں علیزے اور سعد کی مشترکہ مایوں کا اہتمام رکھا گیا تھا

کوثر بیگم نہیں چاہتی تھیں علیزے کو کل کو احساس ہو اس کے ماں باپ ہوتے تو اس کی شادی بھی دھوم دھام سے ہوتی وہ ایک ماں کی حیثیت سے علیزے کا ہر ارمان پورا کر رہی تھیں

علیزے اپنے کمرے میں بیٹھی آنسوں بہا رہی تھی

"کاش مما بابا آپ ہوتے دیکھتے آپ کی بیٹی کتنی بڑی ہو گ ئی اس کی شادی ہو رہی ہے کاش آپ لوگ بھی ہوتے میری خوشیاں ادھوری ہیں آپ دونوں کے بنا"

علیزے اپنے گھٹنوں منہ چھپائے رو رہی تھی

کوثر بیگم کمرے میں آئی یں تو اس کو روتے دیکھا تو پریشان ہو گ ئی یں

”علیزے میری بچی کیا ہوا کیوں رو رہی ہو میری جان مجھے بتاؤ “

انھوں نے پیار سے اس کا چہرا اوپر کیا

علیزے کا آنسوؤں سے تر چہرا دیکھ کر کوثر بیگم تڑپ اٹھیں اور اس کو اپنے سینے سے لگا لیا

”کیا ہوا کیوں رو رہی ہو“ کوثر بیگم نے دوبارہ سوال دہرایا

”مما بابا کی یاد آرہی ہے کاش وہ بھی ہوتے میری خوشیاں ادھوری ہیں ان کے بنا مما“ (علیزے کے ماں باپ کی وفات کے بعد علیزے کوثر بیگم کے کہنے پر ان کو مما بولتی تھی) مجھے بہت یاد آتی ہے ان کی کیسے گزاروں گی میں ان کے بنا پوری زندگی“

علیزے رو رو کر کوثر بیگم سے اپنا دل ہلکا کر رہی تھی

”میری بچی ایسے نہیں روتے تم اکیلی نہیں ہو ہم سب ہیں نازایان انیک اور سعد سے تو تمھارا اتنا خوبصورت رشتہ جڑنے والا ہے دنیا میں ماں باپ کے رشتے کے بعد اگر کوئی ی خوبصورت رشتہ ہے تو میاں بیوی کا ہے میاں بیوی ایک دوسرے کا لباس ہوتے ہیں تم دیکھنا ایک دن سعد کو تم سے عشق ہو جائے گا“

آخری بات کوثر بیگم نے شرارت سے کہی

”مما بھ ئی یہ کیسی باتیں کر رہی ہیں“

علیزے نے منہ بناتے ہوئے کہا

"یہ ماں بیٹی کی باتیں ختم نہیں ہوئی یں"

ذایان نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

"نہیں نہیں بھ ئی میں تو گڑیا کو تیار کرنے آئ ی تھی"

کوثر بیگم نے پیار سے علیزے کے سر پر ہاتھ پھیرا

"تو مما تیار کر دیں دلہے میاں کب سے تیار ہوئے اپنی ننھی سی دلہن کی راہ دیکھ رہے ہیں" ذایان نے علیزے کو چھیڑا

"علیزے تو شرم سے لال ہو چکی تھی اور شرم سے سر کیا گردن ہی جھکا لی تھی پوری

"چل شرارتی میری بچی کو تنگ نہیں کر تم جاؤ میں تیار کر کے لاتی ہوں اپنی بیٹی کو" کوثر بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

"اوکے مما ہم بھائی ی کو مایوں بیٹھا رہے ہیں تب تک"

ٹھیک ہے بیٹا جاؤ" کوثر بیگم علیزے کو تیار کرنے لگ گی ئی ں

"واہ میرے شہزادے کتنے پیارے لگ رہے ہو چھوٹے ایمبولینس کا انتظام کر لے آج تو ساری لڑکیاں گھائی ل ہو جائی یں گی"

ذایان نے انیک کو شرارتی سی ہدایت کی

"ذایان تم اپنی حرکتوں سے باز نہیں آؤ گے" سعد نے ذایان کو گھورتے ہوئے کہا

”نہیں میں تو بلکل باز نہیں آنے والا ابھی گڑیا کو تنگ کر کے آیا ہوں اب آپ کو کروں گا“

ذایان نے ہنستے ہوئے کہا

”اس کو تو بخش دیا کرو تم لوگ کم سے کم اپنے اپنے کاموں سے تو تم لوگ چھٹی لے چکے ہو سارا دن یا تو اس کو تنگ کرتے رہتے ہو یا تو مجھے شرم نہیں آتی تم دونوں کو“

سعد نے دونوں کو ڈانٹا

لیکن دونوں کو ہی کوئی ی اثر نہیں ہوا دونوں ڈھیٹ بنے اپنے دانتوں کی نمائش کرتے رہے

”ہو ہی ڈھیٹ سدا کے دونوں“

سعد نے چڑتے ہوئے کہا

تیار ہو گ ئے سعد بیٹا تم“ کوثر بیگم نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

”جی مما“ سعد نے سنجید گی سے جواب دیا

”میرا بچہ ماشاء اللہ کتنا پیارا لگ رہا ہے نظر نہ لگے میرے بچے کو“

کوثر بیگم نے پیار سے سعد کا ماتھا چوما

”مما ہم اچھے نہیں لگ رہے“ انیک نے منہ بناتے ہوئے کہا

”تم تو بندر لگ رہے ہو میں تو شہزادہ لگ رہا ہوں کیوں مما“

ذایان نے انیک کو چھیڑا اور کوثر بیگم کے پیار سے گلے لگ گیا

”مما میں بندر لگ رہا ہوں“

انیک نے معصوم سا منہ بنایا اور کوثر بیگم کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا

”نہیں میرے تینوں بیٹے شہزادے لگ رہے ہیں“ ذایان تو کوثر بیگم کے گلے کا ہار بنا ہوا تھا انھوں نے پیار سے اپنے دونوں بیٹوں کے چہرے پر ہاتھ پھیرے

”تم دونوں کب بڑے ہو گے“ سعد نے دونوں کو باری باری دیکھا

”جب ہم چاچو بن جائی یں گے“

ذایان انیک نے ایک ساتھ کہا اور زور زور سے ہنسنے لگے

سعد تو حیران رہ گیا ان دونوں کی بات سن کر جبکہ کوثر بیگم اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی ہنسی پر قابو پانے کی کوشش کر رہیں تھیں

”تم دونوں کو تو میں“

سعد ان دونوں کو مارنے آگے ہی بڑھا تھا

کوثر بیگم نے بیچ میں آکر روک لیا

”ان دونوں کی خبر بعد میں لینا پہلے مایوں کی رسم پوری کرو“

”اوکے مما“ سعد خاموشی سے پیچھے ہو گیا.

ذایان انیک کے شفقت بھرے سائے میں سہج سہج کے آتی اپنی گڑیا کو دیکھ کر سعد کے اوسان خطا ہو رہے تھے وہ سجی سنوری علیزے پہلی بار دیکھ رہا تھا

ذایان اپنی گڑیا کو سب سے منفرد مایوں کی دلہن بنانا چاہتا تھا اس لیے اس نے مایوں کا جوڑا زرد رنگ کے بجائے جامنی رنگ کا لیا تھا بنارسی کی جامنی رنگ کی گھٹنو سے ذرا اوپر آتی قمیض اور اس کے ساتھ خوبصورت سازمین کو چھونے والا گرارا سر پر زرد رنگ کا دوپٹہ اور اس کے چاروں اطراف بر جامنی رنگ کے ستاروں سے کڑھائی ی

ہوئی ی تھی علیزے کے چاند سے مکھڑے پر چمبیلی کے پھولوں کا گہنا سجایا گیا تھا علیزے بے حد حسین لگ رہی تھی

ذایان کے اسرار پر سعد نے بھی جامنی رنگ کا کُرتا پہنا تھا کُرتے کے گلے پر ہلکی پھلکی گڑھائی ی ہوئی ی تھی

کُرتے کے ساتھ سفید رنگ کی شلوار اور گلے میں ذرد رنگ کی چندری ڈالی تھی

سعد کو دیکھ کر کتنی ہی لڑکیاں علیزے کی قسمت پر عش عش کر رہیں تھیں

ذایان انیک نے سبز رنگ کے کُرتے پہنے تھے اس کے ساتھ سفید شلوار اور گلے میں ذرد رنگ کی چندری ڈالی تھی وہ دونوں بھی لڑکیوں پر اپنے حسن و وجاہت کا جادوں چلانے میں کامیاب ہو گ ئے تھے

"واہ میری گڑیا میرے بھائی ی تو تمھیں دیکھ کر پلک جھپکنا ہی بھول گ ئے ہیں"

انیک نے علیزے کے کان میں سرگوشی کی

علیزے نے سامنے اسٹیج پر بیٹھے سعد کو دیکھا جو چہرے پر مسکراہٹ سجائے بنا پلک جھبکائے سجی سنوری علیزے کو دیکھ کر اپنی ایک ہفتے کی پیاس بجھا رہا تھا

علیزے نے وہی اپنے قدم روک لیے

"کیا ہوا گڑیا چلو" ذایان نے پیار سے کہا

"مو مجھے گھ گھر جانا ہے" علیزے نے گھبراتے ہوئے کہا

"میری گڑیا مایوں کی رسم میں دلہن کی جگہ بھائی ی کے ساتھ میں بیٹھوں گا کیا"

ذایان نے علیزے کو شرارت سے کہا

سعد علیزے کی گھبراہٹ سمجھ کر اپنی نظروں کا زاویہ بدل چکا تھا۔

”بھائی ی پلیز مجھے گھبر اہٹ ہو رہی ہے یہاں اتنے سارے لوگ ہیں“

سچ بات تو یہ تھی علیزے سعد کے برابر میں بیٹھنے سے گھبر ا رہی تھی

”گڑیا بھائی ی سے اتنا ڈروگی تو شادی کے بات ان کو اپنی انگلیوں پر کیسے نچاؤ گی ہم دونوں بیچارو کو بھائی ی کی ڈانٹ سے کیسے بچاؤ گی اپنے اور ہمارے نخرے کیسے اٹھواؤ گی“

انیک نے ایک لمبی تقریر جھاڑی

ذایان نے اپنا قہقہہ بامشکل روکا

علیزے تو انیک کی باتیں ہی سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی

”تم لوگ یہاں کیوں کھڑے ہو چلو رسم کے لیے دیر ہو رہی ہے“

کوثر بیگم کی آواز پر تینوں خاموشی سے اسٹیج کی طرف چل دیے علیزے اپنی گھبر اہٹ پر قابوں پاتی ان کے ساتھ چلدی

مایوں کے لیے گھر کے باہر ہی ایک چھوٹا سا شامیانہ لگا یا گیا تھا پورے محلے کو سعد کی شادی کی دعوت دی گ ئی تھی کیونکہ ان کا کوئی ی رشتے دار نہیں تھا سب ہی لوگ آئے تھے مایوں میں کوئی ی خوش تھا علیزے کی شادی سے تو کوئی ی جل رہا تھا جیسے صائی مہ.

صائی مہ کو سعد علیزے کی شادی کا معلوم ہوا تو اس کو بہت غصہ آیا

اپنے کمرے کی ہر چیز برباد کر کے اس کا غصہ کچھ حد تک کم ہوا لیکن ختم نہیں ہوا صائی مہ نے علیزے کو سعد سے دور کرنے کے ل ئی ے اپنے دماغ کو کام پر لگا دیا تھا.

علیزے کو سعد کے پہلوں میں بیٹھا کر ذایان انیک بھی اسٹیج پر سائیڈ پر کھڑے ہو گ ئے

کوثر بیگم نے رسم شروع کر دی علیزے بہت گھبرا رہی تھی ایک تو سعد کے پہلو میں بیٹھی تھی اوپر سے جو لڑکی رسم کرنے بیٹھتی تو اس کو چھیڑنے کے لیے اس کے کان میں کوئی ی نہ کوئی ی سرگوشی کرتی ان کی باتیں سن کر علیزے کا چہرا سرخ ہو جاتا وہ بچاری گردن جھکائے معصوم بچوں کی طرح زبان کو قفل لگائے بیٹھی رہی۔

کوثر بیگم نے کتنی بار کہا

"بیٹا گردن دکھ جائے گی سیدھی ہو جاؤ پروہ ٹس سے مس نہ ہوئی ی"

سعد چہرے پر زبردستی کی مسکراہٹ سجائے بیٹھا تھا وہ بے زار آ گیا تھا ان رسموں سے اور علیزے کا اتنا زیادہ گھبرانا اسے اچھا نہیں لگ رہا تھا وہ کوئی ی غیر تو نہیں تھا اس کا اپنا تھا جس کے ساتھ اس نے اپنا پورا بچپن گزارا اور اب جوانی بڑھاپہ بھی اسی کے ساتھ ہی گزارنا تھا۔

سعد نہیں سمجھ سکا بے شک سعد اس کے لیے غیر نہیں تھا لیکن علیزے تھی تو ایک لڑکی ہی نہ اس کی شرم لاج اس سے یہ سب کروا رہی تھی۔

سعد نے آخر کار ذایان کو آواز دی ذایان فوراً آ گیا

"جی بھائی ی بولیں"

"یار جلدی جاؤ مما کو بلاؤ"

سعد نے بے زاری سے ذایان کے کان میں سرگوشی کی

"اتنی جلدی تھک گ ئے بھائی ی"

ذایان نے سعد کو چڑایا

"ذایان مجھے تنگ مت کرو مما کو بلاؤ"

سعد نے دانت پیس کر کہا

"اوکے او کے بلاتا ہوں"

ذایان فوراً لائن پر آیا

"کیا ہوا سعد بیٹا"

کوثر بیگم نے پیار سے پوچھا سعد سے

"مما پلیز یہ سب ختم کریں میں تھک گیا ہوں" سعد نے بے زاری سے کہا

"میرا بچہ بس تھوڑی دیر کی بات ہے مہمان کھانا کھا لیں بس پھر فری ہو جاؤ گے تم"

"اوکے مما" سعد نے سر جھٹکا

"مما" علیزے منمنائی ی

علیزے کی آواز صرف پہلو میں بیٹھے سعد نے ہی سنی تھی

کوثر بیگم تو اسٹیج سے نیچے اترنے والی تھی

"مما" سعد نے آواز دی

کوثر بیگم دوبارہ پلٹی

"کیا ہوا بیٹا"

علیزے کچھ کہہ رہی ہے"

سعد نے علیزے کی طرف اشارہ کر کے کہا

”کیا ہوا میری بیٹی کو“

کوثر بیگم نے پیار سے علیزے کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیا

”وہ مما پیاس لگ رہی ہے مجھے“

علیزے نے آہستہ سے کہا

”ابھی منگواتی ہوں میں اپنی بیٹی کے لیے پانی“

”انیک جاؤ بہن کے لیے پانی لاؤ“

For more visit (exponovels.com)

”جی مما ابھی لاتا ہوں“

انیک جلدی سے جا کر پانی لے آیا

علیزے نے ایک ہی سانس میں پورا پانی کا گلاس خالی کر دیا

”اتنی تیز پیاس لگی تھی میری گڑیا کو سوری گڑیا میں مہمانوں کے چکر میں بھول ہی گیا تھا میری گڑیا کو بھی کسی چیز کی ضروت ہو سکتی ہے“

ذایان سچ میں شرمندہ تھا اس کی گڑیا اتنی دیر سے پیاسی بیٹھی تھی

”کوئی ی بات نہیں بھائی ی“ علیزے منمنائی ی

”چھوٹے مجھے بھی پانی پلاؤ“

سعد نے انیک کو کہا

”واہ بھ ئی ابھی سے اتنی انڈر اسٹینڈ ینگ پیاس بھی ایک ساتھی لگی دونوں کو“

انیک سعد کو تنگ کرنے کا کوئی ی موقع نہیں چھوڑ تا تھا

”تم جاؤ گے یا دلا ھائی ی کر دوں میں تمھاری سب کے سامنے“

سعد نے انیک کو آنکھیں دیکھائی یں

”او کے جا رہا ہوں بھائی ی“

انیک ہنستا ہوا چلا گیا

رات کافی ہوگ ئی تھی مایوں کا فنگشن ختم ہو چکا تھا سب کھانا کھا کر اپنے اپنے کمروں میں میٹھی نیند سو رہے تھے لیکن سعد اور علیزے کی نیند ابھی ان کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔

"ارے سعد بیٹا اتنی رات تک کیوں جاگ رہے ہو" کوثر بیگم رات کو پانی پینے اٹھی تھیں سعد کو ٹی وی دیکھتے دیکھا تو اس کے پاس آکر پوچھا

سعد نے اپنی ماں کے دونوں ہاتھ پیار سے تھامے اور انھیں اپنے پاس صوفے پر بیٹھا کر خود ان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا

"سعد بیٹا کیا بات ہے تم مجھے پریشان نظر آرہے ہو کچھ دن سے کیا تم خوش نہیں"

کوثر بیگم نے فکر مندی سے پوچھا

"مما کیا ہم علیزے کے ساتھ ٹھیک کر رہے ہیں وہ چھوٹی سی گڑیا کل میری ہمسفر بن جائے گی اتنی چھوٹی سی لڑکی پر اتنی کم عمر میں اتنی ذمہ داریاں ڈالنا ٹھیک ہے کیا

مما مجھے ڈر لگتا ہے وہ ابھی سے اتنا گھبراتی ہے مجھ سے میری قربت میری محبت کیسے برداشت کرے گی میں نے انجانے میں اس کو کوئی ی نقصان پہنچا دیا تو میں کیا کروں گا"

سعد اپنا دل ہلکا کر کے خاموش ہو چکا تھا

کوثر بیگم سعد کا اس قدر ڈر دیکھ کر فکر مند ہوگ ئی یں تھیں لیکن انھوں نے خود کو سنبھالا سعد کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے

"بیٹا کیا تم نے اس کو تکلیف دینے کا سوچا ہے کبھی"

"نو مما کبھی بھی نہیں میں ایسا کبھی نہیں سوچ سکتا"

سعد نے فوراً جواب دیا

"تو بیٹا جب تم نے ایسا سوچا نہیں تو کیسے کرو گے پھر اور جہاں تک اس کے نازک کندھوں پر ذمہ داریاں ڈالنے کی بات ہے تو وہ تو میری بیٹی ہے میں کبھی اس کے نازک کندھوں پر ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں ڈالوں گی اور باقی تم پر ہے کے تم اسے کیسے خوش رکھتے ہو کیسے اس چھوٹی سی لڑکی کو اپنا پابند بناتے ہو تم اپنی محبت کی بارش سے اس کے دکھ کیسے دھوتے ہو"

کوثر بیگم نے سعد کو نرمی سے سمجھایا

"مما تھنکیو سوچ آپ نے میری مشکل آسان کر دی"

سعد نے خوش ہو کر کہا

"چلو اب اٹھو سو جا کر"

"او کے مما آپ بھی سو جائیں"

کوثر بیگم اپنے اور سعد اپنے کمرے میں چلے گ ئے۔

آج بارات تھی ہر کوئی ی اپنی ذمہ داریاں خوشدلی سے نبھا رہا تھا ذیان انیک باہر کے اور کوثر بیگم سعد گھر کے کام دیکھ رہے تھے۔

علیزے کو پارلر بھیجوادیا تھا اس کے ساتھ محلے کی ایک لڑکی کو بھیج دیا تھا۔

آہستہ آہستہ سب شادی ہال میں پہنچ رہے تھے علیزے اور سعد کو باری باری ہال میں لایا گیا تھا دونوں نے ہی ایک دوسرے کو نہیں دیکھا تھا

نکاح کا وقت ہو گیا تھا علیزے کے ہاتھ پاؤں پھول گ ۓ تھے اس نے مضبوطی سے پاس بیٹھی کوثر بیگم کا ہاتھ پکڑ لیا تھا

"نہیں میری بچی کچھ نہیں ہو گا گھبراؤ نہیں"

"مما پلیز آپ کہی مت جائی یے گا"

علیزے نے دھمی آواز میں کہا

"میری بچی میں یہی ہوں گھبراؤ نہیں"

کوثر بیگم نے علیزے کو خود سے لگایا

"کیا آپ کو نکاح قبول ہے"؟

"قبول ہے"

علیزے کی کانپتی ہوئی ی آواز نکلی

تین بار قبول ہے کہنے بعد علیزے کوثر بیگم کے گلے لگے روئے جا رہی تھی اس کو آج پھر اپنے ماں باپ شدت سے یاد آئے تھے۔

کوثر بیگم نے بھی اسے رونے دیا تھا کیونکہ اب اس کے بعد وہ ایک ن ئی زندگی شروع کرنے والی تھی جس میں صرف خوشیاں اس کی منتظر تھیں

”مبارک ہو بھائی ی آپ نے بھی شادی کا لڈو کھا ہی لیا“

ذایان نے سعد کے نکاح کے بعد اس کے گلے لگتے ہوئے کہا

”تم باز نہ آنا اپنی حرکتوں سے“

سعد نے ذایان کو شرم دلائی ی

”بھ ئی جب چاچو بن جاؤں گا تو اپنی حرکتیں آپ کے بچے میں منتقل کر دوں گا بس پھر میں سدھر جاؤں گا“

ذایان نے بڑے مزے سے کہا

سعد نے اسٹیج پر کھڑے کھڑے ہی ذایان کا کان مروڑ دیا

”ہر وقت بکواس نہیں کیا کرو“

سعد نے دانت پیس کر کہا

”اچھا سوری بھائی ی کان چھوڑے سب دیکھ رہے ہیں“

ذایان نے کان چھڑوانے کی کوشش کی

”دفع ہو“ سعد نے کان چھوڑتے ہوئے کہا

”مبارک ہو بھائی ی“

انیک نے ذایان کی درگت بنتے دیکھی تو سعد کو بنا چھیڑے مبارک باد دی

”تھینک یو چھوٹے“ سعد نے مسکرا کر کہا

”یہ دلہن کی جگہ پر کون بیٹھا ہے“

سعد کو نکاح کے بعد علیزے کے ساتھ بیٹھانے کے لیے لایا گیا تو سعد دلہن کی جگہ بیٹھی لڑکی کو دیکھ کر حیران رہ گیا

”بھائی ی علیزے تو ہے کیا ہو گیا آپ کو“

ذایان نے سعد کے کان میں سرگوشی کی

”پاگل ہو گئے ہو کیا کس کو اٹھا لائے تم لوگ یہ علیزے تو نہیں وہ اتنا زیادہ تیار تو کبھی نہیں ہوتی“

سعد کو جیسے صدمہ ہی ہو گیا تھا

”او میرے بھولے بھائی ی وہ دلہن ہے وہ تیار نہیں تو کیا وہ صائمہ تیار ہو گی“

”ہاں بھائی ی آپ بتا دو کیا چاہتے ہو صائمہ کو بیٹھا دے کیا اسٹیج پر دلہن کی جگہ“

ذایان اور انیک کو معلوم تھا سعد چڑتا ہے صائمہ کے نام سے اسی لیے دونوں سعد کے پیچھے ہی لگ گئے تھے

”بے غیرتوں اتنے لوگوں کے درمیان یہ کیا بکواس کر رہے ہو صائمہ سے شادی کرنے سے اچھا ہے میں زہر کھالوں“

سعد نے دونوں کو گھورا

”ارے تم لوگ یہاں کھڑے کیا باتیں کر رہے ہو چلو“

کوثر بیگم نے تینوں کو ڈانٹا جو اسٹیج پر جانے کے بجائے لڑائی میں مصروف ہو گئے تھے

سعد تو یقین ہی نہیں کر پا رہا تھا سامنے مہرون لہنگے میں زیور سے اوور لوڈ دس کلو پلستر چہرے پر کروائے علیزے بیٹھی ہے۔ علیزے بہت پیاری لگ رہی تھی پر میک اپ سے وہ اپنی عمر سے بڑی معلوم ہو رہی تھی

سعد کو شاید علیزے سادی معصوم سی ہی اچھی لگتی ہے اسی لیے سعد کو علیزے کا یہ روپ ہضم نہیں ہو رہا تھا.

سعد نے بھی مہرون رنگ کی شیروانی پہنی تھی شیروانی کی دونوں آستینوں پر گولڈن رنگ کے بٹن تھے اور ایک سامنے تھا سعد کی حسن و وجاحت میں اور اضافہ ہو گیا تھا

ذایان انیک نے کالے رنگ کی شیروانی پہنی تھی ان دونوں کی شیروانی پر سامنے گولڈن بٹن تھا دونوں کے گندمی رنگت پر کالی شیروانی نے چار چاند لگا دیے تھے"

سعد کو علیزے کے برابر میں بیٹھا دیا گیا تھا تصویروں کا دور شروع ہو گیا تھا پھر کھانے کا دور چلا۔

کوثر بیگم نے زبردستی کر کے علیزے کو بھی کھانا کھلا دیا تھا

علیزے کے ذہن میں بہت سے سوال گردش کر رہے تھے اب اس کی پوری زندگی سعد کے نام ہو گئی تھی جس کو کل تک بھائی کہہ کر مخاطب کرتی تھی اب شوہر کے روپ میں اسے کیسے مخاطب کرے گی کیسے اس سے نظریں ملائے گی

سعد بہت مطمئن تھا کوثر بیگم نے اس کے ڈر جو ختم کر دیے تھے

رخصتی کا وقت ہو گیا تھا ذایان نے بھائی ہونے کا حق ادا کرتے ہوئے اپنی پیاری گڑیا کو قرآن کے سائے میں رخصت کیا تھا

گھر پہنچتے ہی علیزے کو سعد کے کمرے میں لے جایا گیا تھا سعد باہر صوفے پر بیٹھا آرام فرما رہا تھا

ذایان انیک سعد کو دیکھ دیکھ کر ایک دوسرے کے کان میں سرگوشیاں کر رہے تھے اور ہنس بھی رہے تھے سعد گھورتا تو دونوں جلدی سے اچھے بچے بن جاتے

علیزے کے پاس کوثر بیگم تھیں

”مما پلیز مجھے اکیلا نہیں چھوڑیں“

علیزے بہت گھبرا رہی کوثر بیگم کو چھوڑنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی

”میری بچی ایسا نہیں ہوتا اب مجھ سے زیادہ سعد کا حق ہے تم پر اس طرح گھبراؤ نہیں سعد کو تو تم بچپن سے جانتی ہو وہ کتنی محبت کرتا ہے تم سے تو پھر ڈر کیسا تم گھبراؤ نہیں سعد تمھیں بہت خوش رکھے گا بس تم اس کی ہر بات ماننا جو وہ کہے جیسا کہے ویسا ہی کرنا اب تم بیٹھو یہی میں سعد کو بھیجتی ہوں“

کوثر بیگم نے علیزے کو سمجھایا اور اٹھ کر باہر چلی گئی

علیزے سعد کا نام سن کر ہی کپکپا گئی تھی

”سعد بیٹا جاؤ روم میں یہاں کیوں بیٹھے ہو“

”جاؤ جاؤ بھائی روم میں یہاں کیوں بیٹھے ہو“

ذایان انیک نے سعد کو چھیڑا اور زور زور سے ہنسنے لگے

”مما ان دونوں کے دانت تو آج میں توڑوں گا“ سعد نے دانت پیسے اور ہاتھ کا مکا بنا کر ان دونوں کی طرف بڑھ گیا

دونوں سعد کو اپنی طرف آتا دیکھ کر اپنے اپنے کمرے کی طرف بھاگے

”گڈ لک بھائی“

ذایان نے اپنے کمرے کے دروازے سے جھانک کر زور سے کہا اور جلدی سے دروازہ بند کر لیا

سعد ان دونوں کی حرکتیں دیکھ کر ان کو گھورتا رہ گیا

"ارے چھوڑوں ان دونوں کو بد معاش ہیں دونوں کے دونوں تمھیں چھیڑتے ہیں وہ اور تم چھیڑ بھی جاتے ہو اِگنور کیا کرو ان دونوں کی باتوں کو"

کوثر بیگم نے سعد کو ٹھنڈا کیا

"چلو اب جاؤ علیزے انتظار کر رہی ہے تمھارا"

"جی مما جا رہا ہوں" سعد مسکرایا

"سعد"

"جی مما"

"دیکھو تم میری بچی کو زیادہ تنگ مت کرنا خیال رکھنا اس کا"

"میری پیاری مما آپ فکر نہیں کریں سارے حساب چکتے کروں گا اس سے اتنے دن مجھ سے پردہ کرنے کے لیے"

سعد نے کوثر بیگم کے گال پکڑ کر لاڈ سے کہا

تم بھی کم نہیں ہو سعد ہو تو آخر ذایان انیک کے بڑے بھائی ہی نہ"

کوثر بیگم نے سعد کا کان پکڑا

"ارے مما مذاق کر رہا تھا کان تو چھوڑے"

"چلو چھوڑ دیا جاؤ اب"

کوثر بیگم نے سعد کے روم کی طرف اشارہ کیا

"اوکے میری پیاری مما آپ بھی سو جائیں"

سعد کوثر بیگم کا ہاتھ چوم کر اپنے کمرے چلا گیا.

کمرے کا دروازہ کھولنے کی آواز سے علیزے سمجھ گ ئی سعد آ گیا ہے علیزے کا دل زور زور سے دھڑک رہا وہ لمبی لمبی سانسیں لے کر خود کو نارمل رکھنے کی کوشش کر رہی تھی بیڈ پر بیٹھے بیٹھے گرمی کے موسم میں بھی وہ کپکپا رہی تھی

سعد سینے پر ہاتھ باندھ کر علیزے کی غیر ہوتی حالت دیکھ رہا تھا

علیزے کا چہرہ گھنوگٹ میں چھپا ہوا تھا سعد اس کا چہرہ تو نہیں دیکھ سکا پر جان گیا تھا ابھی علیزے کے قریب جانا ٹھیک نہیں اور ویسے بھی اس ن ئے رشتے کو سمجھنے کے لیے علیزے کو وقت دینا چاہتا تھا

سعد نے خاموشی سے الماری سے اپنا ٹاؤ زر اور شرٹ نکالی اور واشروم میں گھس گیا کچھ دیر بعد واشروم سے نکلا ایک نظر ساکت بیٹھی علیزے پر ڈالی پھر بیڈ کی دوسری طرف جا کر لیٹ گیا

علیزے نے ڈرتے ڈرتے گھنوگٹ اٹھایا سعد دوسری طرف رخ کیے لیٹا تھا

علیزے نے اپنی روکی ہوئی ی سانس بحال کی پھر اٹھ کر اس نے بھی کپڑے تبدیل کیے اور بیڈ کے دوسری طرف سمٹ کے لیٹ گ ئی

دونوں ہی بہت دن سے سوئے نہیں تھے شادی کے بھی تھکے تھے دونوں کو لیٹتے ہی نیند آ گ ئی

صبح علیزے کی آنکھ کھولیں تو دس بج رہے تھے علیزے آنکھ مسلتی اٹھ بیٹھی اور بھرپور انگڑائی ی لی اس کی نظر سعد پر پڑی تو جلدی سے سیدھی ہو گ ئی سعد اب بھی بے خبر سو رہا تھا

علیزے فریش ہو کر روم سے باہر نکل گ ئی

”اٹھ گ ئی میری بچی“

کوثر بیگم پہلے ہی اٹھ چکی تھیں علیزے کو لاؤ نج میں آتے دیکھا تو اٹھ کر علیزے کو پیار سے گلے لگایا اور اس کا ماتھا چوما

”سعد نے زیادہ تنگ تو نہیں کیا تمھیں“

کوثر بیگم نے ذایان انیک کی جگہ لے لی یعنی علیزے کو زچ کیا

”مما کیسی باتیں کر رہی ہیں آپ“

علیزے شرماتے ہوئے بولی

”اچھا اچھا کچھ نہیں بولتی تم ایسا کرو سعد کو اٹھاؤ میں ان شیطانوں کو اٹھاتی ہوں پھر ساتھ بیٹھ کر ناشتا کریں گے“

کوثر بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

”مما میں کیسے اٹھاؤں ان کو“

علیزے گھبرا رہی تھی سعد کے سامنے جانے سے

”بیٹا جیسے اٹھاتی تھیں تم ہمیشہ ویسے اٹھاؤ چلو جلدی جاؤ“

کوثر بیگم علیزے کا گال تھپتھپا کر ذایان کے کمرے کی طرف چلی گ ئی

علیزے کچھ دیر کھڑی راہ فرار کا سوچتی رہی پھر کچھ نہ بن سکا تو منہ اٹھا کر کمرے کی طرف چلدی

”سنیں اٹھیں سنیں اٹھیں سنیں اٹھ جائیں“

”افف یہ تو اٹھ ہی نہیں رہے“

علیزے سعد کے سر پر کھڑے منمنا رہی تھی جو سعد کے کانوں تک نہیں پوچھ رہی تھی

علیزے ہمیشہ سعد کے کمرے میں بے دھڑک گھس جاتی تھی اور اسے خوب جھنجوڑتی جب تک وہ اٹھ نہیں جاتا تھا

آج وہ ہی علیزے سعد کو ڈر ڈر کے اٹھا رہی تھی

"سنیں اٹھ جائیں"

علیزے نے گھبراتے گھبراتے اپنی کانپتی ہوئی شہادت کی انگلی سعد کے کاندھے پر رکھی

سعد کسمسایا علیزے نے فوراً انگلی پیچھے کرلی

"کیا ہوا میرے سر پر کیوں کھڑی ہو"

سعد نے سخت لہجے میں کہا

"وووہ مہ مما ناشتے کے لیے بو بولا رہی ہیں"

علیزے نے دوپٹے کے پلو کو انگلی میں لپیٹتے ہوئے کہا

"آرہا ہوں"

سعد نے آنکھیں پھر موندلیں تھیں

علیزے بھاگنے کے انداز میں روم سے نکلی تھی

"افففف علیزے نارمل ہو جاؤ یار مجھے اچھا نہیں لگتا تمھیں ایسے دیکھنا"

سعد بڑبڑاتے ہوئے اٹھا اور واشروم میں گھوم ہو گیا

"گڈ مارننگ بھابھی جان"

انیک نے علیزے کو نیا لقب دیا

”انیک بھائی یہ کیا کہہ رہے ہیں میں نہیں ہوں کوئی آپ کی بھابھی وابی“

”گڈ مارننگ گڑیا“

ذایان نے روم سے نکلتے ہی کہا

”یار بھائی یہ ہماری بھابھی بن گئی ہے“

انیک نے ذایان کے گڑیا بولنے پر گلا کیا

”ذایان بھائی دیکھیں نہ انیک بھائی صبح صبح تنگ کر رہے ہیں مجھے“

”اوئے انیک کے بچے میری گڑیا کو تنگ نہیں کر میری گڑیا کو تنگ کرنے کا حق اب صرف سعد بھائی کا ہے“

ذایان نے شرارت سے کہا

”علیزے منہ کھولے کھڑی تھی“

جبکہ ذایان انیک ڈائیننگ ٹیبل پر بیٹھے ہنس رہے تھے

”آپ دونوں بہت برے ہیں میں آپ دونوں سے بات ہی نہیں کروں گی“

علیزے نے غصے سے منہ موڑ لیا

”ہاں ہاں اب ہم کہاں نظر آئے گے تمھیں بھائی ہی نظر آئے گے بس ان سے ہی بات کروگی“ انیک پر

علیزے کے غصے کا کوئی فرق نہیں پڑا

ان سے کون بات کرے گا جن جیسے ہو گئے ہیں وہ تو“

علیزے نے ذایان انیک کی طرف دیکھ کر منہ بنایا

”کیا کیسے ہو گئے ہیں بھائی گڑیا ذرا دوبارہ بتانا“

ذایان نے سعد کو کمرے سے نکلتے دیکھا تو دوبارہ پوچھا

"وہ جن جیسے ہو گ ئے ہیں"

سعد نے گلا کھنگارا علیزے وہی جم گ ئی پیچھے مڑنے کی اس میں ہمت نہیں تھی

"وہ میں مما کو دیکھ کر آتی ہوں"

علیزے کچن میں بھاگ گ ئی

علیزے سعد کو نہیں دیکھ پائی ی تھی کیونکہ وہ ذایان انیک کی طرف منہ کر کے کھڑی تھی سعد اس کے پیچھے تھا

سعد نے ساری باتیں سن لیں تھیں پر بولا کچھ نہیں تھا

"بھائی ی کیا کر دیا میری گڑیا کے ساتھ جو وہ آپ کو جن کہہ رہی ہے"

ذایان نے ہنستے ہوئے سعد سے کہا

"وہ کہہ رہی تھی یا تم کہلوا رہے تھے"

سعد نے آئی ی برو اچکائی ی

"وہ بھائی ی میں تو مذاق کر رہا تھا"

ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

"کیا ہو گیا ہے صبح صبح کس بات پر بحث ہو رہی ہے"

کوثر بیگم نے ناشتہ رکھتے ہوئے کہا

"کچھ نہیں مما بس مذاق ہو رہا تھا"

انیک نے جواب دیا

”سب ناشتہ کرو اب خاموشی سے علیزے جاؤ بیٹا سعد کی برابر والی چ ئی یر پر بیٹھ جاؤ“

کوثر بیگم نے علیزے کے ہاتھ سے گلاس لیتے ہوئے کہا

علیزے نے سعد کی طرف دیکھا جو اسے ہی گھور رہا تھا علیزے نے نظریں پھیر لیں

سعد اب بھی اسے دیکھ رہا تھا

ذایان انیک ان کی یہ آنکھ مچولی انجوئے کر رہے تھے کوثر بیگم ناشتہ لگانے میں مصروف تھیں

”ارے کیا ہوا کھڑی کیوں ہو ناشتہ نہیں کرنا کیا“

کوثر بیگم نے علیزے کو کھڑا دیکھ کر پوچھا

”کچھ نہیں مما بیٹھ رہی ہوں“

وہ خاموشی سعد کے برابر میں بیٹھ گ ئی

گردن جھکا کر

سعد بھی اپنی پلیٹ پر جھک گیا تھا

ذایان انیک بھی خاموشی سے ناشتہ کر رہے تھے

”اوکے مما میں آفس جا رہا ھوں“

”سعد دماغ ٹھیک ہے تمھارا کل شادی ہوئی ی ہے آج آفس جا رہے ہو“

کوثر بیگم نے سعد کو روکنا چاہا

”مما شادی کی وجہ سے ویسے ہی بہت چھٹیاں ہو گ ئی یں ہیں میری اور افورڈ نہیں کر سکتا پلیز سمجھے نہ مما“

سعد نے بے چارگی سے کہا

"اچھا ٹھیک ہے جاؤ"

کوثر بیگم نے اجازت دی

"تم دونوں کو نہیں جانا کیا"

سعد نے ناشتہ کرتے ہوئے ذایان انیک کو دیکھا

"جی نہیں ہم تو چھٹی پر ہیں آج آپ جائی یں آفس ہم اپنی گڑیا کو کمپنی دیں گے "

ذایان نے لاپروائی ی سے جواب دیا

"ہم مرضی تم دونوں کی"

سعد کندھے اچکا کر چلا گیا

"ذایان بھائی ی آپ آج سچ میں آفس نہیں جائی یں گے "

علیزے کو لگا شاید ذایان نے سعد کو تنگ کرنے کے لیے جھوٹ کہا اسی لیے دوبارہ پوچھا

"جی میری گڑیا میں چھٹی پر ہوں آج"

ذایان نے مسکرا کر جواب دیا

"اور آپ"

اب علیزے انیک سے مخاطب ہوئی ی

"میں بھی چھٹی پر ہوں" انیک بھی مسکرایا

"جس کی شادی ہوئی ی ہے اس نے تو چھٹی کی نہیں ان دونوں نے پتا نہیں کس خوشی میں چھٹی کی ہے "

کوثر بیگم نے دونوں کو شرم دلائی ی

"مما یہ دونوں مجھے باہر لے کر جائی یں گے نہ کیوں ذایان بھائی ی انیک بھائی ی لے کر جائی یں گے نہ"

علیزے نے سوالیہ نظروں سے دونوں کو دیکھا

"ہاں ہاں گڑیا کیوں نہیں"

ذایان نے خوشی خوشی ہامی بھری

"میری گڑیا کچھ کہے اور میں نہ کروں ایسا کبھی ہو سکتا ہے کیا"

انیک نے خوشی خوشی ہامی بھری

"چلو اچھی بات ہے ہو آؤ تم باہر دل بہل جائے گا تمھارا"

کوثر بیگم نے علیزے کے سر پر ہاتھ رکھا

"گڑیا بتاؤ کہاں چلو گی"

ذایان نے پیار سے پوچھا

"مجھے قبرستان جانا ہے ماما بابا کی قبر پر"

"بیٹا لڑکیاں قبرستان نہیں جاتی ہیں"

"مما پلیز ایک بار جانے دیں میرا بہت دل ہے پلیز ویسے بھی ان کا کوئی ی بیٹا نہیں جو ان کی قبر پر فاتحہ پڑھنے جائے پلیز مما صرف ایک بار جانے دیں دوبارہ کبھی نہیں کہوں گی وہاں جانے کا"

علیزے کی آنکھوں میں آنسو جما ہونے لگے تھے

"اچھا ٹھیک ہے صرف ایک بار دوبارہ کبھی نہیں بولو گی جانے کا"

کوثر بیگم سنجیدہ تھیں

”جی مما میں کبھی نہیں بولوں گی جانے کا“علیزے نے آنکھوں میں آئی ی نمی صاف کرتے ہوئے کہا

”جاؤ بچوں لے جاؤ بہن کو اور کوئی ی شرارت نہیں کرنا پتا چلیں مر دیں بھی تمھاری شرارت سے پریشان ہو کر

قبرستان چھوڑ جائی یں“

کوثر بیگم نے ذایان انیک کو تنبیہ کی

”او کے مما“

”چلیں گڑیا“

ذایان نے علیزے کے کندھے پر ہاتھ پھیلایا

”جی بھائی ی“

ذایان انیک نے اپنی اپنی بائی یکس کی چابیاں لی اور باہر نکل گ ئے

ذایان کے ساتھ علیزے بیٹھی تھی

تینوں قبرستان پہنچ کر علیزے کے والدین کی قبر پر آگ ئے سب نے خاموشی سے فاتحہ پڑھی علیزے کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے

”ارے میری گڑیا بس بس ایسے نہیں روتے مر دے بر امان جاتے ہیں“

ذایان نے علیزے کا سر اپنے سینے سے لگایا

”آپ کو ہر بات مذاق لگتی ہے آپ کا کوئی ی اپنا آپ سے دور جائے گا تب آپ سے پوچھوں گی“

علیزے نے ذایان کے سینے میں منہ چھپائے سسکتے ہوئے کہا

"گڑیا تم بھول رہی ہو میں نے بھی تو اپنے بابا کو کھویا ہے"

ذایان ایک پل کو سنجیدہ ہوا

"اور اپنا باپ جیسا بھائی ی تمھیں دے دیا ہم نے اور کیا چاہیے تمھیں بھائی ی میں ہی اپنے بابا کو تلاش کرو کہی نہ کہی انکل نکل آئی یں گے"

ذایان نے زوردار قہقہ لگایا

علیزے نے ذایان کو خود سے دور کرتے ہوئے دھکا دیا

ذایان اب بھی ہنس رہا تھا

"یار بھائی ی مردوں کو بیچ میں بھگانے کا ارادہ ہے کیا"

انیک نے ذایان کے قہقوں کو روکا

"اوکے اوکے میں چپ ہو گیا سوری"

ذایان نے کان پکڑے

"گڑیا چھوڑوں اس مسخرے کو آؤ میرے پاس آجاؤ"

انیک نے علیزے کو دلاسا دیا

علیزے نے انیک کے سینے پر سر رکھ کر اس کی شرٹ بھیگونی شروع کر دی

انیک ذایان کی طرف دیکھا

ذایان بھی اداس ہو گیا تھا وہ دونوں بس علیزے کو ہنسانے کی کوشش کر رہے تھے لیکن وہ روئے جا رہی تھی

انیک کو شرارت سوجھی

"گڑیا چپ ہو جاؤ مت رو دیکھوں ہم ہیں نہ اور بھائی ی بھی تو ہیں بھائی ی نے ہمیں کبھی بابا کی کمی محسوس نہیں ہونے دی تمھیں بھی محسوس نہیں ہونے دیں گے تم بس اب انھیں اپنے بابا سمجھو شوہر نہیں ویسے بھی وہ جن جیسے شوہر ثابت ہوئے ہیں تم اب ان کو بابا سمجھنا اوکے"

انیک خاموش ہو گیا

"آپ دونوں بہت برے ہیں شکایت کروں گی میں آپ دونوں کی"

علیزے اپنا رونا بھول کر ان پر غصہ کرنے لگی

"کس سے شکایت کرو گی اپنے سعد بابا سے" ذایان نے ہنستے ہوئے کہا

"ہاں بولو اپنے سعد بابا سے شکایت کرو گی" انیک نے بھی علیزے کو چھیڑا

"تم لوگ یہاں کیا کر رہے ہو"

علیزے نے کچھ بولنے کے لیے لب کھولے ہی تھے پیچھے سے کسی کی آواز آنے پر گھبرا کر ذایان کے پہلو میں جا کھڑی ہوئی ی

آنے والی شخصیت پر تینوں کی نظر پڑھی تو تینوں ہی سر جھکا کر کھڑے ہو گ ئے

"کیا کر رہے ہو تم لوگ یہاں جواب دو مجھے اور تم کیوں آئی ی ہو یہاں قبرستان میں لڑکیاں نہیں آتیں تمھیں نہیں معلوم کیا"

سعد کی نظر اب علیزے پر ٹیکی ہوئی یں تھیں

علیزے ذایان انیک کے درمیان سر جھکائے کھڑی تھی

"وہ وہ یہ دونوں لائی ہیں مجھے زبردستی میں تو منا کر رہی تھی"

علیزے نے معصوم سی شکل بنا کر جواب دیا

ذایان انیک پھٹی پھٹی آنکھوں سے علیزے کو دیکھ رہے تھے

"بھائی یہ....."

"چپ بس مجھے اور کچھ نہیں سننا تم دونوں کا دماغ خراب ہے جو اس کو قبرستان لے آئے چلو دونوں ابھی اسی وقت گھر لے کر جاؤ اس کو"

سعد نے دونوں کو غصے سے ڈرایا

"جی بھائی"

وہ تینوں خاموشی سے باہر نکل گئے

سعد نے فاتحہ پڑھنے کے لیے ہاتھ اٹھا لیے

"جھوٹی کتنا بڑا جھوٹ بولا ہے تم نے جھوٹ بولنے سے پہلے جگہ کا تو خیال کر لیتیں مردوں نے بھی سنا ہے تمہارا جھوٹ"

انیک باہر نکلتے ہی علیزے پر برس پڑا

"آپ لوگ مجھے تنگ کر رہے تھے تو میں نے اپنا بدلہ لے لیا"

علیزے نے لاپرواہی سے کہا

"واہ گڑیا تم نے ثابت کر دیا تم میری بہن ہو" ذایان نے علیزے کے کندھے پر بازوں پھیلاتے ہوئے کہا

"یار بھائی اس نے اپنے بابا سے ڈانٹ پڑوائی ہے ہماری اور تم ہنس رہے ہو"

اب ہنسنے کی باری انیک کی تھی

علیزے منہ پھلائے انیک کو دیکھ رہی تھی ذایان بھی ہنسی دبائے کھڑا تھا

”تم لوگ ابھی تک یہی کھڑے ہو ایک بات سمجھ نہیں آتی تم لوگوں کو گھر جاؤ سیدھے“ سعد نے غصے میں کہا

”جی بھائی ی جا رہے ہیں“

ذایان نے جلدی سے بائی یک کا ہینڈیل سنبھالا

انیک نے بھی اپنی بائی یک اسٹارٹ کی

علیزے بھی سر جھکائے بائی یک پر بیٹھ گ ئی

وہ تینوں گھر جانے کے ارادے سے نکل گ ئے تھے

سعد بھی اپنی کار اسٹارٹ کر کے آفس کے لیے نکل گیا تھا

”بھائی ی آئی سکریم کھائی یں وہ دیکھو آئی سکریم پارلر“

انیک نے سڑک کے ایک طرف گاڑی روکی

”نہیں نہیں ذایان بھائی ی وہ غصہ کرے گے آپ پلیز گھر چلیں“

علیزے کو سعد کا غصے والا روپ یاد آیا

”گڑیا بھائی ی تو گ ئے آفس ان کو کچھ نہیں پتا چلے گا آجاؤ آئی سکریم کھاتے ہیں“

ذایان نے علیزے کا ڈر کم کیا

”بھائی ی پلیز“

علیزے نے التجا کی

"ارے گڑیا سعد بھائی ی سچ کے جن نہیں ہیں جو تم اتنا ڈر رہی ہو کچھ نہیں ہو گا آجاؤ"

انیک علیزے کا ہاتھ پکڑ کر آئی سکریم پارلر کی طرف بڑھ گیا

ذایان بھی ان کے پیچھے پیچھے تھا

تینوں نے اپنے پسند کی آئی سکریم آرڈر کی دیوار گیر شیشے کے پاس والی ٹیبل پر بیٹھ گ ئے

اس دیوار گیر شیشے سے اندر باہر کا سارا منظر نظر آرہا تھا علیزے کی پشت اس شیشے کے دیوار کی طرف تھی

انیک علیزے کی سامنے والی کرسی پر بیٹھا تھا ذایان علیزے کے سیدھے ہاتھ والی کرسی پر بیٹھا تھا

"گڑیا ویسے تم بھائی ی سے اتنا ڈرتی کیوں ہو"

انیک نے ڈری سہمی بیٹھی علیزے سے پوچھا

"جب سے ہمارا رشتہ بدلہ ہے وہ جن جیسے ہو گ ئے ہیں مجھ سے سیدھی طرح بات بھی نہیں کرتے وہ ایسا لگتا ہے ان کو مجھ سے نفرت ہو گ ئی ہے"

علیزے روہانسی ہو گ ئی تھی

"نہیں میری گڑیا ایسی بات نہیں ہے"

ذایان نے علیزے کا ہاتھ پکڑ پیار سے کہا

"گڑیا دیکھو جیسے تم اس رشتے کو قبول نہیں کر پا رہی ایسے بھائی ی نہیں کر پا رہے وہ تم سے نفرت کبھی بھی نہیں کر سکتے میری جان تم دیکھنا بھائی ی کو تم سے آہستہ آہستہ پیار ہو گا پر ہو گا ضرور"

"ہاں اور جب پیار ہو جائے گا وہ پیار نہیں عشق ہو گا"

یہ آخری بات انیک نے کہی تھی جس پر وہ خود ہی ہنس دیا تھا

"انیک بھائی ی بس بھی کریں کوئی ی موقع نہیں چھوڑتے آپ مجھے تنگ کرنے کا"

علیزے نے منہ بنایا

ذایان بھی مسکرا رہا تھا اپنی پیاری گڑیا کو منہ بنائے دیکھ کر

انیک ابھی بھی ہنس رہا تھا

انیک کی دلکش مسکراہٹ کا کوئی ی مرید ہوا تھا اس نے اپنی کار میں بیٹھے ہی دیوار گیر شیشے کی طرف بیٹھے انیک کی ک ئی تصویریں اپنے آئی ی فون میں قید کی تھیں

ٹریفیک کی وجہ سے وہ گاڑی کچھ دیر کے لیے آئی سکریم پالر کے پاس روکی تھی اس میں بیٹھی شخصیت نے اندر بیٹھے انیک کو مسکراتے دیکھ کر دل سے اس کے مسکراتے رہنے کی دعا مانگی تھی اور اس کا ساتھ پانے کی خواہش جاگی تھی

ٹریفیک کم ہونے پر وہ گاڑی زن سے آگے بڑھ گ ئی تھی ان نظروں نے انیک سے دور جاتے ہوئے بھی انیک پر ہی نظر جما کر رکھی تھی

ٹریفیک میں کھڑے سعد کی نظر جب آئی سکریم پارلر پر پڑی تو علیزے ذایان انیک کو مزے سے آئی سکریم کھاتا دیکھ کر سعد کو حیرت کا جھٹکا لگا

"اففف کیا کروں میں ان لوگوں کا کہا بھی تھا سیدھے گھر جانا پھر بھی نہیں گ ئے"

سعد بڑبڑاتے ہوئے کار پارک کر کے کار سے نیچے اتر چکا تھا۔۔

سعد آئی سکریم آرڈر کر کے ان تینوں کی ٹیبل پر آکر بیٹھ گیا

"میں نے گھر جانے کا کہا تھا نہ"

سعد نے تینوں کو گھورتے ہوئے کہا

سعد کو بیٹھتا دیکھ کر ہی تینوں حیران ہو گئے تھے

"وہ بھائی ہم تو گھر ہی جا رہے تھے گڑیا کا آئی سکریم کھانے کا دل کر رہا تھا تو ہم یہاں آگئے" انیک نے علیزے کو ڈھال بنایا

علیزے نے انیک کی بات سن کر اپنی جھکی گردن اٹھا کر انیک کو گھورا

"کیا تمھاری نظر میں میری بات کی کوئی اہمیت نہیں"

سعد نے سرد لہجے میں علیزے سے سوال کیا

"بھائی یہ مزاق کر رہا ہے ہم دونوں لائے ہیں اس کو یہاں یہ تو گھر جانے کی ضد کر رہی تھی"

ذایان نے معاملے کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے فوراً سچ اگلا

انیک اپنے جھوٹ پر شرمندہ ہوا تھا کیونکہ گڑیا کو سعد کی سرد مہری برداشت کرنی پڑی تھی

"ہم ٹھیک ہے آئی سکریم کھاؤ سیدھے گھر جاؤ" سعد کا غصہ جھاگ ہوا تھا

"اور تم میری اجازت کے بغیر ایک قدم گھر سے باہر نہیں نکالو گی"

سعد نے علیزے کو دیکھتے ہوئے کہا

علیزے نے زور زور سے اثبات میں سر ہلا دیا

سعد کو برا لگا تھا کہ علیزے نے اس کی بات نہیں مانی اب وہ اس کا شوہر تھا بس اسی وجہ سے سعد تھوڑا سخت ہو گیا تھا

لیکن ذایان کے سچ بتانے پر سعد کا غصہ ختم ہو گیا تھا

سعد کو علیزے پر پڑھنے والی نظریں بری لگتی تھیں ہمیشہ سے ہی وہ علیزے کو عبایا پہن کر باہر جانے کا کہتا تھا پر ابھی بھی وہ ایک دوپٹے میں گھر سے نکل آئی ی تھی۔

علیزے کے ہاتھوں اور پیروں میں سعد کے نام کی مہندی لگی تھی مہندی کا رنگ سعد کی محبت کا پتا دے رہا تھا مہندی سے علیزے کے خوبصورت سراپے کی خوبصورتی اور بڑھ گ ئی تھی لوگ اس چھوٹی سی لڑکی کو پلٹ پلٹ کر دیکھ رہے تھے۔

سعد سے یہ سب برداشت نہیں ہو رہا تھا اسی لیے وہ چاہتا تھا کہ علیزے جلد سے جلد گھر چلی جائے

”یار بھائی ی آج سعد بھائی ی سچ میں جن ہو گ ئے جہاں ہم جاتے ہیں وہی مسلط ہو جاتے ہیں“ انیک نے بائی یک اسٹارٹ کرتے ہوئے کہا

”ہاں یار گڑیا صحیح کہتی ہے جن جیسے ہو گ ئے ہیں بھائی ی“

ذایان نے بھی قبول کیا

علیزے بھی ان دونوں کی باتوں پر مسکرا رہی تھی

سعد بھی آفس چلا گیا تھا.

وہ سارا دن علیزے نے ذایان انیک کے ساتھ ہستے کھیلتے گزارا۔

کوثر بیگم بھی علیزے کو خوش دیکھ کر خوش تھیں۔

For more visit (exponovels.com)

شام کو سات بجے سعد گھر آیا تھاماں سے مل کر فریش ہونے کے ارادے سے کمرے میں چلا گیا تھا۔

"علیزے بیٹا جاؤ سعد کو کپڑے دو نکال کر" کوثر بیگم نے خاموش بیٹھی علیزے کو شوہر کی خدمت میں لگانا چاہا

"مما میں کیسے مجھے کیا معلوم وہ کونسے کپڑے پہنے گے"

علیزے نے دوپٹے کے پلو کی جان نکالتے ہوئے کہا

"میری بچی ایسے ہی گھبراتی رہو گی تو زندگی کی گاڑی آگے کیسے چلے گی جاؤ میری بچی جلدی سے روم میں"

کوثر بیگم علیزے کا گال تھپتھپاتی کچن میں چلی گ ئی یں

علیزے نے ٹی وی دیکھتے ذایان انیک کی طرف دیکھا جو سب کچھ جان کر بھی انجان بنے ہوئے تھے ہار مان کر کمرے میں ہی چلی گ ئی

سعد آنکھیں موندیں بیڈ پر نیم دراز تھا

علیزے نے ایک نظر سعد پر ڈالی پھر چپ چاپ الماری کی طرف آگ ئی

الماری کھول کر ہینگر میں ٹنگے کپڑوں کو ایک ایک کر کے دیکھنے لگی

سعد کی آنکھ الماری کھلنے کی آواز سے کھل چکی تھی

علیزے کو روم میں دیکھ کر سعد کے چہرے پر خوبصورت مسکراہٹ پھیل گ ئی

سعد آہستہ آہستہ قدم چلتا علیزے سے کچھ دور کھڑا ہو گیا

"کیا کر رہی ہو میری کپبرڈ میں"

سعد نے سینے پر ہاتھ باندھ کر کہا

علیزے کے چلتے ہاتھ وہی روک گ ۓ علیزے خود کو سنبھالتی بڑی مشکل سے پیپیچھے مڑی پر سعد کو دیکھنے کی توفیق ابھی بھی نہیں کی

"وہ وہ مہ میں آپ کے کپ کپڑے نکال رہی تھی "علیزے نے ٹوٹے پھوٹے لفظ ادا کیے

بس یہ سب سعد کو جن بنانے کے لیے کافی تھا

"تمھیں اتنا ہی شوق ہے نہ میری خدمت کرنے کا تو پتار کھا کرو مجھے کس وقت کیا چاہیے "

سعد نے غصے سے کہا اور الماری کا دوسرا دروازہ کھول کر ٹاؤ زر اور شرٹ نکال کر واشروم میں گھس گیا

"جن کہی کے "

علیزے بڑابڑائی ی اور پاؤ ں پٹختی روم سے باہر نکل گ ئی

منہ پھلاۓ وہ ذایان انیک کے پاس بیٹھ گ ئی

"کیا ہوا گڑیا بھائی ی پھر جن بن گ ۓ کیا"

انیک نے شرارت سے کہا

"وہ تو ہیں ہی جن ان کو بننے کی کیا ضرورت ہے "علیزے نے منہ بنا کر کہا

"ارے گڑیا ہمارے بھائی ی بہت پیارے ہیں ساری گلی کی لڑکیاں مرتی ہیں ان پر "

ذایان نے علیزے کو جلانا چاہا

"مر ہی سکتی ہیں وہ آپ کے بھائی ی پر اس کے علاوہ تو ان کے پاس کوئی ی راستہ بھی نہیں یہ تو میرا ہی ظرف ہے جو ان کا جن والا روپ برداشت کرتی ہوں کوئی ی اور لڑکی ہوتی تو بھاگ جاتی "

علیزے کو سعد کا یہ ذرا سا غصہ ہی بہت زیادہ لگا

ذایان انیک اس کی بات پر زور زور سے ہنسنے لگے

"گڑیا تم نے بھائی ی کا غصہ دیکھا ہی کہاں ہے ابھی دعا کرو کبھی نہ دیکھو ان کا غصہ" ذایان نے علیزے کو مشورہ دیا

"دیکھ چکی ہوں میں ان کا جن جیسا روپ "علیزے نے ستائی ی ہوئی ی عورتوں کی طرح کہاں

"ہوشیار رہنا اب تم میں جن ہوں نا کھا نہ جاؤں کسی دن تمھیں"

علیزے کے صوفے کے پیچھے کھڑے سعد نے علیزے کی بات پر جل کر جواب دیا سعد روم سے نکل کر آیا تھا علیزے کی آخری بات سعد نے سن لی تھی

ذایان انیک دونوں زور زور سے ہنس رہے تھے ان کو دیکھ کر علیزے کے چہرے پر بھی ہلکی سے مسکرہٹ آگ ئی

سعد بھی مسکراتے ہوئے علیزے کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گیا

علیزے خاموشی سے اٹھ کر کچن میں چلی گ ئی

"چپ کر جاؤں کمینوں"

سعد نے ذایان انیک کی بنا بریک کی ہنسی کو روکنا چاہا

"بھائی ی آپ اسے کھا جاؤں گے"

انیک نے ہنسی کو بریک لگاتے ہوئے کہا

”کھا ہی جاؤں گا کسی دن“

سعد علیزے کے خوبصورت سراپے کو سوچتے ہوئے بڑبڑایا

”کیا کہہ رہے ہیں بھائی ی سمجھ نہیں آرہا“

”ارے کچھ نہیں بھ ئی مذاق کر رہا تھا میں تم نے کیا آدم خور سمجھا ہوا ہے مجھے“

پھر تینوں بھائی ی باتوں میں لگ گ ئے

”آجاؤ بچوں کھانا کھالو“

کوثر بیگم نے پلیٹیں ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

”جلو بھائی ی کھانا کھائی یں میرے پیٹ میں تو چوہے بے ہوش ہو رہے ہیں بھوک کے مارے“

انیک نے پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا

”چل شیطان“

سعد نے مسکراتے ہوئے انیک کے سر پر چپت لگائی ی

علیزے بھی کوثر بیگم کا ہاتھ بٹا رہی تھی

سب نے ہنستے کھیلتے کھانا کھایا

”بھائی ی آجاؤ کوئی ی مووی دیکھیں ٹی وی پر“ ذایان نے مووی کی پیشکش کی سعد کو

”نہیں بھ ئی میں تو تھک گیا ہوں آرام کروں گا روم میں جا کر“

”ارے بھائی ی دیکھوں آپکی پسند کی مووی آرہی ہے“

انیک ہاتھ میں ریموٹ لیے سعد کو بتا رہا تھا

”کونسی مووی“ سعد نے ناسمجھی سے کہا

”resident evil“

انیک نے جوش سے کہا یہ ہالی ووڈ کی مووی تھی تینوں بھائی یوں کو ہی پسند تھی

”ارے واہ چلو دیکھتے ہیں“

سعد نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا

”مما گڑیا آجاؤ مووی دیکھتے ہیں“

ذایان نے صوفے پر بیٹھے بیٹھے آواز لگائی ی

”نہیں بھ ئی میں تو روم میں جا رہی ہوں نماز پڑھ کر سوں گی تھک گ ئی ہوں“

کوثر بیگم اپنے کمرے میں چلیں گ ئی یں

”گڑیا تم تو آجاؤ“ ذایان نے علیزے کو بلایا

”جی بھائی ی“

ذایان انیک نے دونوں سینگل صوفوں پر قبضہ کر لیا تھا تا کہ علیزے سعد کے ساتھ بیٹھے کیونکہ وہ تھری سیٹر صوفہ پر بیٹھا تھا

علیزے خاموشی سے سعد سے کچھ دور اسی صوفے پر بیٹھ گ ئی جس پر سعد بیٹھا تھا

چاروں بڑے مزے سے مووی دیکھ رہے تھے لیکن مووی میں ڈراؤ نا سین دیکھ کر علیزے ڈر گ ئی

”میں تو سونے جا رہی ہوں آپ ہی دیکھیں یہ فلم“ علیزے نے صوفے سے اٹھتے ہوئے کہا

”ارے گڑیا اس میں ڈراؤ نا کیا ہے جو تم ڈر گ ئی ہیں بس وائ رس پھیل گیا تو انسان ذومبی بن گ ئے ہیں اور کھا رہے ہیں ایک دوسرے کو“

ذایان نے علیزے کو روکنا چاہا

”نہیں مجھے نہیں دیکھنی“

علیزے نے ایک قدم بڑھایا ہی تھا سعد نے علیزے کی کلائی ی اپنے مضبوط ہاتھ میں تھام لی

”اگر تم مووی دیکھے بنا گ ئی ہیں تو میں تمھیں رات کو روم سے باہر نکال دونگا“

سعد نے علیزے کو دھمکی دی

سعد کی نظریں ٹی وی پر ہی تھیں ابھی بھی

ذایان انیک مووی چھوڑ کر ان دونوں کو ڈرامہ انجوئے کر رہے تھے

”آپ سچ میں نکال دیں گے“

علیزے نے بچوں کی طرح پوچھا

”ہاں اگر تم نے میرے ساتھ بیٹھ کر میری پسند کی مووی نہ دیکھی تو میں سچ میں نکال دوں گا“

سعد نے اپنی مسکراہٹ کا گلا کھونٹتے ہوئے کہا

سعد نے علیزے کی کلائی ی چھوڑ دی تھی

علیزے ڈر اور گھبراہت کے ملے جلے تاثرات کے ساتھ سعد کے برابر میں بیٹھ گ ئی

ذایان انیک اپنی ہنسی کو ضبط کرتے پھر مووی دیکھنے میں مشغول ہو گ ئے تھے

"امی......"

علیزے پھر سے کوئی ی سین دیکھ کر ڈر گ ئی تھی ڈر کے مارے اسے امی یاد آگ ئی تھی اس نے برابر میں بیٹھے سعد کے کندھے میں منہ چھپالیا تھا اور اس کی شرٹ کو دونوں ہاتھوں کی مٹھیوں میں دبوچ لیا تھا

ذایان انیک دبی دبی ہنسی ہنس رہے تھے

سعد بھی مسکرا رہا تھا

"چلو جاؤ روم میں"

سعد نے اپنی مسکراہٹ پر قابو پاتے ہوئے کہا

"آپ روم سے تو نہیں نکالے گے نہ"

علیزے نے سعد کے کندھے سے تھوڑا سر اٹھا کر کہا

"نہیں نکالوں گا"

سعد کا یہ کہنا تھا کہ علیزے بھاگتی ہوئی ی روم میں جا گھسی تھی

علیزے کے روم میں جانے کے بعد تینوں کا زوردار قہقہہ ٹی وی لاؤنج میں گونجا تھا

"بھائی ی آپ نے تو ہمیں پیچھے چھوڑ دیا آج شرارتوں میں"

انیک نے علیزے کے ساتھ کی گ ئی سعد کی شرارت کی داد دی

"ہاں تو تمھارا بڑا بھائی ی ہوں تم سے آگے تو مجھے ہونا ہی ہے نہ"

سعد پھر سے ہنسنے لگا تھا

"ویسے بھائی ی اچھا نہیں کیا آپ نے بچاری بہت ڈر گ ئی تھی"

ذایان اب علیزے کا بھائی ی بن گیا تھا سعد کی شرارت کے وقت وہ سعد کا بھائی ی بنا ہوا تھا

"سالے صاحب تمھاری بہن بھی تو مجھے تنگ کرتی ہے انجانے میں ہی صحیح پر کرتی تو ہے" سعد نے بھی ذایان کو سالہ ہی سمجھ لیا تھا

"کیا مطلب بھائی ی سمجھا نہیں میں"

ذایان نے نا سمجھی سے کہا

”مطلب وہ مجھ سے پہلے کی طرح باتیں نہیں کرتی بیٹھتی بھی نہیں میرے پاس اور اگر مجھ سے کبھی کوئی بات بھی کرتی ہے تو ایسا لگتا ہے کوئی ہکلی ہے وہ اتنا اٹک اٹک کر بولتی ہے اب بتاؤ تم میں کیا کروں میں تو چاہتا ہوں بس وہ پہلے جیسی ہو جائے“

سعد اب سنجیدہ ہو گیا تھا

”بھائی اسے وقت دو ٹھیک ہو جائے گی آہستہ آہستہ“

ذایان بھی سنجیدہ ہوا تھا

”وقت تو میں نے دیا ہوا ہے اسے پر میری شرارتوں سے کوئی نہیں بچا سکتا اس کو“

سعد نے شرارت سے آنکھ ماری تھی

”اور اس میشن میں میں آپ کے ساتھ ہوں“ انیک نے ہنستے ہوئے کہا

”توبہ ہے میں تو علیزے کی سائیڈ پر ہوں“

ذایان نے بھائی ہونے کا حق ادا کیا

تینوں ہنس رہے تھے تب علیزے روم سے باہر آ گئی اور ڈائیننگ ٹیبل پر بیٹھ گئی

گھر چھوٹا تھا ٹی وی لاؤنج سے بیٹھ کر ہر جگہ آرام سے نظر رکھی جا سکتی تھی ٹی وی لاؤنج کے سامنے ہی چار بڑے بڑے کمرے لائن سے بنے تھے ہر روم میں ایک واشروم تھا

ٹی وی لاؤنج کے سیدھے ہاتھ پر ڈائیننگ ٹیبل تھی اس سے تھوڑا آگے کچن تھا ٹی وی لاؤنج کے دوسری طرف تھوڑا آگے چل کر باہر کا دروازہ تھا

کچن کے برابر میں چھت کی سیڑھیاں تھیں

"بھائی یہ باہر کیوں آگئی"

انیک نے سرگوشی کی

"اس کو اکیلے روم میں ڈر لگ رہا ہو گا اسی لیے" سعد نے سرگوشی میں جواب دیا

"گڑیا کیا ہوا روم سے باہر کیوں آگئی ہیں"

ذایان نے پیار سے پوچھا

"وہ بھائی اکیلے میں ڈر لگ رہا ہے"

"گڑیا جھوٹ نہیں بولو یہ کہو نہ بھائی کے بنا دل نہیں لگ رہا روم میں"

انیک نے آنکھ دبائی

علیزے حیرت سے انیک کو دیکھ رہی تھی وہ سعد کے سامنے اس طرح کا مزاق کیسے کر سکتا ہے

"کوئی بات نہیں گڑیا ڈر لگ رہا ہے تو یہی بیٹھ جاؤ"

ذایان نے انیک کو گھورتے ہوئے کہا

سعد ٹی وی دیکھتے ہوئے وقفے وقفے سے علیزے کو بھی دیکھ رہا تھا جو خود کو جگائے رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی

سعد نے جب علیزے کو اونگھتے ہوئے دیکھا تو خاموشی سے اٹھ کر روم میں چلا گیا ذایان انیک بھی سمجھ گئے تھے سعد علیزے کی وجہ سے کمرے میں گیا ہے

For more visit (exponovels.com)

علیزے بھی اٹھ کر روم میں چلی گ ئی

سعد واشروم میں تھا

علیزے بیڈ پر لیٹ گ ئی لیٹتے ہی علیزے نیند کی وادیوں وادیوں میں کھو گ ئی

سعد واشروم سے نکلا تو علیزے کو سوتا دیکھ کر مسکرایا اور کمبل علیزے کو اوڑا کر خود بھی لائی ٹ بند کر کے لیٹ گیا

ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا علیزے اکیلی ایک اندھیرے گھر میں تھی علیزے کو اس اندھیرے میں سامنے سے کوئی ی آتا نظر آیا

"سعد آپ ہیں کیا ذایان بھائی ی آپ ہیں کیا انیک بھائی ی کوئی ی تو جواب دیں پلیز مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے"

علیزے نے سب کو پکارا

پر کوئی ی جواب نہیں آیا علیزے دروازے کی طرف بھاگی گھر سے باہر نکل کر اس نے دیکھا انسان ایک دوسرے کو کھا رہیں سب خون میں لت پت ہیں جس گھر سے وہ نکلی تھی وہاں سے بھی بہت سے لوگ اس کی طرف بڑھ رہے تھے

"نہیں نہیں بچاؤ مجھے کوئی ی بچاؤ کوئی ی میری مدد کرو چھوڑو مجھے دور رہو مجھ سے بچاؤ بچاؤ بچاؤ"

سعد کی آنکھ علیزے کی آوازوں سے کھل گ ئی جو نیند میں ہی چیخ رہی تھی

"علیزے اٹھو کیا ہوا ہے تمھیں علیزے علیزے اٹھو"

سعد نے علیزے کے بازوں پکڑ کر اسے زور سے جھنجوڑا

””چھوڑو چھوڑو مجھے مت کھاؤ دور رہو مجھ سے“

علیزے اٹھ تو گئی تھی پر ابھی بھی وہ خود کو اسی جگہ محسوس کر رہی تھیں

”علیزے میری طرف دیکھو میں ہوں سعد علیزے کوئی کچھ نہیں کر رہا تمھیں میں ہوں نہ ڈرو نہیں“

”نہیں مجھے نہیں کھاؤ دور رہو مجھ سے“

علیزے ابھی بھی ہوش میں نہیں آئی تھی

اگلے ہی پل سعد نے علیزے کو اپنی باہوں میں لے لیا تھا

”بس بس کچھ نہیں ہوا میں ہوں نہ تمھارے ساتھ“

سعد علیزے کو اپنی بانہوں میں چھپائے ایک ہاتھ سے اس کے بال سہلا رہا تھا

علیزے نے پہلے تو آزاد ہونے کی کوشش کی پھر سعد کے سینے سے سر ٹکا دیا

کمرے میں اب خاموشی تھی علیزے سعد کی بانہوں میں خود کو محفوظ محسوس کر رہی تھی

سعد بھی اپنی چھوٹی سی بیوی کو سینے سے لگائے اپنی دھڑکنے اسے سنا رہا تھا

”علیزے سب ٹھیک ہے چلو اب سو جاؤ“

سعد نے علیزے کو خود سے آرام سے دور کیا

”آپ کہی جائیں گے تو نہیں“

علیزے نے سعد کا ہاتھ پکڑ کے پوچھا

”نہیں میں کہی نہیں جا رہا یہی ہوں تم سو جاؤ اب“

سعد نے پیار سے کہا علیزے کو لیٹا کر خود بھی اس کے ساتھ لیٹ گیا

علیزے نے ابھی بھی سعد کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑا ہوا تھا

سعد آج خود کو مکمل محسوس کر رہا تھا کیوں کہ آج اس کے ساتھ اس کی بیوی اس کی محبت تھی سعد کو خود بھی نہیں معلوم وہ کب اس چھوٹی سی لڑکی سے محبت کر بیٹھا تھا

"توں جو ملی مکمل ہو گیا میں

تجھ بن ادھورا تھا میں"

ایک حسین صبح کی شرواعات ہو چکی تھی سب چرند پرند اپنے لیے رزق کی تلاش میں نکل رہے تھے کھڑکی سے آتی چڑیوں کی چہچاہٹ کی سریلی آواز علیزے کے کانوں میں پڑی تو علیزے نے اپنی ہرنی سی آنکھیں وا کیں

علیزے کو اپنے چہرے پر گرم سانسیں محسوس ہوئی یں

علیزے نے گھبراتے ہوئے برابر میں دیکھا سعد پر سکون نیند سو رہا تھا

علیزے ایسے اٹھ کر بیٹھی جیسے اس نے کوئی ی بھوت دیکھ لیا ہو علیزے اپنی بے ترتیب سانسوں کو ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہی تھی اتنے میں اس کی نظر اپنے ہاتھ پر پڑی جو سعد کے ہاتھ میں تھا

علیزے نے آہستہ سے اپنا ہاتھ سعد کے ہاتھ سے نکالا اور بھاگنے کے انداز میں واشروم میں گھس گ ئی

"ہائے یہ کیسے ہو گیا مجھے تو کچھ یاد نہیں وہ میرے اتنے قریب آئے کب اور کیسے مجھے تو پتا نہیں چلا"

علیزے واشروم کے دروازے سے چپکی خود سے ہی باتیں کر رہی تھی

علیزے اکثر نیند میں ہوئے ایسے واقعات کو بھول جایا کرتی تھی

علیزے کے جانے کے بعد سعد نے ایک خوبصورت مسکراہٹ کے ساتھ اپنی آنکھیں کھولیں

"اففف علیزے کب تک بھاگو گی مجھ سے تمھارے دل میں اپنی محبت کے نام کا درخت ضرور لگاؤں گا میں"

سعد بیڈ پر لیٹا اپنی سوچ میں گھوم تھا

"ان کو کیا ہوا لگتا ہے جن کی جگہ کسی پاگل نے لے لی ہے"

علیزے واشروم سے نکلی تو سعد اپنی سوچوں میں گھوم ہو کر خود ہی خود مسکرا رہا تھا علیزے خاموشی سے کمرے سے باہر نکل گ ئی

دروازہ بند ہونے کی آواز سے سعد اپنی سوچوں سے باہر آیا

"پھر بھاگ گ ئی یہ"

سعد بڑبڑایا اور اٹھ کے واشروم میں چلا گیا

علیزے کچن میں کوثر بیگم کے پاس آگ ئی

"اٹھ گ ئی ں بیٹا" کوثر بیگم نے پیار سے کہا

"جی مما"

"سعد اٹھ گیا"

"جی وہ بھی اٹھ گ ۓ"

"تم ایسا کرو ذایان انیک کو اٹھا آؤ ابھی تک نہیں اٹھے"

کوثر بیگم نے گھر کے دو شیطانوں کو اٹھانے کا حکم دیا

"جی مما ابھی اٹھا کر لاتی ہوں" علیزے کچن سے نکل گ ئی

"ذایان بھائی ی اٹھیں ذایان بھائی ی"

علیزے ذایان کے کمرے کا دروازہ بار بار بجا رہی تھی اور آوازیں دے رہی تھی

"کیا ہوا یہاں کھڑی کیا کر رہی ہو"

سعد کمرے سے نکلا تو علیزے کو ذایان کے کمرے کے باہر گھڑا دیکھ کر پوچھا

"وہ مما نے کہا ہے ذایان بھائی ی انیک بھائی ی کو اٹھا دوں پر میں کب سے آوازیں لگا رہی ہوں ذایان بھائی ی اٹھ نہیں رہے"

علیزے نے سر جھکائے انگلیاں کو مروڑتے ہوئے جواب دیا

"ذایاااان انیییک پانچ منٹ میں تم دونوں مجھے ناشتے پر ملو"

سعد نے کڑکدار آواز لگائی ی

ذایان انیک جو اپنے کانوں کو تالا لگا کر سو رہے تھے جلدی سے اٹھ گ ئے

"جی بھائی ی آ رہے ہیں"

دونوں نے باری باری آواز دی

علیزے ابھی تک کھڑی حیران تھی سعد آج اس پر غصہ نہیں کر رہا تھا

"کیا ہوا"

سعد نے علیزے کے سامنے چٹکی بجائی

"نہ نہیں نہیں کچھ نہیں"

علیزے نے ہوش میں آتے ہوئے کہا

”ہمم آجاؤ آجائیں گے وہ دونوں تمھیں یہاں پھیرا دینے کی ضرورت نہیں“

سعد ہلکا سا مسکایا

علیزے بھی ہلکی سی مسکائی اور شرماتی ہوئی کچن میں چلی گئی

کچھ دیر بعد ہی سب ڈائی ننگ ٹیبل پر اپنی اپنی نشستیں سنبھال کر بیٹھے تھے

”آہم آہم گڑیا رات کو ڈر تو نہیں لگا تھا“

انیک نے گلا کھنگارتے ہوئے سوال کیا

ذایان انیک کے ہوتے ہوئے کھانا کے ٹیبل پر امن قائم ہو ہی نہیں سکتا تھا

”ہاں گڑیا بولو تمھیں رات کو ڈر تو نہیں لگا“ ذایان کے اندر کا علیزے کا بھائی بھی جاگ گیا تو اس نے بھی فکر مندی سے پوچھا

علیزے کو تو کچھ یاد ہی نہیں آرہا تھا اور صبح والا سین سوچ کر تو علیزے نظریں اٹھانا ہی بھول گئی

کوثر بیگم ان کی باتیں سمجھنے کی کوشش کر رہیں تھیں

”کیا ہوا گڑیا بولو“

انیک نے علیزے سے پھر سے سوال پوچھا

”اس سے کیا پوچھ رہے ہو مجھ سے پوچھو“ سعد نے شرارت سے ایک آنکھ دبائی

علیزے شرمندہ سی گردن جھکا گئی اس کو تو کچھ یاد ہی نہیں تھا

”جی بھائی آپ ہی بتا دیں“

انیک نے دلچسپی سے کہا

"تو سنورات کو علیزے ڈر کے مارے روتے ہوئے نیند سے جاگ گ ئی یں تھیں"

"سعد چپ ہو جاؤ اپنے کمرے کی باتیں اپنے اور اپنی بیوی تک رکھو"

کوثر بیگم نے آنکھیں دیکھائی یں

"مما سننے تو دیں جی بھائی ی پھر کیسے چپ کروایا آپ نے گڑیا کو"

انیک نے پہلے کوثر بیگم کو سائی یڈ کیا پھر سعد سے مخاطب ہوا

"ہاں بھائی ی اس کو بتاؤ پیپر میں یہ ہی تو لکھنا ہے اس کو"

ذایان نے انیک کی دلچسپی دیکھ کر اس کا مزاق اڑایا

"سعد خبر دار جو تم ایک لفظ بھی بولے تو" کوثر بیگم نے سعد کو آنکھیں دیکھائی یں

علیزے شرم سے پانی پانی ہو گ ئی تھی آگے جانے کیا ہوا ہو گا وہ اپنی پلیٹ پر جھکی ہوئی ی تھی

"علیزے کو بانہوں میں بھر کر چپ کروایا تھا" سعد نے ٹرین کی سپیڈ سے جواب دیا تینوں بھائی یوں کا فلک شگاف قہقہ گونجا کوثر بیگم سر پکڑ کر بیٹھ گ ئی یں

علیزے تو اٹھ کر ہی بھاگ گ ئی

"بے شرموں شرم نہیں آتی تم تینوں کب سے تنگ کر رہے ہو اس کو اور تم سعد تم سے مجھے یہ امید نہیں تھی"

کوثر بیگم تینوں کو ڈانٹتی برتن اٹھا کر کچن میں چلی گ ئی یں

وہ تینوں ابھی بھی ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے

علیزے اپنے کمرے میں آ کر زور زور سے سانسیں لے رہی تھی

”میں کتنی بے وقوف ہوں پتا نہیں کیا کیا ہوا ہو گا رات کو اور صبح جو وہ میرے اتنے قریب لیٹے تھے ہائے میں کیا کروں میری تو ان سے نظریں ملانے کی بھی ہمت نہیں ہو رہی کیسے سامنا کروں گی ان کا“

علیزے یاد کرنے کی کوشش کر رہی تھی رات کو کیا ہوا تھا ایک دم سے علیزے کو وہ برا خواب یاد آیا اس کے بعد سب کچھ اس کے دماغ میں فلم کی طرح سامنے آ گیا

علیزے کا چہرا سرخ ہو گیا تھا

”تم لوگوں کو جانا نہیں ہے کب سے عورتوں کی طرح قہقہے لگا رہے ہو یہاں بیٹھ کر“

کوثر بیگم نے تینوں کو گھورا جو ابھی تک ٹیبل پر بیٹھے باتیں کر رہے تھے

”مما مرد بھی قہقہے لگاتے ہیں جب وہ بہت خوش ہوتے ہیں“

سعد نے معصومیت سے کہا

”تم لوگ جاتے ہو یا میں جھاڑو لاؤں“

”اچھا اچھا ہم جا رہے ہیں“

تینوں نے ایک ساتھ کہا

انیک ذایان اسی وقت نکل گ ۓ سعد کی گاڑی کی چابی روم میں ہی رہ گ ئی تھی

”سعد بہت بری بات ہے تمھیں اپنے روم کی باتیں اس طرح نہیں بتانی چاہیے تھیں“

کوثر بیگم نے سعد کو سمجھایا

”ارے میری پیاری مما میں بس مذاق کر رہا تھا آئندہ ایسا نہیں کروں گا پکا“

سعد نے پیار سے ماں کا ماتھا چوما

"اچھا چلو اب آفس جاؤ"

"مما گاڑی کی چابی روم میں بھول گیا ہوں وہ لے لوں پھر جاتا ہوں"

"ٹھیک ہے" کوثر بیگم روم میں چلی گ ئی

سعد نے روم کے دروازے کا ہینڈل گھمایا تو دروازہ نہیں کھلا کیونکہ وہ لاک تھا

علیزے بیڈ پر بیٹھی تھی وہ ابھی سعد کا سامنا کرنے کی حالت میں نہیں تھی

"علیزے دروازہ کھولو میرے کیز اندر رہ گ ئی ہیں"

سعد کی آواز پر علیزے کی سانسیں روک گ ئی

"اب کیا کروں میں"

کچھ سوچتے ہوئے علیزے نے سائیڈ ٹیبل سے چابیاں اٹھائی یں اور کمرے کے دروازے کے نیچے سے چابیاں باہر کی طرف کھسکا دی

سعد کو اپنے پاؤں پر کچھ محسوس ہوا تو نیچے دیکھا تو چابیاں تھیں سعد نے مسکراتے ہوئے چابیاں اٹھالیں

"اتنی شرم کہاں سے لاتی ہے یہ میڈم"

سعد گھر سے باہر نکل گیا

اس کے جانے کے بعد علیزے روم سے باہر آئی ی

"مما مجھے کچھ بات کرنی تھی آپ سے"

علیزے اور کوثر بیگم ظہر کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئی یں تھیں تو علیزے کو کچھ یاد آ گیا تھا

"مما میں اپنی تعلیم مکمل کرنا چاہتی ہوں" علیزے نے ہچکچاتے ہوئے کہا

"میری بچی یہ تو بہت اچھی بات ہے میں تو بہت خوش ہوں تمھارے اس فیصلے سے"

کوثر بیگم دل سے خوش ہوئی یں تھیں وہ علیزے کی سگی ماں نہیں تھیں پر اسے سگی سے بڑھ کر چاہتی تھیں

"تھینکیو مما" علیزے نے خوش ہو کر کہا

"اچھا ایسا کرنا تم سعد سے بھی پوچھ لینا ایک بار وہ منا تو نہیں کرے گا لیکن اب وہ تمھارا شوہر ہے تم کیا چاہتی ہو یا کیا کر رہی ہو یہ سب اس کے علم میں بھی ہونا چاہیے" کوثر بیگم نے پیار سے علیزے کو کہا

"مما انھوں نے منا کر دیا تو"

علیزے نے اداسی سے کہا

"نہیں کرے گا تم پریشان نہیں ہو چلو اب کھانا کھاتے ہیں"

"ہم چلیں مما مجھے بھی بھوک لگی ہے"

"اَلسلامُ عَلَیکُم انیک بھائی ی"

انیک یونیورسٹی سے آیا تھا ابھی علیزے نے دروازہ کھولتے ہی سلام کیا

"وَعَلَیکُم السَّلام میری گڑیا کیسا گزرا دن"

انیک نے علیزے کو اپنے ساتھ لگایا

"اچھا گزرا بھائی ی یہ شوپر میں کیا ہے"

علیزے نے انیک کے ہاتھ میں شوپر کی طرف اشارہ کیا

"ارے یہ میں تمھارے لیے لایا تھا"

For more visit (exponovels.com)

انیک نے شوپر علیزے کی طرف بڑھا دیا

علیزے نے شوپر لی تو اس میں کوٹن کینڈی تھی

"تھینکیو انیک بھائی ی"

علیزے نے خوش ہوتے ہوئے کہا

"چلو اب تم بیٹھ کر یہ کھاؤ میں فریش ہو کر آتا ہوں"

انیک نے پیار سے کہا اور اپنے روم میں چلا گیا

"ارے یہ کس نے لا کر دی تمھیں"

کوثر بیگم نے علیزے کو کوٹن کینڈی کھاتے دیکھا تو اس سے پوچھا

"مما انیک بھائی ی نے لا کر دی ہے آپ کھائی یں گی"

علیزے نے کوٹن کینڈی کھاتے ہوئے پوچھا

"نہیں تم کھاؤ انیک کہاں ہے"

"وہ فریش ہونے گ ئے ہیں"

"اچھا ٹھیک ہے"

کوثر بیگم بھی علیزے کے پاس ہی بیٹھ گ ئی یں

کچھ دیر بعد پھر ڈور بیل بجی

"مما ذایان بھائی ی آئے ہوں گے میں دیکھتی ہوں"

علیزے فوراً دروازہ کھولنے چلی گ ئی

”اَلسلامُ عَلَیکُم“

علیزے نے دروازہ کھولتے ہی سلام کیا

”وَعَلَیکُم السَّلام میری گڑیا“

ذایان نے پیار سے علیزے کے سر پر ہاتھ پھیرا

”ذایان بھائی ی آپ میرے لیے کیالائے انیک بھائی ی تو کوٹن کینڈی لائے تھے“

”میں اپنی گڑیا کے لیے چاکلیٹس لایا ہوں“

ذایان نے جیب میں سے چاکلیٹس نکال کر علیزے کو دی

”تھینکیو بھائی ی“

”تم لوگ اس کو بڑا ہونے مت دینا“

کوثر بیگم نے علیزے کے ہاتھ میں چاکلیٹ دیکھی تو مسکراتے ہوئے کہا

”ارے مما ہماری گڑیا کے ابھی کھیلنے کھودنے کے دن ہے آپ اس کو انجوئے کرنے دیں“

انیک ابھی فریش ہو کر روم سے نکلا تھا کوثر بیگم کی بات سن کر اپنی گڑیا کی فوراًسائی یڈلی

”ارے بھ ئی میں تو چاہتی ہوں میری بچی ایسے ہی خوش رہے“

کوثر بیگم نے پیار بھری نظروں سے علیزے کو دیکھا

علیزے چاکلیٹ کھانے میں مگن تھی

اتنے میں ڈور بیل پھر بجی

”علیزے جاؤ بیٹا دروازہ کھولو“

"انیک بھائی ی آپ جائی یں میں تھک گ ئی بار بار دروازہ کھول کے"

علیزے صوفے پر بیٹھ گ ئی

کوثر بیگم نے دائے بائے گردن ہلائی ی وہ سمجھ گ ئی یں تھی علیزے سعد سے دور بھاگ رہی ہے

"جھوٹی یہ بولو نہ سعد بھائی ی سے چھپ رہی ہو"

انیک علیزے کو جھوٹی کا خطاب دیتا دروازہ کھولنے چلا گیا علیزے ٹیڑے میڑے منہ بنا کر چاکلیٹ کھانے میں مصروف ہو گ ئی

"اَلسَلامُ عَلَیُکم" سعد نے سب کو سلام کیا

علیزے سعد کی آواز سن کر ایسے سیدھی ہو کر بیٹھی جیسے سعد نے سلام نہ کیا ہو اا ٹینشن کہا ہو

"وَعَلَیُکم السّلام میرا بچہ آؤ بیٹھو"

کوثر بیگم نے پیار بھرے لہجے میں کہا

"مما پہلے میں فریش ہو جاؤ ں پھر بیٹھوں گا" سعد نے جواب دیا

"علیزے ایک گلاس روم میں پانی لے کر آؤ"

سعد جاتے جاتے علیزے کو آرڈر دے گیا

علیزے بڑے مزے سے چاکلیٹ کہا رہی تھی سعد کی آواز کان میں پڑتے ہی چونکی پھر برے برے منہ بناتی ایک ہاتھ میں آدھی کھائی ی چاکلیٹ سنبھالے کھڑی ہو گ ئی

علیزے پانی لے کر روم میں آئی ی تو سعد آنکھیں بند کر کے بیڈ پر نیم دراز تھا

"پانی" علیزے نے آہستہ سے کہا اور گلاس سعد کی طرف بڑھا دیا

سعد نے آنکھیں کھولی تو علیزے پانی کا گلاس لے کر کھڑی تھی سعد نے گلاس لے کر لبو سے لگا لیا

وہ پانی پیتے ہوئے بھی علیزے کو دیکھ رہا تھا

"میں جاؤں" علیزے نے گھبراتے ہوئے کہا

"میرے کپڑے نہیں نکالے تم نے وہ تو نکال دو" سعد نے گلاس سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

"جی"

"یہ تو دیتی جاؤ"

علیزے مڑنے والی ہی تھی سعد نے علیزے کے ہاتھ سے اس کی آدھی ادھوری چاکلیٹ چھین لی

"میری چاکلیٹ"

علیزے نے چاکلیٹ لینے کی کوشش کی تو سعد نے جلدی سے منہ میں رکھ لی

"اب تو گئی میرے پیٹ میں"

سعد نے ہنستے ہوئے کہا

علیزے نے برا سا منہ بنایا اور دل میں سعد کو بھوکے کے لقب سے نوازتی الماری سے کپڑے نکالنے لگی

سعد کی نظریں علیزے پر ہی مرکوز تھیں

سعد کی شوخیاں نظریں دیکھ کر علیزے بلکل الماری کے اندر ہی گھس گئی تھی اس نے جلدی سے ایک

ڈریس نکال کر بیڈ پر رکھا اور روم سے بھاگنے کے انداز میں نکلی

علیزے حواس باختہ سی باہر نکلی تو ذایان سے ٹکرا گئی

"ارے ارے میری گڑیا کیا ہو گیا اتنی گھبرائی ہوئی کیوں ہو"

ذایان نے علیزے کے دونوں بازوں پکڑ کر سنبھالا

"کچھ نہیں ہوا مجھے علاج کرائی یں اپنے بھائی ی کا تنگ کرتے رہتے ہیں مجھے میڑی چاکلیٹ بھی کھاگ ئے"

علیزے نے بچوں کی طرح سعد کی شکایتیں لگانی شروع کر دیں

"آنے دو بھائی ی کو لیتا ہوں میں بھائی ی کی خبر" ذایان نے مسکراہٹ چھپاتے ہوئے کہا

"رہنے دیں بھائی ی وہ آپ کی خبر لے لیں گے" علیزے نے ذایان کو یاد دلایا سعد اس کا بڑا بھائی ی ہے

"یہ تو تم صحیح کہہ رہی ہو چلو آ جاؤ سوچتے ہیں کچھ"

ذایان نے پر سوچ انداز میں کہا

"کیا ہوا یہ کیا پھڈا اچل رہا ہے"

انیک نے علیزے کا منہ بنا دیکھا تو دلچپسی سے پوچھا

"لو اس کو بتاؤ لڑاکا عورت کو"

ذایان کا ایسا کہنا تھا

علیزے زور زور سے ہنسنے لگی اس کے قہقوں کی آواز پورے گھر میں گونج رہی تھیں

"تمھیں تو میں چھوڑوں گا نہیں"

انیک ذایان کو مارنے اٹھا ذایان اٹھ کر دوسری طرف بھاگ گیا دونوں پورے ٹی وی لاؤنج میں چکر لگا رہے تھے

علیزے ان کی حرکتوں پر پیٹ پکڑ کر ہنس رہی تھی

"یہ کیا ہو رہا ہے اتنا شور کیوں مچار کھا ہے" کوثر بیگم ان کی دھما چوکڑی سن کر غصے سے روم سے باہر آئی یں

کوثر بیگم کا غصہ دیکھ کر علیزے کی ہنسی اور ذایان انیک کے پاؤں کو بریک لگا

”تم دونوں آخر کب بڑے ہوگے گھر کو کھیل کا میدان سمجھ رکھا تم دونوں نے“

کوثر بیگم نے ذایان انیک کے کان مروڑے

”آہ مما بھائی ی نے شروع کیا تھا“

انیک نے کراہتے ہوئے کہا

”مما میں تو مزاق کر رہا تھا“

ذایان نے کان چھڑوانے کی کوشش کی

کوثر بیگم نے دونوں کے کان چھڑنے کے بجائے اور زور سے مروڑ دیے

”تم لوگوں کو شرم آتی ہے اتنے بڑے ہوگ ئے ہو لیکن اوٹ پٹانگ حرکتیں کرنے سے باز نہیں آتے ہو آخر کب عقل آئے گی تم دونوں کو کل کہی تمھاری شادی کروں گی تو تمھاری حرکتیں دیکھ کر کون کہے گا تم شادی کے لائ ق لڑکے ہو“

For more visit (exponovels.com)

علیزے دونوں بھائی یوں کی درگت بنتے دیکھ کر اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی ہنسی کو روکنے کی کوشش کر رہی تھی

”مما ہم جب تک بڑے ہو جائی یں گے نہ“

ذایان نے التجا کی

”مما چھوڑ دیں ان دونوں کو یہ تو ہمارے گھر کی رونق ہیں“

سعد نے دونوں بھائی یوں کو کوثر بیگم کے غصے سے بچایا

”تم نے بگاڑا ہے ان دونوں کو“

کوثر بیگم نے اپنی طوپوں کا رخ اب سعد کی طرف کیا

”ارے میری پیاری مما پلیز اتنا غصہ نہیں کریں میں ہوں نہ میں سدھار دوں گا ان کو“

سعد نے کوثر بیگم کا غصہ ٹھنڈا کرنا چاہا

”ہاں سدھار لیا تم نے انھیں“

کوثر بیگم روم میں چلیں گ ئی یں

”یہ تم کیا حرکتیں کرتے رہتے ہو تم دونوں کے شور کی آواز اور بیگم صاحبہ کے قہقوں کی آواز میں نے واشروم تک میں سنی ہے“

”بھائی ی ذایان نے چھیڑا تھا پہلے مجھے“

انیک نے معصوم سی شکل بنائی

”اچھا کیا کہا تھا میں نے بھائی ی کو بتاؤ“

ذایان نے بہادری دیکھائی ی

”بھائی ی ذایان نے مجھے“

انیک کہتے کہتے روک گیا

”ہاں ہاں بولو نہ کیا بولا تھا میں نے“

ذایان نے اکسایا انیک کو

”کچھ نہیں بولا“

انیک نے ذایان کو گھورا اور علیزے کے پاس جا کر بیٹھ گیا

”اچھا چلو اب مما کو مناتے ہیں“

سعد نے سب کو مشن پر لگایا

سب نے مل کر کوثر بیگم کو منایا اور اسی طرح ایک دن اور ہنسی خوشی اختتام پزیر ہوا

”کیسے پوچھوں اب میں ان سے یہ تو لیپ ٹاپ کا پیچھا نہیں چھوڑ رہے افف کیا تھا ہمارا رشتہ کیا ہو گیا کاش سب کچھ پہلے جیسا ہوتا تو میں ان کے ہاتھ سے یہ لیپ ٹاپ چھین کر اپنی بات منواتی“

کیا ہوا کوئی ی مسل ئی ہ ہے کیا کب سے ایک ہی پوزیشن میں بیٹھی ہو“

سعد کی آواز کان میں پڑتے ہی علیزے اپنے سوچوں کے سمندر سے باہر آئی ی

”وہ وہ مو مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے“علیزے نے اپنی قمیض کے دامن کو انگلی میں لپیٹتے ہوئے کہا نظریں بھی جھکی تھیں

”زہے نصیب آج تو بیگم صاحبہ مجھ سے خود مخاطب ہوئی ی ہیں“

سعد لیپ ٹاپ سائیڈ پر رکھ کر پوری طرح متوجہ ہوا

”اب چپ کیوں ہو کہو کیا کہنا ہے“

سعد نے چپ بیٹھی علیزے کو یاد دلایا کہ وہ کچھ بات کرنے والی تھی

”جی وہ میں اپنی ایجوکیشن مکمل کرنا چاہتی ہوں“

”ہمم یہ تو بہت اچھی بات ہے کالج میں بھی ایڈمیشن ہو گیا تھا نہ تمھارا پر تم جا نہیں سکی“ سعد نے سنجیدگی سے کہا

”جی ہاں“علیزے نے جواب دیا

”او کے مجھے کوئی ی پرابلم نہیں تم اپنی ایجوکیشن اسٹارٹ کر سکتی ہو“

سعد نے مسکراتے ہوئے کہا

”جی وہ میرے پاس نہ کالج ڈریس ہے اور نہ کوئی ی سامان کالج کا“

علیزے نے گھبراتے ہوئے کہا

"تو اس میں کونسی مشکل ہے میں کل آفس سے آکر تمھیں لے چلوں گا بازار تم لے لینا جو لینا ہو"

علیزے کی تو سانس ہی روک گ ئی سعد کے ساتھ بازار اکیلے جانے کا سن کر علیزے کی جھیجک شرم گھبراہٹ ابھی بھی علیزے کے اندر پنچھے گڑائے بیٹھی تھی

"مے میں مما کے ساتھ چلی جاؤں گی"

علیزے نے فوراً کہا

"کیوں میرے ساتھ جانے میں کیا مسل ئی ہ ہے" سعد کو اچھا نہیں لگا علیزے کا یوں دور بھاگنا

"یہ تو جن بن گ ئے"

علیزے نے سعد کی آنکھوں میں خفگی دیکھی تو اب بہانے سوچنے لگی

"وہ مجھے خریداری کرنی نہیں آتی اس لیے کہا میں نے"

علیزے نے سعد کی خفگی دور کرنی چاہی

"تو مجھے آتی ہے نہ خریداری کرنی میں دلا دوں گا"

سعد کی خفگی سچ میں دور ہو گ ئی

"جی ٹھیک ہے"

علیزے سونے کے لیے لیٹ گ ئی سعد بھی روم کی لائ ٹ بند کر کے سونے لیٹ گیا

دوسرے دن علیزے نے کوثر بیگم کو بازار جانے کا بتا دیا تھا

"کہا جا رہی ہے یہ باپ بیٹی کی جوڑی"

انیک نے سعد اور علیزے کو بازار جانے کی تیاری کرتے دیکھا تو پوچھا

For more visit (exponovels.com)

"یہ باپ بیٹی کس کو کہا تم نے"

سعد نے حیرت سے کہا

"آپ باپ علیزے آپ کی بیٹی"

انیک نے بڑے مزے سے کہا اور ہنسنے لگ گیا اگلے ہی لمحے انیک کا کان سعد کے ہاتھ میں تھا

"کیا کہا تم نے دوبارہ بولو"

سعد نے انیک کا کان موڑتے ہوئے کہا

"آہ سوری بھائی ی کان تو چھوڑے اب نہیں بولوں گا" انیک نے کراہتے ہوئے کہا

"لگاؤ سعد اسے ایک تھپڑ بہت فضول بولتا ہے یہ" کوثر بیگم نے بھی سعد کا سعد دیا

"مما آپ کتنی ظالم ہیں میں بہرا ہو جاؤں گا بھائی ی کا تھپڑ کھالیا تو میں نے پھر آپ کی ڈانٹ کیسے سنوں گا"

انیک نے معصوم سی شکل بنائی

"چھوڑ دیں بھائی ی سزا مل گ ئی ہے بچارے کو" ذایان کو ترس آ گیا انیک پر

"چھوڑ دیں انیک بھائی ی کو پلیز"

علیزے نے بھی ہمت کر کے بول ہی دیا

"ہائے یہ ہیں میرے سگے آپ دونوں ظالم سماج ہیں"

انیک کہاں خاموش رہنے والا تھا

"تمھارا منہ بند نہیں ہو گا نہ نہیں چھوڑوں گا میں تمھیں"

سعد پر بھی کوئی ی اثر نہیں ہوا

”بیٹا چھوڑو اس کو تم جاؤ نہیں تو رات ہو جائے گی“

کوثر بیگم کے کہنے پر سعد نے چھوڑ دیا

انیک اپنا کان مسلتے ہوئے صوفے پر بیٹھ گیا

”ہائے کتنے ظالم ہیں بھائی ی آپ قسم سے اتنی زور سے کان مروڑا ہے“

انیک نے اپنے سرخ ہوئے کان کو سہلاتے ہوئے کہا

”سعد چھوڑو اس کو جاؤ تم“ کوثر بیگم نے انیک کو گھورا

”چلیں“ سعد نے علیزے کی طرف دیکھا

”جی چلیں“

علیزے ایک قدم آگے بڑھی پھر روک گ ئی کیوں کہ سعد کھڑا اسے گھور رہا تھا

”بیٹاتم دونوں سمجھ کیوں نہیں رہے لوگوں کی نظروں میں یہ ہمارے گھر کی بڑی بہو ہے اگر اس کو نہیں لے کر گ ئی تو لوگ سمجھیں گے کہ ہم تمھیں جانے کیسا رکھتے ہیں گھر میں بند رکھتے ہیں تمھیں کسی سے ملنے بھی نہیں دیتے وہاں سب سے ملو گی سب کے ساتھ بیٹھو گی تو کوئی ی یہ نہیں سوچے گا کہ بن ماں باپ کی بچی کو ہم اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں نہ کہ بوج“

کوثر بیگم نے تحمل سے سمجھایا

”اچھا آپ سعد سے تو پوچھ لیں“

علیزے نے آہستہ سے کہا

”نہیں کہے گا وہ کچھ محلے میں تو جا رہے ہیں کہی دور تھوڑی جا رہے ہے آجاؤ اب دونوں کھانا کھاؤ“

کوثر بیگم نے نرمی سے کہا اور روم سے چلیں گ ئی یں

”گڑیا پریشان نہیں ہو بس کچھ گھنٹوں کی تو بات ہے پھر تمھیں یہی واپس آجانا ہے اپنے جن جیسے شوہر اور دو شیطان بھائی یوں کے پاس“ انیک نے علیزے کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا

علیزے ہنس دی انیک بھی اس کے ساتھ مسکرا دیا

علیزے نے میلاد میں جانے کے لیے بلو کلر کی گھیر دار فراک زیب تن کی تھی اس کے ساتھ چوڑی دار پجامہ تھا اس نے سن فلاور کے ہلکے ہلکے سے بوندوں کو اپنے کانوں کی زینت بنایا تھا اپنی خوبصورت کلائی یوں میں گولڈ کے کنگن سجائے تھے جو کوثر بیگم نے اسے پہننے کے لیے دیے تھے چہرے پر ہلکا سا میک اپ کیے وہ شہزادی لگ رہی تھی

”بھائی ی میں کیسی لگ رہی ہوں“

علیزے صوفے پر بیٹھے انیک سے سے پوچھ رہی تھی

"میری گڑیا تو ہے ہی اچھی تو اچھی ہی لگے گی نہ"

انیک نے پیار سے اپنی بھولی بھالی شہزادی کو دیکھا

"بھ ئی سیدھی طرح بتائیں میں کیسی لگ رہی ہوں" علیزے نے نروٹھے پن سے کہا

"میری گڑیا شہزادی لگ رہی ہے بلکل"

انیک نے دل سے تعریف کی

"ہوگ ئی ں بیٹا تم تیار"

کوثر بیگم نے چادر اوڑتے ہوئے کہا

"جی مما دیکھیں"

علیزے نے کوثر بیگم کی طرف رخ کر کے اپنی فراک پھیلاتے ہوئے کہا

"ماشاءاللہ نظر نہ لگے میری بچی کو"

کوثر بیگم نے پیار سے علیزے کی بلائی یں لیں

"مما میں عبایا پہن کر آتی ہوں"

علیزے روم کی طرف بھاگی پھر دونوں صائمہ کے گھر کے لیے نکل گ ئی یں

"اَلسَلامُ عَلَیُکم"

صائمہ علیزے اور کوثر بیگم سے خوش اخلاقی سے ملی

"وَعَلَیُکم السَّلَام"

کوثر بیگم اور علیزے نے ساتھ جواب دیا

کیسی ہو علیزے ماشاء اللہ تم تو اور پیاری ہو گ ئی ہو"

صائمہ نے مسکراتے ہوئے کہا

کوثر بیگم تو صائمہ کی ماما سے باتوں میں لگ گ ئی یں تھیں

علیزے آنکھیں پھاڑے صائمہ کو دیکھ رہی تھی اتنے پیار سے صائمہ نے کبھی بات نہیں کی تھی علیزے سے کبھی

"ایسے کیا دیکھ رہی ہو پورانی باتیں بھول جاؤ میں بھی بھول گ ئی ہوں آج سے تم میری چھوٹی بہن ٹھیک ہے"

صائمہ نے مسکراتے ہوئے کہا

"آپی مجھے بہت اچھا لگے گا آپ کی چھوٹی بہن بن کر"

علیزے نے بھی مسکراتے ہوئے کہا

"چلو آجاؤ ہم میلاد میں بیٹھتے ہیں"

صائمہ نے علیزے کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

"جی آپی چلیں"

علیزے بھی خوشی خوشی اس کے ساتھ چلی گ ئی

صائمہ نے علیزے کو ایک طرف بیٹھایا جگہ کم ہونے کی وجہ سے خود اس کے پیچھے بیٹھ گ ئی علیزے کا سارا ڈر ختم ہو گیا تھا

انیک گھر میں ٹی وی دیکھ رہا تھا دروازے پر دستک ہوئی ی

انیک نے دروازہ کھولا تو سامنے کھڑی شخصیت کو دیکھ کر انیک کے ماتھے پر بل پڑ گ ئے اور چہرا ضبط سے سرخ ہو گیا

"اَلسَلامُ عَلَیُکم"

ردا نے نظریں جھکا کر سلام کیا انیک کو دیکھ کر اس کی آنکھوں میں جو چمک ابھری تھی وہ آج بھی انیک کی نظروں سے نہیں چھپ سکی تھی

"کیا کام ہے"

انیک نے ردا کے سلام کا جواب دینا بھی ضروری نہیں سمجھا

وہ میں علیزے سے ملنے آئی ی تھی"

انیک کی سرد مہری پر ردا کی آنکھوں میں نمکین پانی جما ہو گیا تھا

"نہیں ہے وہ گھر میں گ ئی ہوئی ی ہے جاؤ اب" انیک نے ردا کا جواب بھی نہیں سنا اور اس کے منہ پر دروازہ بند کر دیا لیکن ردا کی آنسوؤں سے بھری آنکھیں انیک نے دیکھ لیں تھی

ردا آنسو پونچھتی اپنے ڈرائی یور کے ساتھ واپس گھر چلی گ ئی تھی

"آخر کیا ہے اس لڑکی کی آنکھوں میں جو مجھے سمجھ نہیں آتا کیوں اس کی آنکھوں کی چمک مجھے دیکھ کر بڑھ جاتی ہے یا مجھے ایسا لگتا ہے آخر کیا چاہتی ہو تم مجھ سے"

انیک نے سوچتے سوچتے اپنے بال نوچ لیے تھے دروازے پر دوبارہ دستک ہوئی ی دروازہ کھولا تو ذایان تھا

"شکر ہے بھائی ی تم آگ ئے میں تو بور ہو رہا تھا اکیلا" انیک نے بے زاری سے کہا

"کیوں چھوٹے گڑیا اور مما کہاں ہیں"

ذایان نے انیک کے کندھے پر ہاتھ پھیلاتے ہوئے کہا

"یار بھائی ی وہ صائی مہ کے گھر گ ئی ہیں میلاد میں"

انیک نے ذایان کے ساتھ چلتے چلتے کہا

"ہم چل اپن لوڈو کھیلیں"

ذایان نے وقت گزاری کا حل بتایا

"یس بھائی ی تم چینج کر کے آؤ میں ابھی لاتا ہوں" انیک نے خوشی سے کہا

پھر دونوں لوڈو کھیلنے میں مصروف ہو گ ئے

"دعا بیٹا مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے" رفعت بیگم نے دعا سے کہا جو اسکول کے بچوں کی کاپیاں چیک کر رہی تھی

"جی امی کریں کیا بات کرنی ہے"

دعا کاپی بند کر کے پوری طرح رفعت بیگم کی طرف متوجہ ہوئی ی

"وہ بیٹا فیض چاہتا ہے تمھاری شادی عاسم سے ہو جائے"

رفعت بیگم نے جھجکتے ہوئے کہا

"امی یہ کیسی باتیں کر رہیں ہیں آپ اچھی طرح جانتی ہیں وہ کتنا اوباش قسم کا انسان ہے امی آپ منا کر دیں"

بھائی ی کو دعا نے خفگی سے کہا

"بیٹا تم کیا سمجھتی ہو میں خوش ہوں کیا اس فیصلے سے نہیں بیٹا میں بھی خوش نہیں لیکن تمھارے بھائی ی کی آنکھوں پر اپنی بیوی کی محبت کی پٹی بندھی ہے جو وہ کہتی ہے وہی کرتا ہے وہ"

رفعت بیگم نے ٹوٹے ہوئے لہجے میں کہا

"امی تو بھائی ی کو نظر نہیں آتا کیا وہ کتنا عیاش انسان ہے"

دعا روہانسی ہو گ ئی تھی

"بیٹا اس کو کہاں سے نظر آئے گی خامیاں تمھارے بھائی ی کے سامنے تو اچھا بنے کے ڈرامے کرتا ہے لیکن تم فکر نہیں کرو میں نے تمھارے بھائی ی سے کچھ وقت مانگا ہے تم دعا کرو کوئی ی اچھا رشتہ آجائے اس بیچھ"

رفعت بیگم نے دعا کو امید دلائی ی

"جی امی" دعا کا دل کیا ذایان کی بارے میں بتا دیں اپنی ماں کو لیکن اس نے سوچا پہلے وہ خود مل لے ذایان اور اس کی بھابی سے پھر کوئی ی فیصلہ کرے گی

"مما اور علیزے کہاں ہیں"

سعد ابھی آفس سے لوٹا تھا ماں اور بیوی کو گھر میں نا پا کر ذایان انیک سے پوچھ رہا تھا

"وہ صائمہ کے گھر میلاد میں گ ئی یں ہیں کافی دیر ہو گ ئی ہے ان کو اب تو آنے والی ہو نگی"

انیک نے جواب دیا

"ہمم" سعد خاموشی سے روم میں جا کر بیٹھ گیا

"بھائی ی مجھے سعد بھائی ی غصے میں لگ رہے ہیں" انیک نے سنجیدگی سے کہا

"ہاں لگ تو رہے ہیں علیزے ان سے پوچھے بغیر جو گ ئی ہے وہ بھی اس صائمہ کے گھر جس سے سعد بھائی ی ہمیشہ علیزے کو بچاتے آئے ہیں" ذایان نے سنجیدگی سے جواب دیا

"اب کیا ہو گا" انیک نے سوال پوچھا

For more visit (exponovels.com)

”کچھ نہیں“

علیزے کا پیارا سا مکھڑا دیکھ کر بھائی ی کا غصہ ختم ہو جائے گا ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

”ہمم“ انیک بھی مسکرایا

”کیوں کرتے ہیں وہ مجھ سے اس طرح بات کیا ان کو نظر نہیں آتا میری آنکھوں میں ان کے لیے پیار“

ردا کی آنکھوں سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے تھے آج انیک کی سرد مہری سے اسے بہت دکھ ہوا تھا اس کا صبر جواب دے گیا تھا گھر آ کر وہ اپنے کمرے میں پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی

سعد کو آج سچ میں بہت غصہ آ رہا تھا وہ صائمہ سے اس کو دور رکھنے کی کوشش کرتا تھا اور وہ وہی چلی گ ئی تھی

اس کو ڈر تھا صائمہ کوئی ی نقصان نہ پہنچا دے اس کو

سعد اپنی سوچوں میں گھم تھا جب کمرے کا دروازہ کھلا

”سعد آپ نے کپڑے چینج نہیں کیے

علیزے مسکراتے ہوئے روم میں داخل ہوئی ی تھی

”کہاں گ ئی تھیں تم“

سعد نے غصے پر قابو پاتے ہوئے کہا

”میں مما کے ساتھ صائمہ آپی کے گھر گ ئی تھی میلاد میں“

علیزے نے مسکراتے ہوئے کہا وہ بیچاری سعد کا غصہ نہیں سمجھ پائی ی

"میں آپ کے کپڑے نکال دیتی ہوں"

علیزے سینڈل اتار کر الماری کی طرف بڑھ گئی وہ کپڑے نکال کر پیچھے ہی مڑی تھی کے سعد سے ٹکرا گئی

"کس سے پوچھ کر گئی تھیں تم"

سعد دھاڑا تھا اور علیزے کے ہاتھ سے کپڑے چھین کر بیڈ پر پھینکے تھے

علیزے الماری کے دروازے سے چپکی تھی سر سے پاؤں تک کپکپا رہی تھی اس کو کہاں عادت تھی سعد کے اتنے زیادہ غصے کی وہ ڈر کے مارے کچھ بول بھی نہیں پا رہی بس نظریں جھکائے آنسوں بہا رہی تھی

"یا اللہ خیر اس لڑکے کو کیا ہو گیا"

کوثر بیگم کو سعد کے چیخنے کی آواز آئی تو وہ بھاگی بھاگی سعد کے روم میں آ گئیں ان کے پیچھے ذایان انیک بھی آ گئے

"کیا ہوا ہے سعد دماغ ٹھیک ہے تمہارا اتنے زور چیخ ہو تم"

کوثر بیگم سعد ڈانٹتے ہوئے آگے بڑی تو سعد کے سامنے کھڑی علیزے کو کپکپاتے ہوئے سسکتا پایا

"میری بچی"

کوثر بیگم نے علیزے کو اپنے ممتا بھرے آغوش میں لے لیا

کوثر بیگم کا سہارا ملتے ہی وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی

"تمھارا دماغ خراب ہو گیا ہے پاگل ہو گئے ہو اس کی حالت دیکھوں کتنا ڈر گئی ہے یہ کپکپا ہی رہی ہے"

کوثر بیگم نے سعد کو ڈانٹا آج ان کو سچ میں ہی غصہ آ گیا تھا

ذایان انیک زندگی میں پہلی بار سنجیدہ اور خاموش کھڑے تھے

For more visit (exponovels.com)

”اس سے پوچھیں کس سے پوچھ کے گ ئی تھی یہ صائمہ کے گھر اس کو میں نے کتنی دفع کہا ہے جہاں جائے مجھ سے پوچھ کے جایا کرے یہ سنتی نہیں ہے آج اس کا دماغ ٹھیک کر کے رہوں گا میں“

سعد پھر سے علیزے کی طرف بڑھا

”پیچھے ہٹو خبر دار جو تم نے میری بچی کو ایک لفظ بھی کہا تو سزا دینی ہے نہ مجھے دو میں لے کر گ ئی تھی اس کو اپنے ساتھ زبردستی اس نے مجھ سے کہا بھی تھا میں تم سے پوچھ لوں پر میں نے کہہ دیا تھا گلی میں ہی جا رہے ہیں دور نہیں جا رہے سعد کچھ نہیں کہے گا لیکن مجھے نہیں پتا تھا تم اس معصوم کے ساتھ ایسا سلوک کرو گے“

”جی بھائی ی مما ٹھیک کہہ رہی ہیں گڑیا تو منا کر رہی تھی جانے کا وہ تو مما ہی زبردستی لے گ ئی ساتھ اس کو“

انیک نے ڈری سہمی گڑیا کے حق میں گواہی دی

”بس کرو اس کی غلطی پر پردہ مت ڈالو“ سعد آج سچ میں ہی جن بن گیا تھا سعد ایک بار پھر علیزے کیطرف بڑھا

”بھائی ی بس بہت ہو گیا حالت دیکھیں اس کی اس کے پاؤ ں تک لڑ کھڑا رہے ہیں بس بہت ہو گیا بہت دیر سے برداشت کر رہا ہوں میں اب ایک منٹ اور نہیں رہے گی میری بہن آپ کے ساتھ لے جا رہا ہوں میں اپنی بہن کو اپنے ساتھ“

ذایان سے اپنی بہن کے آنسو برداشت نہ ہوئے تو بھائی ی کو بھول کر بہن کا ساتھ دیا ذایان نے علیزے کو کوثر بیگم کے آغوش سے اپنے آغوش میں لے لیا

”کہاں لے جا رہے ہو میری بیوی کو تم“

سعد نے غصے سے کہا

"اس کے میکے لے جا رہا ہوں"

ذایان نے سنجیدگی سے جواب دیا

علیزے نے نظریں اٹھا کر ذایان کو دیکھا جس کے چہرے سے ایسا بلکل نہیں لگ رہا تھا کہ وہ مذاق کر رہا ہے باقی سب کا بھی یہ ہی حال تھا

"تمھارا دماغ ٹھیک ہے اس کا کونسا میکا آ گیا" سعد نے ناسمجھی سے کہا

"اس کمرے سے باہر نکل کر ہی اس کا میکا ہے کیوں کہ اس کمرے میں آپ اپنی بیوی کے ساتھ رہتے ہیں اور اس کمرے سے باہر میں اور انیک اپنی بہن اور مما اپنی بیٹی کے ساتھ رہتی ہیں"

ذایان نے اپنی ہی منطق سنائی

انیک ذایان کی بات پر ہنسی ضبط کرتا ذایان کے پیچھے پیچھے روم سے باہر نکل آیا

"سعد مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی تم اپنے غصے میں سب کچھ بھول جاتے ہو"

کوثر بیگم بھی روم سے باہر آگ ئی یں

"میری گڑیا بس روتے نہیں تمھارا بھائی ی ہے تمھارے ساتھ کچھ نہیں ہو گا تمھیں تمھارا جن جیسا شوہر تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا"

ذایان علیزے کو بچوں کی طرح پچکار رہا تھا

انیک بھی پاس بیٹھا اسے پانی پلانے کی کوشش کر رہا تھا

”تمھیں شرم آتی ہے اپنے باپ جیسے بھائی ی سے کتنی بد تمیزی کر کے آئے ہو تم دونوں بڑے ہو تو اس کا مطلب یہ نہیں تم دونوں اپنی مرضی چلاؤ گے تم سے بڑی ابھی میں بیٹھی ہوں سمجھے تم“

کوثر بیگم ذایان پر سارا غصہ نکالتی کچن میں چلیں گ ئی یں تھیں

ذایان کوثر بیگم کے جانے کے بعد دوبارہ علیزے کے ساتھ مصروف ہو گیا تھا

سعد اکیلا کمرے میں بیٹھا غصہ پی رہا تھا تھی تو یہ چھوٹی بات لیکن سعد علیزے کے معاملے میں ضرورت سے زیادہ سنجیدہ تھا وہ اس کی ذرا سی تکلیف بھی برداشت نہیں کر سکتا تھا لیکن وہ یہ بھول گیا تھا اس کے غصے نے علیزے کو ہی تکلیف دی تھی

”چلو آؤ سب کھانا کھالو“

کوثر بیگم نے سب کو آواز دی

سب آگ ئے تھے لیکن سعد نہیں آیا کمرے میں ہی بیٹھا تھا تب کوثر بیگم اس کے سر پر جا پہنچی

”کھانا نہیں کھانا تمھیں“

”نہیں مجھے بھوک نہیں“

سعد نے سر جھکائے کہا

”کھانے سے کس بات کی ناراضگی ہے تمھاری چلو کھانا کھاؤ“

کوثر بیگم نے خفگی سے کہا

”یہی لا دیں مجھے کھانا“

سعد نے دھیمے لہجے میں کہا

کوثر بیگم نے کہا ٹھیک ہے

"آپ ناراض ہیں مجھ سے"

سعد نے کوثر بیگم سے پوچھا

"نہیں میں کیوں ناراض ہونے لگی بس تمھارا یہ روپ مجھے بلکل اچھا نہیں لگا"

کوثر بیگم نے نرمی سے کہا

"آئی ی ایم سوری مما"

سعد شرمندہ ہوا تھا

"سوری مجھ سے نہیں علیزے سے کہنا"

کوثر بیگم کہہ کر چلیں گ ئی یں سعد خاموش بیٹھا رہا

سب کھانا کھا چکے تھے علیزے سونے کے ارادے سے کوثر بیگم کے کمرے میں آگ ئی

"تم یہاں کہاں لیٹ رہی ہو روم میں جاؤ اپنے" کوثر بیگم نے علیزے سے کہا جو لیٹنے کی تیاری کر رہی تھی

"نہیں میں اپنے میکے آئی ی ہوئی ی ہوں"

علیزے نے لاپروائی ی سے کہا اور لیٹ گ ئی

"بیٹا بری بات ہوتی ہے جو لڑکیاں شوہر سے ناراض ہو کر میکے بیٹھ جاتی ہیں وہ شوہر کے دل سے جلدی اتر جاتی ہیں"

کوثر بیگم نے علیزے کو سمجھایا جیسے وہ سچ میں میکے آئی ی وی ہو

"مما پلیز سونے دیں نہیں تو میں لاؤنج میں سو جاؤں گی"

علیزے نے ناراضگی سے کہا

"افف سو جاؤ نہیں کہتی میں تمھیں کچھ"

کوثر بیگم نے ہار مان لی

"علیزے نے بہت کوشش کی لیکن سعد کے بنا نیند نہیں آئی وہ اٹھ کر بیٹھ گئی"

"کیا ہوا"

کوثر بیگم نے علیزے کو بیٹھا ہوا دیکھ کر پوچھا

"نیند نہیں آرہی میں ذایان بھائی کے پاس جارہی ہوں"

علیزے نے بیڈ سے اٹھتے ہوئے کہا

"ہمم ٹھیک ہے"

کوثر بیگم واپس لیٹ گئیں

"انیک میں نے دعا کو منا لیا بس علیزے سے بات کرنی باقی ہے"

ذایان نے خوشی خوشی انیک کو بتایا

"کیا سچ میں پھر کب ملاقات کرو گے"

انیک نے پوچھا

"سوچ رہا ہوں دیر نہ کروں کل ہی کر لوں"

ذایان نے پرجوش ہو کر کہا

"کس سے ملاقات کی باتیں ہو رہی ہیں"

علیزے سب سن چکی تھی وہ ابھی ذایان کے کمرے میں پہنچی تھی وہ دونوں بیڈ پر بیٹھے رازو نیاز کی باتیں کر رہے تھے

"آؤ آؤ بہنہ ملاقات تمھیں ہی تو کرنی ہے"

انیک نے علیزے کو بیڈ پر جگہ دیتے ہوئے کہا

"کیا مطلب بھائی ی" علیزے الجھی تھی

"وہ اصل میں گڑیا مجھے تمھاری بھابی مل گ ئی ہے"

ذایان نے سر کھجاتے ہوئے کہا

"کیاااسچ میں کون ہے کیا نام ہے کہاں ملیں آپ کو"

"بریک لگاؤ لڑکی" انیک نے علیزے کو کندھوں سے پکڑتے ہوئے کہا جو ذایان کی گود میں چڑھنے کو تیار بیٹھی تھی

"میری گاڑی کے بریک فیل ہیں مجھے سب جاننا ہے ابھی"

علیزے نے انیک کے انداز میں کہا

"پھر تو سعد بھائی ی کو کانوں میں روئی یاں پھنسا کر رکھنا پڑتا ہو گا"

انیک نے مذاق اڑایا

"ان کا نام نالیں میرے سامنے ناراض ہوں میں ان سے"

علیزے نے منہ بگاڑتے ہوئے کہا

”تم کیا دہی جما کر بیٹھے ہو منہ میں بکو نہ اب نہیں تو اس بنا بریک کی گاڑی کے شور سے کان خراب ہو جائے گے میرے“

انیک نے علیزے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

”پلیز ذایان بھائی ی بتائیں مجھے سب“

علیزے نے لاڈ سے کہا

”اچھا میری گڑیا میں بتاتا ہوں سب لیکن یہ بات ہم تینوں کے علاوہ کسی کو پتا نہیں چلنی چاہیے“

ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

”جی بھائی ی پرومس“

علیزے نے مسکرا کر کہا

”اوکے تو سنو تقریباً ساڑھے چار مہینے پہلے میں آفس سے گھر آرہا تھا راستے میں میری گاڑی میں پیٹرول ختم ہو گیا اور گاڑی نے آگے چلنے سے صاف انکار کر دیا تم تو جانتی ہو میں گھر والوں کے نمبر سیو نہیں کرتا کیوں کہ وہ نمبر مجھے یاد ہوتے ہیں تو میں نے انیک کا نمبر ملایا میں سنسان سڑک پر کھڑا تھا سچ بتاؤں تو میں تھوڑا گھبرا رہا تھا کوئی ی مجھے لوٹ کر یا مار کر نکل جاتا کسی کو پتا بھی نہیں چلتا بس پھر اسی گھبراہٹ میں میں نے کچھ نمبر غلط ڈائی ل کر دیے اور کال انیک کے پاس تو گ ئی نہیں دعا کے پاس پہنچ گ ئی“

ذایان نے معصوم شکل بنائی

”اوہ تو بھابی کا نام دعا ہے“

علیزے نے مسکراہٹ دبائی ی

"جی ہاں میری دعا لوگ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں میرے پاس جیتی جاگتی دعا ہے" ذایان نے بچوں کی طرح کہا

"اچھا آگے بتائیں"

علیزے کو آگے کیا ہوا جاننے کی بے چینی ہوئی ی

"ہمم تو سنو"

ذایان نے آگے کی کہانی بتانی شروع کی

دعا کے موبائل پر بار بار کسی انجان نمبر سے کال آ رہی تھی لیکن دعا اٹھا نہیں رہی تھی وہ بہت ڈر گ ئی تھی لیکن پھر مسلسل آتی کال کو دعا نے اٹھا ہی لیا

"کیا مسل ئہ ہے کیوں تنگ کرتے ہو مجھے نمبر بدل بدل کر پلیز بخش دو مجھے"

دعا نے روتے ہوئے

"آئی ی ایم سوری میں اپنے بھائی ی کو کال کر رہا تھا شاید مجھ سے غلط نمبر ڈائی ل ہو گیا"

ذایان نے صفائی پیش کی

"ٹھیک ہے پلیز اب کال نہیں کریے گا"

دعا نے آنسوں صاف کرتے ہوئے کہا

"او کے آپ بے فکر ہو جائی یں اب کال نہیں کروں گا آپ کو"

ذایان نے شرمندہ ہوتے ہوئے کہا

"او کے" دعا نے کال کاٹ دی

ذایان نے اب سہی نمبر ڈائی ل کیا اور انیک کو کال کی انیک کچھ دیر بعد ہی آ گیا ذایان کی گاڑی میں پیٹرول ختم ہو گیا تھا انیک پیٹرول ساتھ لایا تھا اس نے وہ ذایان کی گاڑی میں ڈالا اور دونوں بھائی ی گھر کی طرف روانہ ہو گ ئے

ذایان رات کو سونے لیٹا تو اس کے کانوں میں وہی روتی ہوئی ی لڑکی کی آواز گونجی ذایان اس کی باتوں کے بارے میں سوچ رہا تھا جس سے ذایان کو یہ اندازہ ہوا کے وہ لڑکی کسی مصیبت میں ہے کوئی ی اسے تنگ کرتا ہے شاید ذایان کو اس سے ہمدردی محسوس ہونے لگی
ذایان اسی بارے میں سوچتا سوچتا سو گیا

پھر ایک دن گزرا دوسرا دن گزرا لیکن ذایان کو سکون نہیں ملا
مجبور ہو کر ذایان نے دعا کے نمبر پر میسیج کیا
"اَلسَلامُ عَلَیکُم کیسی ہیں آپ"
ذایان نے مہذب انداز اپنایا
ذایان نے کافی انتظار کیا لیکن کوئی ی جواب نہیں آیا ذایان اداس ہو گیا
دعا نے مسیج دیکھ لیا تھا لیکن کوئی ی جواب نہیں دیا مسیج پڑھ کر ڈیلیٹ کر دیا
رات کو ذایان نے اسی وقت پر میسیج کیا جس وقت ذایان نے دعا کو کال کی تھی
لیکن کوئی ی جواب نہیں آیا

”دیکھیں آپ مجھے غلط نہیں سمجھے میں آپ کو تنگ کرنے کے ارادے سے میسج نہیں کر رہا میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہوں آپ کی اس دن کی باتوں سے مجھے یہ محسوس ہوا کہ آپ کسی پرابلم میں ہیں کوئی ی آپ کو تنگ کر رہا ہے میں جانتا ہوں لڑکیاں ایسی باتیں اکثر اپنے گھر والوں کو بتانے سے ڈرتی ہیں کہ کہی انھی کے اوپر کوئی ی الزام نہ لگ جائے میرے گھر میں بھی ماں بہن ہیں اور میرے لیے جیسے ان کی عزت ہے ویسے ہی آپ کی عزت ہے پلیز مجھے بتائیں کیا بات ہے“

ذایان نے اپنے دل و دماغ کی سارے باتوں کو ایک میسیج کے ذریعے دعا کا تک پہنچا دیا

دعا نے میسج پڑھا تو حیران رہ گ ئی کوئی ی کسی کو بنا جانے بھی اس کے لیے اتنا سوچ سکتا ہے کیا

دعا کے دل میں ابھی بھی ڈر چھپا تھا

”دیکھیں آپ کا شکریہ لیکن مجھے کوئی ی بات نہیں کرنی آپ سے پلیز مجھے میسج کرنا بند کریں“

دعا نے ذایان کو صاف لفظوں میں جواب دیا

”میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہوں“

ذایان پر دعا کے میسج کا کوئی ی اثر نہیں ہوا

”مجھے آپ سے کوئی ی بات نہیں کرنی“

دعا نے جواب دیا پھر موبائل تکیے کے نیچے رکھ کر سونے لیٹ گئی

ذایان نے دو تین اور میسیج کیے لیکن کوئی جواب نہیں آیا تو ذایان بھی سو گیا

ایسے ہی ذایان اکثر دعا کو میسیج کرتا رہتا تھا دعا کبھی غصے میں ذایان کو جھاڑ دیتی کبھی میسیج ڈیلیٹ کر دیتی

عاسم دعا کو اکثر تنگ کرتا تھا اور وہ ڈر جاتی تھی کیونکہ وہ کہتا تھا کہ دعا نے اس کی بات نہیں مانی تو وہ دعا کو بدنام کر دے گا وہ ویسے بھی سیدھی سادھی ڈرپوک سی لڑکی تھی

"ہائے کیسی ہو دعا ڈارلنگ"

عاسم نے دعا کے نمبر پر میسیج کیا

دعا گھبرا گئی اس نے جلدی سے میسیج ڈیلیٹ کر دیا

پھر عاسم کی کال آنے لگی دعا نے کال نہیں اٹھائی

عاسم نے میسیج کیا

"دعا کال اٹھاؤ نہیں تو تمھارے حق میں بہت برا ہو گا"

عاسم کی دوبارہ کال آئی دعا نے کپکپاتے ہاتھوں سے کال اٹھائی

"کیسی ہو دعا"

"مجھ سے کیا چاہتے ہو تم کیوں کال کرتے ہو مجھے" دعا نے روتے ہوئے کہا

"بے بی رونے کی کیا بات ہے میں تو تمھارا ساتھ چاہتا ہوں بس تم مجھ سے کال پر بات کیا کرو کہی باہر گھوما پھیرا کرو میرے ساتھ خوب عیش کرواؤں گا تمھیں"

"میں ایسی لڑکی نہیں ہوں مجھے نہیں جانا کہیں میں ایسے ہی خوش ہوں"

"اوہ سویٹ ہارٹ نہ سننے کا عادی نہیں ہوں میں کل اسکول جاؤ گی نہ وہی سے پک اپ کروں گا تمھیں باہر کھانا کھائی یں گے ہم تم پریشان نہیں ہو کسی کو کچھ پتا نہیں چلے گا اوکے بائے"

عاسم کال کاٹ چکا تھا

دعا موبائل کو دیکھ رہی تھی آنسوں روکنے کا نام نہیں لے رہے تھے

"میں کیا کروں اب کل یہ سب کے سامنے میرا تماشہ بنائے گا اگر میں اس کے ساتھ نہ گ ئی تو میں کیسے اس سے جان چھڑواؤں ویسے ہی میری زندگی میں کم پرابلمز ہیں میں کس سے کہوں امی کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں رہتی وہ پریشان ہو جائی یں گی بھائی ی تو سنتے ہی نہیں وہ مجھے ہی جھوٹا سمجھیں گے کس سے مدد مانگوں"

اب دعا سوچ میں گھوم تھی جب اسے اس انجان شخص کا خیال آیا جو اسے میسیج کرتا تھا اسے کوئی ی راستہ نظر نہ آیا تو مجبوراً اس نے ذایان سے بات کرنے کا فیصلہ کیا

دعا نے جب انباکس کھولا تو ذایان کا ایک بھی میسیج نہیں تھا دعا پریشان ہو گ ئی کیونکہ دعا کے پاس ذایان کا نمبر نہیں تھا

"یہ کیا میرے پاس تو نمبر نہیں آج تو میسیج ہی نہیں آیا اس نمبر سے اب نمبر کہاں سے ڈھونڈوں"

دعا سر پکڑ کر بیٹھ گ ئی آنسو پھر بے تاب ہوئے آنکھوں سے پھسلنے کو

دعا کے دماغ میں ایک جھماکا ہوا

"ارے ہاں میں نے ریسیوڈ کال میں سے نمبر ڈیلیٹ نہیں کیا تھا وہاں دیکھتی ہوں دعا نے جلدی سے موبائل اٹھایا اور ریسیوڈ کال لیسٹ چیک کی تو اس میں وہ نمبر مل گیا شکر میں نے یہاں سے نمبر ڈیلیٹ نہیں کیا تھا"

دعا نے شکر کا سانس لیا

"اَلسَلامُ عَلَیُکم"

دعا نے میسیج کیا

For more visit (exponovels.com)

ذایان ناامید ہو گیا تھا دعا کی طرف سے اسی لیے اس نے آج میسج نہیں کیا تھا لیکن اس کو پھر بھی انتظار تھا شاید وہ خود میسج کر دے اور دعا کا میسج دیکھتے ہی ذایان کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گ ئی

ذایان نے جلدی سے جواب دیا

"وَعَلَیْکُم السَّلام کیسی ہیں آپ"

دعا کو جواب موصول ہوا

"وہ مجھے آپ کی ہیلپ چاہیے تھی"

دعا نے ہچکچاتے ہوئے میسج کیا

"جی مس کہیں میں کیا مدد کر سکتا ہوں آپ کی" ذایان نے سوال کیا

"وہ مجھے ایک لڑکا تنگ کرتا ہے میسج پر کال بھی کر کے تنگ کرتا ہے میں نے کتنی دفع اس کو کہا ہے مجھے بات نہیں کرنی پھر بھی نہیں مانتا وہ کہتا ہے کہ میں اس کے ساتھ باتیں کروں باہر گھوموں پھیروں لیکن میں ایسی لڑکی نہیں ہوں میر ی امی بیمار رہتی ہیں میں ان سے کچھ نہیں کہہ سکتی وہ پریشان ہو جائی یں گی اور بھائی ی سے بولتے ہوئے ڈر لگتا ہے کہی وہ مجھے ہی غلط نہ سمجھ لیں پلیز میری مدد کریں"

دعا نے ایک ہی میسج میں سب کہہ دیا

"ہمم ٹھیک ہے میں سمجھ گیا دیکھے ایسے لڑکے ہوتے ہیں نہ وہ صرف کمزوروں پر ہی اپنا حق جما سکتے ہیں آپ نے ابھی تک اس کو سہی سے جھاڑا نہیں ہو گا جب ہی اس کی اتنی ہمت بڑھی اب آپ ایسا کریں جب وہ کال یا میسج کرے اس کو ایسی گھٹی دینا سالے کو یاد رہے اور جب امی کی طبیعت ٹھیک ہو جائے تو ان کو سب بتانا کیونکہ ایک لڑکی کے لیے ماں سے اچھی دوست کوئی ی نہیں ہو سکتی"

ذایان نے دعا کو حل بتایا جو اس کو کچھ سمجھ آیا کچھ نہیں

"جی وہ یہ گھٹی کیا ہوتی ہے"

ذایان کو دعا کا جواب موصول ہوا

ذایان کو بے اختیار ہنسی آگ ئی

"اتنی سیدھی ہو مجھے اندازہ نہیں تھا گھٹی سے مراد تم اس کو ایسا ذلیل کرنا دوبارہ میسیج کرنے کی سوچے نہیں وہ"

ذایان نے دعا کو کھل کے سمجھایا

"نہیں جی مجھے ڈر لگتا ہے اگر اس کو اور غصہ آگیا تو وہ اور تنگ کرے گا"

دعا نے جواب دیا

"کال پر بات کر سکتی ہو مجھ سے"

ذایان نے اس کو کال پر سمجھانے کا فیصلہ کیا کیونکہ وہ بہت ڈری ہوئی ی تھی

"کال پر کیوں ایسے ہی بات کر لیں"

دعا نے جواب دیا

"دیکھیں مس ایسے تو آپ کے سمجھ نہیں آرہی کال پر بات کرنے میں آپ کا فائدہ ہے میرا نہیں" ذایان نے وجہ بتائی

دعا کے پاس اور کوئی ی راستہ نہیں تھا اسی لیے وہ مان گ ئی

"جی ٹھیک ہے کال پر بات کرتے ہیں"

For more visit (exponovels.com)

دعا کا میسج موصول ہوتے ہی ذایان نے کال کی

دعا اس وقت چھت پر بیٹھی تھی تو آرام سے کال پر بات کر سکتی تھی ذایان کی کال ریسیوڈ کرتے ہی دعا نے سلام کیا

"اَلسَلامُ عَلَیُکم"

"وَعَلَیُکم السَّلام جی اب آپ مجھے مکمل بات بتائیں میں جانتا ہوں آپ نے مجھے ادھوری بات بتائی ہے"

ذایان سمجھ گیا تھا دعا نے پوری بات نہیں بتائی کیونکہ کوئی ی لڑکا کسی لڑکی کے پیچھے ایسے ہی نہیں لگ جاتا اسی لیے اس نے دعا سے پوچھا

"جی وہ ہی ہے بات جو میں نے بتائی ہے"

دعا نے آہستہ سے کہا

"دیکھیں آپ مجھے پوری بات نہیں بتائیں گی میں تب تک آپ کی سہی سے مدد نہیں کر پاؤں گا"

"ٹھیک ہے وہ لڑکا میری بھابی کا بھائی ی ہے وہ ایک عیاش انسان ہے ہر لڑکی پر گندی نظر رکھتا ہے وہ سب کے سامنے تو بہت اچھا بنتا ہے لیکن وہ مجھے اکیلا پا کر میرے قریب آنے کی کوشش کرتا ہے امی کو بھی معلوم ہے اس کی ہر کتوں کا اسی لیے جب وہ آتا ہے میں امی کے پاس ہی رہتی ہوں اب وہ مجھے میسج کال کر کے تنگ کر رہا ہے"

"آپ کی امی کچھ کیوں نہیں کہتیں اس کو" ذایان نے ایک اور سوال کیا

"میری بھابی بہت تیز عورت ہے امی کچھ بھی کہیں تو وہ لڑتی ہیں پورے گھر میں ہنگامہ کرتی ہیں بھائی ی کو بھی ہمارے خلاف کر دیا ہے انھوں نے میری امی کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں رہتی اس لیے میں ان کو کچھ نہیں بتا سکتی"

دعا کو شاید اپنا دل کو ہلکا کرنے کے لیے ایک کندھے کی تلاش تھی جو اس کو ذایان کی صورت میں مل گیا تھا

"ہمم ٹھیک ہے تو سنیں مس اب وہ آپ کو کال کرے تو آپ اس سے ڈریں گی نہیں آپ اس کا سامنا کرے گی جتنا آپ ڈرے گی اتنی ہی اس کی ہمت بڑھے گی آپ خود کو مضبوط بنائے ڈریں نہیں بزدل انسان جو ہوتے ہیں نہ وہ کمزوروں کو ہی اپنا شکار بناتے ہیں لیکن جب وہی کمزور مضبوط نڈر ہو جاتا ہے نہ تو کوئی ی ان کا بال بھی بینکا نہیں کر سکتا"

"میں کیسے کچھ کہوں اس کو اس نے بھائی ی یا بھابی سے شکایت کر دی تو"

دعا نے خدشہ ظاہر کیا

"ارے سیدھی لڑکی وہ نہیں بولے گا وہ بزدل ہے اگر بول بھی دے تو اللہ ہر اس انسان کی مدد کرتا جو سچا نیک ہوتا ہے اور ایک بات ظالم سے بڑا گناہگار وہ ہے جو ظلم برداشت کرتا ہے آپ بے قصور ہو آپ نیک ہو باحیا لڑکی ہو اوپر والا بھی آپ کا ساتھ دیں گا اب ایک قدم بڑھا کر تو دیکھو"

ذایان نے دعا کو سمجھایا

دعا پر ذایان کی باتوں کا مثبت اثر ہوا اور دعا کا ڈر اڑن چھو ہو گیا دل ایک دم ہلکا ہو گیا جس پر جانے کب سے وزن تھا

"جی ٹھیک ہے جیسا آپ کہیں گے میں ویسا ہی کروں گی لیکن ایک اور پرابلم ہے"

"جی بتائیں کیسی پرابلم"

"میں ایک اسکول ٹیچر ہوں اور اس نے مجھے کہا ہے کہ وہ کل مجھے اپنے ساتھ کھانا کھلانے لے کر جائے گا اسکول سے پکاپ کرے گا مجھے اور اگر میں نے اس کی بات نہ مانی تو وہ وہاں میرا تماشا بنا دے گا"

دعا نے پرابلم بتائی

”تو ٹیچر جی آپ اس کا ہی تماشا بنا دینا تھپڑ لگانا اس کے منہ پر کھینچ کر دماغ ٹھکانے پر آ جائے گا اس کا“

ذایان کا دل چاہ رہا تھا وہ لڑکا اس کے سامنے ہو وہ خود تھپڑ لگائے تین چار لیکن اب وہ یہ کام دعا کے ہاتھوں کروا رہا تھا

”کیا میں تھپڑ ماروں اس کو اس نے کچھ کر دیا تو“

دعا نے حیرانگی سے کہا

”اسکول کے پاس بہت لوگ ہوں گے تھپڑ مار کر شور مچا دینا یہ مجھے چھیڑ رہا ہے وہ تمھارا تماشا بنائے اس سے پہلے تم اس کا تماشا بنا دینا ٹیچر“

ذایان نے مذاقیہ انداز میں کہا

”تھینک یو سوچ میں بہت پریشان تھی آپ نے میرا سارا مسل ئہ حل گر دیا“

دعا نے چہکتے ہوئے کہا

”ہم مس میں تو کتنے دن سے آپ کے پیچھے لگا ہوں لیکن آپ بات کرنا پسند نہیں کرتیں مجھ سے میں اس دن ہی سمجھ گیا تھا آپ پریشان ہیں جب ہماری پہلی دفع بات ہوئی ی تھی“

ذایان نے دل کی بات بتائی

”جی سوری میں بہت ڈری ہوئی ی تھی آپ کو بھی اسی کے جیسا سمجھ رہی تھی لیکن آج اس نے جو کہا مجبور ہو کر مجھے بات کرنی پڑی آپ سے“

دعا نے شرمندگی سے کہا

For more visit (exponovels.com)

"ہاں وہ ہی کیا ہے آپ نے وہ کہتے ہیں نہ ضرورت کے ٹائم پر گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے" ذایان نے مذاق کیا

"نہیں نہیں جی ایسا نہیں سوچا میں نے پلیز ایسا نہیں سوچیں آپ"

دعا نے جلدی سے کہا

"سیدھی لڑکی میں مذاق کر رہا تھا لگتا ہے مذاق سے آپ کا کبھی سامنا نہیں ہوا"

ذایان نے ہنستے ہوئے کہا

"جی سہی کہہ رہے ہیں میرا مذاق سے کبھی سامنا نہیں ہوا کیونکہ مذاق کا سامنا کرانے والا کوئی نہیں میرے پاس"

دعا نے دکھ سے کہا

"ارے سیدھی لڑکی دکھی نہ ہو میں ہوں نہ چلتا پھیرتا مذاق مجھ سے بات کیا کرو روز مذاق سے ملاقات ہو گی"

ذایان نے جواب دیا

"اس دفع دعا بھی ہنس دی مجھے تو لگا تھا آپ سنجیدہ انسان ہیں بہت لیکن آپ تو۔۔۔۔۔"

"میں تو مسخرا نکلا"

ذایان نے دعا بات کاٹ کر جواب دیا

"جی بلکل" دعا نے بھی جواب دیا

"رات بہت ہو گئی ہے اب تم سو جاؤ پھر بات ہو گی" ذایان نے خود ہی بات ختم کی

"او کے اللہ حافظ"

"اللہ حافظ" ذایان نے کال کاٹ دی

ذایان کو سیدھی سادھی دعا بہت اچھی لگی تھی وہ اسی کے بارے میں سوچتا سوچتا سو گیا تھا

دوسرے دن دعا صبح فریش فریش سی اٹھی اور اسکول کے لیے نکل گ ئی لیکن گھر سے کچھ دور نکلتے ہی عاسم نے دعا کا راستہ روک لیا

"ہائے دعا"

عاسم بائی یک سے اتر کر دعا کے سامنے کھڑا ہو گیا

"میرا راستہ چھوڑو"

دعا نے مضبوط لہجے میں کہا

"اوہ کم آن دعا چلو چلتے ہیں"

عاسم نے دعا کی کلائی ی اپنے ہاتھ میں لی

عاسم کی اس حرکت کا دعا پر ایسا اثر ہوا کہ دعا کا دوسرا ہاتھ اٹھا اور عاسم کے گال پر نشان چھوڑ گیا

عاسم شوکٹ کے عالم میں دعا کو دیکھتا رہ گیا

دعا نے جھٹکے سے اپنی کلائی ی چھڑوائی ی

"آئی ندہ مجھے ہاتھ مت لگانا"

دعا نے انگلی اٹھا کر عاسم کو وارن کیا اور آگے چل دی

عاسم شوکٹ کھڑا دعا کو جاتا دیکھتا رہا

دعا اپنے کپکپاتے ہاتھ کو دیکھ رہی جس سے اس نے عاسم کو مارا تھا

"میں نے تھپڑ مار دیا اس کو"

دعا حیرت سے اپنے ہاتھ کو دیکھ رہی تھی لیکن پھر وہ مسکرانے لگی

"میں ڈری نہیں میں بہادر ہو گ ئی ہوں اب وہ عاسم میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا"

دعا راستے میں خود سے ہی باتیں کر رہی تھی

اسکول میں جیسے ہی بریک ہوا دعا نے ذایان کو میسیج کیا

"اس نے میرا راستہ روکا تھا میں نے اس کو تھپڑ مار دیا وہ کچھ نہیں کر سکا وہ صدمے کی حالت میں مجھے دیکھ رہا تھا آپ سہی کہہ رہے تھے وہ بزدل ہے وہ کچھ نہیں کر سکا میں بہت خوش ہوں شکریہ آپ کا بہت بہت"

دعا نے ذایان کو میسیج سینڈ کر دیا دعا نے کچھ دیر انتظار کیا لیکن کوئی ی میسیج نہیں آیا دعا کا چہرا اتر گیا وہ مرے مرے قدموں سے کلاس میں داخل ہو گ ئی بریک ختم ہو چکا تھا

ذایان اس وقت کافی بزی تھا اس لیے میسیج نہیں دیکھ پایا

دعا گھر گ ئی تو رفعت بیگم کی بہتر حالت دیکھ کر ان کو سب کچھ بتا دیا سوائے ذایان کے

"واہ میری بچی بہت اچھا کیا توں نے اس بے غیرت کے ساتھ اسی لائ ق ہی ہے وہ"

رفعت بیگم کو اپنی بیٹی پر فخر ہوا

"امی اب نہیں ڈروں گی میں اس سے"

دعا نے ماں کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

"میری بچی بہادر ہو گ ئی ہے ماشاء اللہ"

رفعت بیگم نے دعا کے ماتھے پر پیار بھرا بوسہ دیا

ذایان نے لنچ ٹائم میں دعا کا میسج دیکھا تو اس کو بہت خوشی ہوئی

"واہ سیدھی لڑکی کیا کام کر دیکھایا ہے شاباش"

ذایان نے دعا کو شاباشی دی

دعا کھانا کھا کر لیٹی تھی اسے ذایان کے میسج کا ہی انتظار تھا وہ میسج پڑھ کر خوش ہو گئی

"میں نے امی کو بھی سب بتا دیا وہ بھی بہت خوش ہوئیں"

دعا نے بچوں کی طرح ذایان کو بتایا

"گڑیا تو بہت اچھا کیا میرے بارے میں بھی بتا دیا کیا"

ذایان نے سوال کیا

"نہیں آپ کے بارے میں نہیں بتایا"

دعا نے جواب دیا

"اوکے میرا نام ذایان ہے آپ اپنا نام بتانا چاہے گی مجھے"

دعا نے تھوڑا سوچا پھر جواب دیا

"میرا نام دعا ہے"

"ہمم نائس نیم دعا آئی لائک ایٹ"

ذایان کو سچ میں نام پسند آیا

سو وی آر فرینڈز ذایان نے پوچھا

دعا نے فرینڈ والی بات پر سوچا

"کیا ایک لڑکے سے دوستی کرنا ٹھیک ہو گا نہیں نہیں کل کو کسی کو پتا چل گیا تو میں کیا کروں گی نہیں دعا تم کچھ غلط نہیں کر رہی صرف دوستی میں کیا"

دعا دل و دماغ کی جنگ میں الجھی ہوئی ی تب ہی دعا کو میسیج موصول ہوا

"دعا آپ سوچ لیں اچھی طرح رات کو بتا دینا مجھے مجھ سے دوستی کی وجہ سے آپ کبھی نہیں پشتائے گی یہ میرا وعدہ ہے آپ سے" ذایان نے دعا کے دل کی بات سمجھ لی تھی

دعا نے میسیج پڑھا تو حیران رہ گ ئی کیسے سمجھ جاتے ہیں یہ سب دعا نے سوچا

پھر اوکے کا میسیج کر دیا

ذایان نے بھی لنچ کیا پھر دوبارہ کام میں مصروف ہو گیا

دعا نے پورا دن سوچا دل و دماغ کی جنگ جیت دل کی ہوئی ی دعا نے ذایان سے دوستی کر لی

لیکن وہ اس سے کم ہی بات کرتی تھی وہ ان لڑکیوں میں سے نہیں تھی کہ ہر وقت موبائل پر لگی رہے

ذایان بھی دعا کو فورس نہیں کرتا تھا زیادہ بات کرنے پر دعا جب دکھی ہوتی تب ذایان سے بات کرتی تھی اپنا دل ہلکا کرنے کے لیے ذایان اس کا سارا دکھ اپنے اندر سما لیتا تھا

وہ اپنے بارے میں دعا کو کم ہی بتاتا تھا کیونکہ دعا کی اپنی باتیں بہت ہوتی تھی دعا کے دل کی باتیں ذایان کو سننا اچھا لگتا تھا وہ اس کی پرابلمس کے حل بھی بتاتا تھا

اور بس اسی طرح ہم دونوں میں محبت ہو گ ئی ذایان نے آخر میں کہانی ختم کی

”واہ ذایان بھائی ی ایسا بھی ہو تا ہے کیا“

علیزے نے چہکتے ہوئے کہا

”ہاں بھ ئی تمھارے ساتھ تو اس سے بھی بڑا حادثہ پیش آیا ہے تم کیوں حیران ہو رہی ہو“

انیک نے کہا

”ہاں بھ ئی آپ کے جن جیسے بھائی ی ملے“

علیزے نے منہ بناتے ہوئے کہا

”علیزے کچھ پوچھوں سچ سچ بتاؤ گی مجھے“ ذایان ایک دم سنجیدہ ہوا

”جی بھائی ی پوچھیں“

علیزے بھی سیدھی ہو کر بیٹھی

”تم خوش ہو نہ بھائی ی کے ساتھ“

ذایان نے سنجیدگی سے پوچھا

”خوش ہوں میں بہت سعد بہت محبت کرتے ہیں مجھ سے خیال بھی بہت رکھتے ہیں مجھے اور کیا چاہیے ہاں کبھی غصہ زیادہ کر لیتے ہیں لیکن دل سے بہت چاہتے ہیں مجھے“

علیزے نے سعد کی تعریفوں کے پل باندھ دیے

”اچھا ابھی تو نام بھی سننا پسند نہیں تھا اب پل بند گ ئے تعریفوں کے“

For more visit (exponovels.com)

انیک نے تمسخر اڑایا

"آپ چپ رہیں انیک بھائی ی
ذایان بھائی ی آپ کو جواب مل گیا اب بتائیں آگے کیا چاہتے ہیں آپ"
علیزے نے ایک کو چپ کروایا اور ذایان کی طرف متوجہ ہوئی ی

"گڑیا میں یہ چاہتا ہوں تم میری بھابی کے رشتے سے ایک بار دعا سے مل لو تا کہ وہ میری طرف سے مطمئ ن ہو جائے پھر ہم اس کے گھر رشتہ لے کر جائی یں گے"
ذایان نے دل کی بات کہی
"اچھا ٹھیک ہے میں سعد سے پوچھ کر آپ کے ساتھ چلوں گی"
"ارے نہیں نہیں پاگل لڑکی بھائی ی کو نہیں بتانا پتا نہیں وہ کیساری ایکٹ کریں گے پہلے تم مل لو پھر ہم بھائی ی کو بتائیں گے"

"لیکن ذایان بھائی ی ان کو بتائے بنا تو میں کہی نہیں جاسکتی آج جو ہوا وہ دیکھ چکے ہیں آپ سعد جان سے ہی مار دیں گے مجھے"
علیزے نے معصوم سے انداز میں کہا

”میری گڑیا تھوڑی دیر کی بات ہے میں آفس سے جلدی چھٹی لے لوں گا اور پھر تمھیں چھٹی کے وقت کالج سے پک کرلوں گا پھر دعا سے ملواتے ہوئے گھر لے آؤں گا“

ذایان نے پلین بتایا

”سعد اجازت دیں گے آپ کے ساتھ گھر آنے کی“

”ہاں میری جان کیوں نہیں میں خود لے لوں گا اجازت“

ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

”اچھا ٹھیک ہے“

علیزے راضی ہو گئی دعا کو وہ پہلے ہی بتا چکا تھا ملنے کے بارے میں

سعد کو اکیلے نیند نہیں آرہی تھی اسے علیزے کی کمی محسوس ہو رہی تھی

”علیزے آجاؤ یار اور کتنا انتظار کرواؤ گی“ سعد نے خود کلامی کی کچھ دیر کے بعد سعد اٹھ کر کھڑا ہو گیا

”بس اب اور برداشت نہیں ہو رہا علیزے تمھیں آنا ہو گا روم چاہے مجھے زبردستی ہی کیوں نہ کرنی پڑے“

سعد بڑبڑاتے ہوئے روم سے نکل گیا

سعد کوثر بیگم کے کمرے میں گیا

”کیا ہوا بیٹا سوئے نہیں ابھی تک“

کوثر بیگم نے سامنے کھڑے سعد سے پوچھا

”آپ کی بہو کے بنا نیند کہاں آتی ہے مجھے ہیں کہاں ہے وہ میڈم“

سعد نے کمرے میں طاہرانہ نظر ڈالتے ہوئے کہا

”اس کو کونسی آتی ہے تمھارے بنا نیند ذایان کے کمرے ہے وہ“

کوثر بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

”اوکے مما آپ سو جائیں“

سعد روم سے نکل گیا

کوثر بیگم دوبارہ لیٹ گئیں

ذایان انیک علیزے باتوں میں لگے تھے جب ہی دروازہ کھلا اور سعد اندر داخل ہوا

ایکدم سب کی زبانوں کو بریک لگا

"علیزے روم میں چلو"

سعد علیزے سے مخاطب ہوا

"مجھے نہیں جانا میں میکے آئی ی وی ہوں "علیزے نے بالکل ناراض بیویوں کی طرح کہا

انیک نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیے تھے اپنی ہنسی چھپانے کے لیے

ذایان گردن جھکائے مسکرا رہا تھا

سعد علیزے کے پاس آیا اور جھک کر اس کے کان میں کہا

"اگر تم پانچ منٹ میں روم میں نہ آئی یں تو میں تمھیں سب کے سامنے سزا دوں گا اور تم جانتی ہو تمھاری سزا کیا ہو گی"

سعد سیدھا ہوا اور اپنے روم میں چلا گیا

ذایان انیک کی نظریں علیزے پر تھیں وہ اس کے چہرے کے تاثرات سے سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے سعد نے کہا کیا ہے

"جا رہی ہوں میں اپنے روم میں"

علیزے نے بیڈ سے اٹھتے ہوئے کہا

"کیا کہا ہے تمھیں بھائی ی نے"

انیک نے مسکراتے ہوئے پوچھا

"کچھ نہیں کہا"

علیزے روم سے نکل گ ئی

"تم کیوں مسکرائے جا رہے ہو انیک"

علیزے کے جانے کے بعد مسکرائے جا رہا تھا

"میں نے سن لیا تھا بھائی ی نے کیا کہا اس کو"

"کیا بتاؤ مجھے بھی کیا کہا"

ذایان نے آنکھیں بڑی کر کے کہا

”بھائی ی نے کہا اگر تم پانچ منٹ میں روم میں نہیں آئی یں تو میں تمھیں سب کے سامنے سزا دوں گا اور سزا تم جانتی ہو“

انیک نے مزے سے بتایا

”واٹ بھائی ی اس کو سزا دیتے ہیں“

ذایان نے حیرت سے کہا

”ارے بھائی ی تھوڑے رومنٹک ہو جاؤ بھائی ی اس کو کوئی ی رومنٹک سزا دیتے ہونگے جب ہی تو وہ چپ چاپ اٹھ کر چلی گ ئی“

انیک کو تو جیسے سب ہی معلوم تھا

”ہمم ٹھیک ہے چلو اب تم روم میں جاؤ نیند آرہی ہے مجھے“

”اوکے بھائی ی گڈ نائی ٹ“

”گڈ نائی ٹ چھوٹے“

انیک اپنے روم میں چلا گیا

For more visit (exponovels.com)

علیزے روم میں آئی ی تو سعد پہلے سے بیڈ پر لیٹا تھا وہ بھی بیڈ کے دوسرے سائیڈ پر جا کر لیٹ گ ئی علیزے کو لیٹے ہوئے کچھ ہی منٹ گزرے تھے سعد نے علیزے کا بازوں پکڑا اور اپنی طرف کھینچ لیا

"آہ کیا کر رہے ہیں چھوڑے مجھے دور ہٹے مجھ سے"
علیزے سعد کی بانہوں میں تڑپ رہی تھی لیکن سعد نے علیزے کو نہیں چھوڑا

"میری بات سنو اگر تم نے میری اجازت کے بغیر ایک قدم بھی گھر سے باہر نکالا تو ٹانگیں توڑ دوں گا تمھاری اب سو جاؤ خاموشی سے"
سعد نے علیزے کو مزید خود کے قریب کیا اور آنکھیں موند گیا

سعد کی پکڑ اتنی مضبوط تھی کہ علیزے ہل بھی نہیں پا رہی تھی اسی لیے خاموشی سے سو گ ئی ویسے بھی سعد کی بانہوں میں چھپے بنا علیزے کو نیند بھی نہیں آنی تھی

"دعا میں نے بھابی کو منا لیا اب بتاؤ کہاں ملاقات کرو گی"
ذایان نے خوشی خوشی دعا کو میسیج کیا

”آپ جہاں بولیں وہاں مل لیں گے“

دعانے جواب دیا

”نہیں زندگی تم بتاؤ جیسے تمھیں آسانی ہوگی وہی ملیں گے“

”ذایان مجھے جگہوں کے بارے میں نہیں معلوم آپ جانتے تو ہیں میں کہاں کہی جاتی ہوں“

”اچھا آئی سکریم پارلر میں مل سکتی ہو“

”جی کونسا آئی سکریم پارلر“ دعانے پوچھا

ذایان نے آئی سکریم پارلر کا بتایا تو دعانے ہامی بھرلی وہ اس کے اسکول سے کچھ دور تھا

”اوکے پھر کل ملتے ہیں زندگی“

”جی ٹھیک ہے خدا حافظ“

”خدا حافظ زندگی“

علیزے کی آنکھ کھولی تو سعد بیڈ پر نہیں تھا وہ پہلے ہی اٹھ چکا تھا واشروم سے پانی گرنے کی آواز آرہی تھی مطلب سعد نہا رہا

علیزے آنکھیں بند کر کے دوبارہ لیٹ گ ئی

سعد نہا کر آیا تو علیزے کو سوتا پا کر اس کے سر پر آ کھڑا ہوا
اپنے گیلے بال اس نے علیزے کے چہرے کے قریب لے جا کر زور زور سے ہلائے تو علیزے کے چہرے پر بالوں سے جھڑتی بوندیں کرنے لگی

علیزے نے ہڑبڑا کر آنکھیں کھولیں سعد کو خود پر جھکا دیکھ کر علیزے کی آنکھوں سے نیند فوراً بھاگی

"کیا کر رہے ہیں ہٹیں"

علیزے نے ہمت کر کے سخت لہجے میں کہا

"نہ ہٹوں تو" سعد نے علیزے پر اور جھکتے ہوئے کہا

"پہ پہ پلیز ہا ہٹیں"

علیزے سعد کے اتنے قریب آنے سے گھبرا گئی تھی

سعد کو علیزے پر ترس آیا اور وہ ہٹ گیا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا ہو کر بال بنانے میں مصروف ہو گیا تھا

علیزے واشروم میں گھس گئی تھی

سب ہی ناشتے کی ٹیبل پر موجود تھے آج ضرورت سے زیادہ خاموشی تھی اس خاموشی میں علیزے کی آواز نے خلل ڈالا

"ذایان بھائی ی آج آپ مجھے کالج چھوڑ دیں گے"

"ذایان کیوں چھوڑے گا تمھیں کالج میں چھوڑ تا ہوں نہ روز"

سعد نے خفگی سے کہا

"مجھے نہیں جانا آپ کے ساتھ میں ذایان بھائی ی کے ساتھ ہی جاؤں گی ورنہ کالج ہی نہیں جاؤں گی"

علیزے بھی اپنی بات پر اڑی رہی

"بیٹا کیا ہوا روز سعد کے ساتھ تو جاتی ہو آج کیا ہو گیا"

کوثر بیگم نے پیار سے کہا

"مما یہ اکیلے میں مجھے دھمکیاں دیتے ہیں دوسری شادی کرنے کی اور مجھے کہتے ہیں مجھ سے پوچھے بغیر گھر سے باہر نکلو گی تو ٹانگے توڑ دوں گا"

علیزے نے روتے روتے کہا

سعد کا منہ کھلا رہ گیا سعد کو اندازہ نہیں تھا وہ اس کے دوسری شادی والے مذاق کو اتنا سیریس لیتی ہے

”سعد کیا سن رہی ہوں یہ میں تم میری بیٹی کو دھمکیاں دیتے ہو“
کوثر بیگم نے آنکھیں دیکھاتے ہوئے کہا

”مما میں تو مذاق کرتا ہوں اس سے اس نے تو سیریس ہی لے لیا میرا مذاق“
سعد نے شرمندہ ہوتے ہوئے کہا

”جھوٹے کہی کے“ علیزے بڑبڑائی ی

”کیا مجھے جھوٹا کہا تم نے“
برابر میں بیٹھے سعد نے علیزے کی بڑبڑاہٹ سن لی تھی اس کو صدمہ ہوا

”میں ذایان بھائی ی کے ساتھ جاؤں گی کالج بس ذایان بھائی ی آپ چھوڑ دیں گانہ“
علیزے ذایان سے مخاطب ہوئی ی

For more visit (exponovels.com)

”کیوں نہیں گڑیا چھوڑ دوں گا“

ذایان نے ہامی بھر لی

”اچھا بھ ئی میں تو جا رہا ہوں یونیورسٹی دعا کرنا میرا پیپر اچھا ہو“

”گڈ لک چھوٹے“ سعد نے کہا

”تھینک یو بھائی ی“

”انیک بھائی ی میں دعا کرونگی آپ کے لیے آپ کے سارے پیپر اچھے ہو“

علیزے نے مسکراتے ہوئے کہا

”تھینکس گڑیا“

انیک نے علیزے کے سر بر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا

”میں دعا کرونگا پیپر میں وہ ہی آئے جو انیک نے یاد نہ کیا ہوا ہو“

یہ ذایان تھا کسی بات کو سیریس لینا تو ذایان کو آتا نہیں تھا

”کبھی اچھا نہ بولنا تم“

انیک نے جل کر کہا

”انیک چھوڑو یہ نہیں سدھرے گا تم جاؤ اچھے سے پیپر دے کر آنا“

کوثر بیگم نے کہا

”او کے خدا حافظ“

”چلو گڑیا چلیں“

”جی بھائی ی چلیں علیزے اور ذایان بھی چلیں گ ۓ“

سعد ان دونوں کی پشت دیکھتا رہ گیا

”سعد تمھیں آفس نہیں جانا“

کوثر بیگم نے سعد کو بیٹھا دیکھا تو پوچھا

”مما دیکھیں نہ اپنی بیٹی کو کیسے نخرے دیکھا رہی ہے مجھے“

سعد نے بچوں کی طرح شکایت کی

”تو بیٹا کل جو تم نے اس کے ساتھ کیا اتنے نخرے دیکھانے کا حق تو بنتا ہے اس کا“
کوثر بیگم نے مسکراہٹ دبا کر کہا

”ہمم ٹھیک ہے منالوں گا میں اس کو ہاتھ تو لگے وہ میرے“
سعد نے مسکراتے ہوئے کہا

”اور مجھے یقین ہے وہ مان جائے گی“
کوثر بیگم نے بھی سعد کی مسکراہٹ کا ساتھ دیا

”ہائے“ ردا نے پیچھے سے علیزے کے کندھے پر ہاتھ رکھا

علیزے ابھی ذایان کی بائی یک سے اتری ہی تھی ردا نے گھیر لیا اس کو

”یہ ذایان بھائی ی ہیں کیا“
ردا نے ذایان کو آج پہلی بار دیکھا تھا

ہاں یہ ذایان بھائی ی ہیں علیزے نے کہا

"اَلسلامُ عَلَیُکم بھائی ی کیسے ہیں آپ"

"وَعَلَیُکم السَّلَام میں ٹھیک ہوں"

ذایان نے علیزے کو آنکھوں سے اشارہ کیا یہ کون ہے

"ارے یہ میری دوست اور سعد کی منہ بولی بہن ہے"

علیزے نے ذایان کو تفصیل بتائی

"اوہ تو یہ ہے وہ جس کی باتیں کر کے تم سارا دن ہمارا سر کھاتی ہو"

ذایان نے مذاق کے انداز میں کہا

"جی بھائی ی میں ہی وہ اسپیشل بندی ہوں جس کی یہ تعریفیں کرتی ہے"

جواب علیزے کے بجائے ردا نے دیا تھا

"اوہ گڈ چلو آج سے تم میری بھی بہن جیسے علیزے میرے لیے ہے ویسے ہی تم ہو آج سے" ذایان نے مسکراتے ہوئے ردا کے سر پر ہاتھ رکھا

"واہ علیزے میرے بھی دو بھائی ہو گئے"
ردا چہکی

"دو کیوں تین ہوئے انیک بھائی بھی تو ہیں" علیزے نے اضافہ کیا انیک کا

"نہیں وہ میرے بھائی نہیں وہ بہت کھڑوس ہیں سیدھے منہ مجھ سے بات بھی نہیں کرتے" ردا کو کل والا واقعہ یاد آیا

"ہاں وہ ذرا لڑکیوں سے دور ہی رہتا ہے شاید اسی لیے تمھیں کھڑوس لگا وہ گڑیا کے علاوہ اس کی زندگی میں کبھی کوئی لڑکی نہیں آئی"
ذایان انیک کے لیے ہمدردی دیکھائی

"ہمم ٹھیک ہے بھائی آپ کہہ رہے ہیں تو مان لیتی ہوں"
ردا نے جواب دیا

"میں چلتا ہوں اب چھٹی میں لینے آجاؤں گا"

"اوکے بھائی ی خدا حافظ"

"خدا حافظ مائے سویٹ سسٹرس"

ذایان بھی چلا گیا

"آج سعد بھائی ی کیوں نہیں آئے"

ردا نے ذایان کے جاتے ہی پوچھا

"ان سے ناراض ہوں میں"

علیزے نے صاف گوئی ی کا مظاہرہ کیا

"کیوں کیا ہوا"

ردا بے چین ہوئی ی

پھر علیزے اپنے اوپر ہوا ظلم ردا کا سنانے لگی اور دونوں باتیں کرتی کرتی کالج میں داخل ہو گ ئی یں

سعد کے موبائل پر کال آ رہی تھی اس نے دیکھا تو ذایان کی کال تھی
سعد نے مسکراتے ہوئے کال پک کی

”جی بولیں کیسے یاد آئی ی بھائی ی کی“
سعد نے روکھے انداز میں کہا

”ابھی تک ناراض ہیں آپ مجھ سے آئی ی ایم سوری بھائی ی میں نے بس کل علیزے کا ساتھ اسی لیے دیا تھا اس کو یہ نہ لگے وہ اکیلی ہے
آپ کو کل کچھ زیادہ ہی غصہ آ گیا تھا مجھے ڈر تھا وہ آپ سے بد ظن نہ ہو جائے پھر اس کو احساس بھی ہو تا کہ اس کے ماں باپ نہیں تو آپ اس کے ساتھ ایسا کر رہے ہو“
ذایان ضرورت سے زیادہ سنجیدہ ہو گیا

”ذایان تمھیں پتا ہے تم سنجیدہ بلکل اچھے نہیں لگتے“
سعد نے ہنستے ہوئے کہا

”کیا بھائی ی آپ بھی نہ مجھے لگا آپ مجھ سے ناراض ہیں“
ذایان نے خفگی سے کہا

”ارے پاگل میں اپنے شیطان بھائی ی سے کبھی ناراض ہو سکتا ہوں کیا“

سعد نے مذاقیہ کہا

”جی کبھی نہیں اچھا وہ آج آفس سے میں جلدی فری ہو گیا ہوں علیزے کو میں پک کر لوں کالج سے“

ذایان نے مطلب کی بات کی

”ہاں تم کر لو پک میرے ساتھ تو شاید وہ جائے گی بھی نہیں نخرے کرنے جو سیکھ گ ئی ہے“سعد نے مسکراتے ہوئے کہا

”اوکے بھائی ی مجھے یقین ہے آپ اسے منالیں گے“

ذایان نے ہنستے ہوئے کہا

”ہاں بلکل خدا حافظ“

”خدا حافظ“

ذایان علیزے کی کالج کے راستے پر چل دیا تھا

ذایان نے علیزے اور ردا کو کالج کے دروازے سے باہر آتے دیکھا تو ہاتھ ہلا کر اپنی طرف متوجہ کیا

ذایان کو دیکھ کر ردا اور علیزے اس کے پاس آگ ئی یں

"میری گاڑی بھی آگ ئی"

ردا نے سامنے روڈ پر آتی اپنی کار کو دیکھ کر کہا

"خدا حافظ علیزے ذایان بھائی ی گڈ لک"

"تھینک یو سویٹ سسٹر لیکن یہ گڈ لک کہا کس لیے ہے"

"مجھے علیزے نے سب بتا دیا ہے آپ لوگ کہاں جا رہے ہیں"

ردا نے آنکھیں گھماتے ہوئے کہا

"اوہ اچھا میں سمجھ گیا دعا کرنا وہ میری ہو جائے"

ذایان نے محبت سے دعا کو سوچتے ہوئے کہا

"جی بھائی ی میں ضرور کروں گی اب میں چلتی خدا حافظ"

"اوکے خدا حافظ"

"تمھارے پیٹ میں کوئی ی بات نہیں ٹکتی ہے"

ذایان نے ردا کے جاتے ہی علیزے کو گھیر لیا

"بھائی ی وہ میری بیسٹ فرینڈ ہے نہ میں اس سے کچھ نہیں چھپاتی وہ نہیں بتائے گی کسی کو کچھ"

"ہمم ٹھیک ہے چلو دیر ہو رہی ہے"
ذایان نے بائی یک پر بیٹھتے ہوئے کہا

"او کے بھائی ی"
علیزے بھی بائی یک پر بیٹھ گ ئی

ردا کے موبائل پر سعد کی کال آ رہی تھی
"یہ سعد بھائی ی مجھے کیوں کال کر رہے ہیں" ردا نے سوچتے ہوئے کال اٹھائی ی

"اَلسَلامُ عَلَیکُم بھائی ی"

For more visit (exponovels.com)

"وَعَلَیکُم السَّلام کیسی ہو"

"جی میں ٹھیک آپ بتائیں اس وقت کیسے کال کی آپ نے مجھے"

"ذایان اور علیزے کہاں گ ۓ ہیں"

سعد سیدھی کام کی بات کی

"وہ تو گھر گ ۓ ہیں"

ردا نے گھبراتے ہوئے کہا

"ردا گڑیا بری بات بڑے بھائی ی سے جھوٹ نہیں بولتے چلو جلدی سے بتاؤ کہاں مل رہے ہیں وہ اس لڑکی سے"

سعد نے پوری بات بتائی

"بھائی ی آپ کو کیسے معلوم"

ردا کو جھٹکا لگا تھا

For more visit (exponovels.com)

”میں ان سے پہلے آیا ہوں اس دنیا میں مجھے ہر چیز کی خبر ہوتی ہے چلو جلدی سے بتاؤ کہاں مل رہے ہیں وہ“
سعد نے اس دفع تھوڑی سختی سے کہا

”وہ لوگ اسی آئی سکریم پارلر میں گ ئے ہیں جہاں سے آپ آئی سکریم کھاتے ہو“
ردا نے بتا ہی دیا

ا

”و کے گڑیا پھر بات ہو گی خدا حافظ“
سعد نے کال کاٹ دی

”سعد بھائی ی کو تو سب پتا ہے پہلے سے اب تو خیر نہیں ذایان بھائی ی اور علیزے کی“
ردا بڑبڑائی ی

”گڑیا تم یہاں بیٹھو میں دیکھ کر آتا ہوں دعا کو“
ذایان نے آئی سکریم پارلر میں علیزے کو ایک کرسی پر بیٹھایا اور خود دعا کی راہ دیکھنے کھڑا ہو گیا

دعا نے آج اسکول سے جلدی چھٹی لے لی تھی ویسے تو دو بجے تک چھٹی ہوتی تھی اس کی آج وہ بچوں کی چھٹی ہونے کے ساتھ ہی ایک بجے اسکول سے نکل گ ئی تھی وہ بہت ڈر بھی رہی تھی وہ پہلی دفع ایسے کسی لڑکے سے ملاقات کر رہی تھی وہ بار بار اپنے سر کی چادر درست کرتی جلدی جلدی قدم بڑھا رہی تھی اس کو آج ایسا لگ رہا تھا جیسے ہر شخص کی نظر اس پر ہے جیسے سب کو پتا ہو وہ کسی لڑکے سے ملنے جا رہی ہے دعا ائی سکریم پارلر کے سامنے والے روڈ پر تھی جب ہی اس کی نظر آئی سکریم پارلر کے باہر کھڑے ایک خوبرو نوجوان پر

For more visit (exponovels.com)

پڑی وہ پریشان سا کبھی دائیں طرف دیکھتا تو کبھی بائیں طرف کبھی ادھر اُدھر چکر کاٹنے لگتا پھر اس نے اپنی جیب سے موبائل نکالا اور کال ملانے لگا

دعا اس خوبرو نوجوان کو دیکھنے میں محو تھی جب ہی اس کے موبائل پر آتی کال نے اسے ہوش دلایا
اس نے موبائل دیکھا تو ذایان کی کال تھی اس نے جلدی سے کال اٹھائی

”کہاں ہو یار زندگی کب سے ویٹ کر رہا ہوں“ ذایان نے سوال کیا

”جی میں آئی سکریم پارلر کے سامنے والے روڈ پر ہوں“
دعا نے اسی خوبرو نوجوان کو دیکھتے ہوئے کہا جو کال پر بات کر رہا تھا

ذایان نے دعا کی بات سن کر سامنے والے روڈ پر نظر ڈالی تو ایک مومی گڑیا کالی چادر میں خود کو چھپائے فون کان سے لگائے اسے ہی دیکھ رہی تھی ذایان مسکرایا

”زندگی بلیک چادر میں تم ہو“
ذایان نے محبت سے پوچھا

"جی میں ہی ہوں"

دعا نے شرماتے ہوئے کہا کیونکہ ذایان کے نظریں ابھی بھی دعا پر تھیں

"واہ میری جان کسی حسین پری سے کم نہیں تم" ذایان نے مسکراتے ہوئے کہا

دعا نے شرماتے ہوئے چادر دانتوں تلے دبالی اور کال کاٹ دی

ذایان نے جلدی جلدی روڈ کراس کیا اور دعا کے پاس پہنچ گیا
دعا نظریں جھکائے کھڑی تھی

"زندگی یہی کھڑی شرماتی رہو گی میری بھابی سے نہیں ملو گی"
ذایان نے دھیمے لہجے میں کہا

"جی چلیں" دعا نے شرماتے ہوئے کہا

ذایان اس کو اپنے ساتھ روڈ کراس کروا کر لے آیا
"آپ کی بھابی کہاں ہیں"

For more visit (exponovels.com)

دعا نے آئی سکریم پارلر کے قریب پہنچ کر پوچھا

"وہ دیکھوں وہ بیٹھی اندر"

ذایان نے دروازے کے اندر داخل ہوتے ہوئے ایک کونے میں بیٹھی علیزے کی طرف اشارہ کیا جو آئی سکریم کھانے میں مصروف تھی

"وہ لڑکی آپ کی بھابی ہے"

دعا نے بے یقینی سے پوچھا

"آپ مذاق کر رہے ہیں نہ"

دعا نے مسکراتے ہوئے کہا

"نہیں آئی ی ایم سیریس"

ذایان سنجیدہ تھا

"ذایان دیکھیں مزاق بند کریں وہ تو کوئی ی اسکول گرل لگ رہی ہے"

دعا بھی سنجیدہ ہوگ ئی

"ہاں میں اس کو کالج سے تو لایا ہوں"

"ذایان پلیز بہت ہو گیا مزاق بند کریں مجھے گھر بھی واپس جانا ہے مجھے دیر ہو جائے گی" دعا چڑ ہی گ ئی تھی

"زندگی تمھیں یقین کیوں نہیں ہو رہا ہے میری بھابی تم چلو تو سہی میں ملواتا ہوں اس سے"

"نہیں مجھے نہیں ملنا کسی سے آپ میرا وقت ذایعہ کر رہے ہیں میں پاگل تھی جو آپ کی باتوں میں آگ ئی جا رہی ہوں میں"

دعا دروازے سے باہر نکل گ ئی دعا کو غصہ آ گیا تھا

ذایان کی تو جان ہی نکل گ ئی تھی

"نہیں نہیں پلیز دعا اندر چلو میں مزاق نہیں کر رہا سچ میں وہ میری بھابی ہے پلیز پلیز دعا ایک بار میری بات مان لو"

ذایان نے التجا کی

"آپ کسی بھی کالج گرل کو لا کر کہیں گے کہ وہ آپ کی بھابی ہے اور میں مان لوں گی آپ نے مجھے اتنا بے وقوف سمجھا ہوا ہے میں......."

"یہاں کیا ہو رہا ہے"

دعا آگے بھی کچھ بولتی کہ کسی نے آکر ان کی باتوں میں ٹانگ اڑائی ی

ذایان کی نظر سامنے کھڑے شخص پر بڑی تو صدمے سے کچھ قدم پیچھے ہوا کہی تھپڑ ہی نہ پڑ جائے

دعا بھی سامنے کھڑے شخص کو دیکھ رہی تھی جو کچھ کچھ ذایان سے مشابہت رکھتا تھا پھر اس نے ذایان کو دیکھا جس کی آنکھوں میں حیرانگی اور ڈر کے ملے چلے تاثرات تھے

"بھا بھائی ی آپ" ذایان نے گھبراتے ہوئے کہا

ذایان کی زبان سے لفظ بھائی ی سن کر دعا سمجھ گ ئی کہ وہ ذایان کا بڑا بھائی ی ہے

"ہاں میں تمھیں کیا لگتا ہے تم اور تمھاری وہ چھوٹی سی بھابی مجھے کچھ بتاؤ گے نہیں تو مجھے کچھ پتا نہیں چلے گا"

سعد نے دعا اور ذایان کی باتیں سن لیں تھیں اس لیے اپنے آپ سے اس نے علیزے کو بھابی کہا

دعا سمجھ گ ئی ذایان سچ کہہ رہا تھا

"وہ وہ بھائی ی ہم تو بس"

ذایان نے اتنا ہی کہا تھا کہ سعد نے اس کی بات کاٹ دی

"بس باقی باتیں اندر چل کر ہو نگی چلو اب اندر دعا آپ بھی اندر چلیں گھبر ائی یں نہیں میر ابھائی ی شر ارتی ضرور ہے لیکن آپ سے بے لوث محبت کر تا ہے"

سعد نے ذایان کا کیس مضبوط کر نا چاہا

دعا خاموشی سے ان کے ساتھ اندر چلی گ ئی

"گڑیا"

علیزے جو آئی سکریم کھانے میں مصروف تھی ذایان کی آواز پر نظر اٹھا کر دیکھا

"یہ ہے دعا"

ذایان نے برابر میں دعا کی طرف اشارہ کیا

"اَلسَلامُ عَلَیکُم دعا آپی"

علیزے نے مسکراتے ہوئے ہاتھ ملایا

"وَعَلَیکُم السَّلَام"

دعا نے مسکراتے ہوئے باربی ڈول جیسی دیکھتی علیزے سے ہاتھ ملایا

”آئی یں آپی بیٹھیں“

علیزے نے دعا کو اپنے ساتھ والی کرسی پر بیٹھنے کی آفر کی

دعا مسکراتے ہوئے بیٹھ گ ئی

جب اس کی نظر سامنے سے آتے سعد پر پڑی سعد کی کوئی ی کال آگ ئی تھی وہ بات کرنے روک گیا تھا

سعد کو دیکھ کر علیزے کی آنکھیں باہر آگ ئی یں اوپر کا

اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا

”ذایان بھائی ی یہ یہاں کیا کر رہے ہیں“

علیزے نے سکتے کی حالت میں پوچھا

”ہیلو مائے سویٹ وائی ف“

سعد نے علیزے کا کھلا منہ بند کرتے ہوئے کہا

”چلو بیٹھو ایسے کیا کھڑی ہو“

سعد علیزے کو بیٹھنے کا کہہ کر خود بھی ذایان کے ساتھ بیٹھ گیا

علیزے دعا کو ڈری ڈری لگی علیزے کو سعد کا کل والا غصہ یاد آگیا تھا

علیزے نظریں نیچے کرے اپنی آئی سکریم پر جھک گ ئی تھی اپناڈر چھپانے کی کوشش کر رہی تھی

"چلو ذایان آئی سکریم منگوائو"

"تم یہ مجھے دو"

سعد ذایان کو حکم دے کر علیزے کی آئی سکریم چھین چکا تھا

"میری آئی سکریم"

علیزے کا ڈر غائب ہوا تھا

"دو بائٹ کی آئی سکریم تھی لے کر بیٹھی تھیں تم دیکھوں میں نے صاف کر دی"

سعد نے خالی کپ علیزے کو دیکھایا

"آپ کا بس نہ چلیں آپ مجھے بھی کھا جائیں"علیزے نے چڑ کر کہا

"کھا ہی جاؤں گا کسی دن تمھیں بہت میٹھی ہو تم"

سعد نے معنی خیزی سے کہا

علیزے کو کوئی جواب نہیں ملا تو منہ پھلا کر بیٹھ گ ئی

For more visit (exponovels.com)

دعا کو ان دونوں کی نوک جھوک اچھی لگ رہی تھی

ذایان مسکراتی دعا کو مبہوس سا دیکھ رہا تھا

دعا کو اپنے چہرے پر ذایان کی نظروں کی تپش کا احساس ہوا تو وہ شرما کر نیچی نظریں کر کے اپنے گود میں رکھے ہاتھوں کو دیکھنے لگی

ذایان نے آئی سکریم کا آرڈر دیا

سعد کو دعا کا انٹرویوں لینا یاد آ گیا

